اسلامی وظائف

کا انسائیکلوپیڈیا

باب فضائل و برکات

باب الزیارت

باب الحاجات

باب ترقی رزق

باب القرض

باب الدفع شر دشمن

باب الاستخارہ

باب الامراض

باب الجن و آسیب

باب الخیر و برکت

باب صالحہ رشتہ

جادو کا علاج

مجرب اعمال

مرتب

سید ذیشان نظامی

بک کارنر شوروم بالمقابل اقبال لائبریری، بک سٹریٹ جہلم پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

اشاعت	:	جولائی ۲۰۱۰ء
نام کتاب	:	اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا
مرتب	:	سیّد ذیشان نظامی
پروف ریڈنگ	:	فضل حق
اہتمام	:	شاہد حمید
معاونین	:	گگن شاہد۔ امر شاہد
سرورق	:	ابو امامہ
ناشر	:	بک کارنر شوروم، جہلم

استدعا: اللہ ربّ العزت کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد بندی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔ بشر ہونے کے ناطے اگر سہواً غلطی رہ گئی ہو یا صفحات درست نہ ہوں تو براہِ کرم مطلع فرما دیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں درستگی کی جا سکے۔ جزاك الله خيراً كثيراً۔ ناشر

ناشران

بک کارنر شوروم
بالمقابل اقبال لائبریری بک سٹریٹ جہلم پاکستان
Ph: +92 (544) 614977 - www.bookcorner.com.pk
Mob: 0323-5777931 - Mob: 0321-5440882

اِسلامی وظائف

کا اِنسائیکلوپیڈیا

مرتب

سیّد ذیشان نظامی

بک کارنر شوروم بالمقابل اقبال لائبریری، بک سٹریٹ جہلم پاکستان

ردِّ مرزائیت پر دلائل سے بھرپور مشہور و معروف
علمائے کرام کے افادات پر مبنی ایک تحقیقی کتاب

قادیانیت ایک فتنہ

شانِ رسالت ﷺ کی عظمت اور مقبولیت سے خوفزدہ ہو کر اسلام دشمن عناصر نے ہر دور میں فتنے کھڑے کیے!

- مرزا غلام احمد اور قادیانیت کو پہچانیے
- مرزا قادیانی کی کہانی مرزائیوں کی زبانی
- قادیانی کیوں مسلمان نہیں؟
- مسلمانوں کے مرزائیت سے نفرت کے اسباب اور مرزا قادیانی کے متضاد اقوال
- قادیانیوں سے چند سوالات
- قادیانی پیشگوئیوں کا انجام
- علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ اور قادیانی
- مسلمانوں اور قادیانیوں کے قبرستان پر سائنسی رپورٹ

بک کارنر کے بانی و ناشر "شاہد حمید" کی برسوں کی محنت

ناشران
بک کارنر شوروم
بالمقابل اقبال لائبریری
بک سٹریٹ جہلم پاکستان

انتساب

محترمہ سیّدہ صوفیہ بخاری کے نام

اوران تمام خیر خواہوں کے نام جنہوں نے اس روحانی کام کی ضرورت سمجھ کراس پر کتاب لکھنے کی دعوت دی۔ اوران کی دُعاؤں کی برکت سے یہ کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ان میں سے بعض حضرات اس دُنیا سے تشریف لے جاچکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبروں کومنور فرمائے اوران کی فیوض وبرکات سے ہمیں مستفیذ فرمائے۔آمین !!

سیّد ذیشان نظامی

اگر آپ قارئین کو کتاب ہذا ﴿اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا﴾ میں سے کوئی وظیفہ سمجھ میں نہ آئے یا کرنے میں دشواری ہو یا اجازت کی ضرورت ہو، نیز اپنے مسائل کے حل کیلئے مثلاً روحانی علاج کے لئے ، زائچہ بنوانے کے لئے ،نفسیاتی مسائل کے حل کے لئے ، بندش کا علاج، جادو کا علاج، نیز اسمائے الٰہی اور آیات قرآنی کے وظائف، بیٹے اور بیٹی کے رشتے کیلئے وظائف اور اپنے نام کے اعداد کے مطابق وظیفہ، برج کے مطابق نگینہ، ستارے کے مطابق لوح، ولوح قرآنی، اور استخارہ کیلئے رابطہ کریں۔

رابطہ کیلئے مندرجہ ذیل پتہ پر خط وکتابت اور ٹیلی فون بھی کیا جاسکتا ہے۔

سیّد ذیشان نظامی عفی عنہ
نزد انکم ٹیکس آفس
نظامی ہاؤس سول لائن جہلم
0300-5421086
0544-623643

فہرس

باب الزیارت

باب الحاجات

باب المناجات

باب ترقی رزق

﴿باب القرض﴾

باب ختم خواجگان

باب التسخیر

باب الدفع شرِ دشمن

باب الاستخارہ

باب الامراض

باب الجن وآسیب

باب المفرور

باب الخیر و برکت

باب صالحہ رشتہ

لڑکیوں اور لڑکیوں کے نیک رشتوں کیلئے وظائف

جادو کا علاج

مجرب اعمال

اللہ نور السمٰوٰت والارض

دیباچہ

دین اسلام ہدایت ہے اور قرآن حکیم و سنت مطہرہ کی پاکیزہ تعلیمات پر مشتمل قرآن حکیم تمام آسمانی کتب سے مقدس اور جامع کتاب ہے اور آنجناب رسالت مآب سید الاولین والآخرین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کی ذات والا صفات پروردگار عالم عزاسمہٗ وجل قدرہٗ کے جامع کمالات کی مظہر ہے۔

چنانچہ آخری پیغمبر ہدایت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ رب العزت عزاسمہٗ وجل قدرہٗ نے دنیائے انسانیت کو دین اسلام کی ابدی اور لازوال نعمت سے شاد کام فرمایا اور آپ کے توسل سے اپنی نعمت دنیاوی واُخروی کا اتمام فرما دیا۔

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم دنیائے انسانیت کے جسمانی اور روحانی معالج بھی تھے۔ پروردگارِ عالم نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کو اکملیت اور جامعیت کے شرف سے نوازا تھا۔

مختصر یہ کہ قرآن حکیم اور سنتِ نبویہ علیٰ صاحبھا الصلوٰۃ والتحیۃ الیٰ یوم الدین آمین!! کے عین مطابق دعا کے ساتھ ساتھ دواء اور دواء کے ساتھ ساتھ دُعا کے ہر دو قسم کے معالجات پائے جاتے ہیں۔

یعنی وظائف اور دعاؤں کے ساتھ ساتھ جڑی بوٹیوں کے معالجات بھی اپنی اہمیت کے لحاظ سے کچھ کم نہیں ہیں۔

چنانچہ ان نظائر کے پیش نظر صدرِ اوّل میں حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین الیٰ یوم الدین!! کے ہاں ان روحانی ادعیہ ماثورہ اور مادی ادویہ کا بیش از بیش چرچا علماً وعملاً پایا جاتا تھا۔

چنانچہ اگر آپ قرآن حکیم کے ساتھ ساتھ کتبِ صحاح ستہ ملاحظہ کیجئے گا تو قرآنی وحدیثی آثار کا ایک بیش قیمت، ضخیم اور نہایت عمدہ و نفیس مجربات پر مبنیٰ مجموعہ آپ کو نظر آئے گا، کہ جو روحانی اور جسمانی معالجات کے لئے صدرِ اول ہی سے چلا آتا ہے۔

آپ ذرا روحانی معالجات کی تاریخ پر نگاہ کیجئے گا۔ تو آپ کو حیرت ہو گی کہ روحانی معالجات سے متعلق صدیوں در صدیوں سے مختلف

انواع کی ضخیم و مختصر کتب مرتب ہوتی چلی آئی ہیں اور بڑے بڑے مشاہیر حضرات آئمہ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے بھی بالخصوص اس موضوع پر خامہ فرسائی فرمائی ہے۔

اس سلسلے میں بڑے بڑے حضرات آئمہ محدثین وفقہاء عظام رحمۃ اللہ علیہ اور علماء اکرام نے بھی خامہ فرسائی کی ہے۔ چنانچہ مشہور محدث امام ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتب ﴿شمائل ترمذی﴾ وغیرہ اس کی معتبر دلیل ہے۔

نیز مشہور محدث حضرت امام ابن قیم جوزی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مشہور زمانہ تالیف ﴿زادالمعادفی هدی خیر العباد﴾ جو چار ضخیم مجلّات پر مشتمل ہے اس موضوع پر نہایت ہی شہرہ آفاق اہمیت کی حامل ہے۔

اور پھر آج تک عمدہ اور بیش قیمت کتب ترتیب دی جارہی ہیں۔ جیسے ہمارے عزیز دوست مولانا سیّد ذیشان نظامی عفی عنہ کہ جو اس موضوع کے ساتھ نہایت ہی مناسبت اور شغف و مہارت رکھتے ہیں اور تصوف وسلوک کے حوالے سے جانے اور پہچانے جاتے ہیں اور آپ نے روحانی وظائف و معالجات پر نہایت ہی عمدہ اور مجرب کتب و رسائل ترتیب دیئے ہیں اور ماشاء اللہ تعالیٰ آپ نے اس موضوع پر نہایت ہی قدیم کتب بھی ذاتی طور پر جمع کررکھی ہیں۔

آپ نے ان دنوں میں ایک نئ کتاب الموسمہ ﴿اِسلامی وظائف کا اِنسائیکلوپیڈیا﴾ ترتیب دی ہے۔ جو درجہ ذیل اہم ابواب و موضوعات پر مشتمل ہے۔

۱۔ باب زیارت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم

۲۔ باب الحاجات

۳۔ باب ترقی رزق

۴۔ باب ختم خواجگان

۵۔ باب الامراض

۶۔ باب التسخیر

۷ باب الدفع شر دشمن

۸ باب آسیب وجن

۹۔ باب جادو کا علاج

۱۰۔ باب المفرور

۱۱۔ باب الاستخارہ

۱۲۔ باب اسم اعظم

۱۳۔ باب صالحہ رشتہ

۱۴۔ دیگر مجربات اعمال وغیرہ

کتاب نہایت ہی عمدہ مواد پر مشتمل ہے اور اس کی ضخامت تقریباً

تین صد صفحات پر مشتمل ہے اور کمپوزنگ بھی نہایت عمدہ اور نفیس طور پر کی گئی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ شائقین کتاب ہذا ﴿اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا﴾ کی خریداری کی جانب جلد از جلد متوجہ ہوں گے۔

ہماری دعا ہے کہ پروردگار عالم عزاسمہ، حضرت مولانا سیّد ذیشان نظامی کی اس انتھک محنت وکاوش کو قبولیت سے نوازے اور ذخیرہ عاقبت بنائے۔ اور پڑھنے والوں کو بھی آپ کی موجودہ کتاب سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!!!

فقط والسلام

راجہ طارق محمود نعمانی

(مصنف ''سوانح حیات حضرت شمس تبریز رحمۃ اللہ علیہ'')

کتاب پڑھنے والوں کیلئے

ضروری ہدایات

کتاب ﴿اِسلامی وظائف کا اِنسائیکلوپیڈیا﴾ کے تمام وظائف روحانی ہیں اور ان سے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے لاتعداد لوگ فیض یاب ہوچکے ہیں۔ اس لئے اس کتاب سے فیض یاب ہونے کے لئے مندرجہ ذیل امور پر عمل درآمد کریں۔ پہلے تو اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور صوم وصلوٰۃ کی پابندی کریں۔ جھوٹ وغیبت سے اجتناب کریں۔ غیر شرعی اور غیر ضروری کاموں سے مکمل پرہیز کریں۔ پھر اس کتاب کے وظائف کو استعمال میں لائیں۔

وظیفہ کرنے کا طریقہ:

وظیفہ کرنے سے پہلے دو رکعت نماز حاجت پڑھیں۔ پھر رخ قبلہ کی طرف کر کے اوّل وآخر درود شریف اور وظیفے کو مذکورہ تعداد میں

پڑھیں۔ پڑھتے وقت اپنے مقصد کو خوب ذہن میں رکھیں۔ وظیفے کو دنوں کے حساب اور تعداد کے مطابق پڑھیں۔ وظیفہ کرتے وقت الفاظ کے اعراب کا مکمل طور پر دھیان رکھیں۔ بعد میں اپنے مقصد کی کامیابی کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی اور انکساری کے ساتھ دعا کریں۔

اگر کوئی وظیفہ سمجھ میں نہ آئے یا اجازت کی ضرورت ہو تو مصنف سے رابطہ کریں۔

﴿باب فضائل و برکات﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

برکت حاصل کرنے کا وظیفہ

جس کام کو بسم اللہ سے شروع نہ کیا جائے تو وہ کام نامکمل ہوتا ہے۔ لہٰذا کسی کام کے آغاز میں اگر ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ پڑھ لی جائے تو اس میں اللہ برکت دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر بُرائی کو دُور کرنے کا وظیفہ

معوذتین کا صبح و شام تین تین بار پڑھنا ہر آنے والی بُرائی کو دفع کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر حاجت پورا ہونے کا وظیفہ

کثرت سے ﴿استغفار﴾ پڑھنے سے انسان کی ہر حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

آسیب کو دور کرنے کا وظیفہ

پوری سورۂ جن آسیب زدہ پر ایک دفعہ پڑھ کر دَم کی جائے یا لکھ کر بازو پر باندھ دی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جاتا رہے گا۔ دفع آسیب کے لئے سورۃ بقرہ تین بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ایک مجرب وظیفہ

اگر کوئی شخص عرصہ سے لاپتہ ہو اس کی حیات و موت کی خبر نہ ہو اس کی گمشدگی سے عزیز و اقارب، دوست احباب پریشان ہوں تو ذیل کا وظیفہ نہایت مفید اور مجرب ثابت ہوا ہے یہ وظیفہ اکیس یوم کا ہے۔ خدا

چاہے تو اس عرصہ میں کوئی صورت اور تسکین کی خبر مل جائے گی ورنہ کسی نہ کسی ذریعہ سے کوئی فیصلے والی بات معلوم ہو جائے گی۔

ترکیب یہ ہے کہ جس تاریخ کو یہ شخص گم ہوا ہے اس تاریخ کے عدد اور گمشدہ کے نام کے عدد دونوں کو جمع کر کے جو تعداد ہو اس تعداد کے برابر ذیل کی آیت روزانہ سورج نکلنے سے قبل پڑھو۔ اگر گم ہونے کی صحیح تاریخ مقرر نہیں یا یاد نہیں تو صرف اس کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھو اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھو اس وظیفہ میں دو یا تین باتیں ضروری ہیں اوّل تو جو تعداد پڑھنی ہے وہ سورج نکلنے سے پہلے ختم کرے دوسری اہم بات یہ ہے کہ وظیفہ سایہ میں بیٹھ کر نہ پڑھا جائے بلکہ آسمان کے نیچے ٹہلتے ہوئے پڑھا جائے پڑھنے والا بیٹھے نہیں نہ کھڑا ہو بلکہ ٹہلتا رہے اس کی ضرورت نہیں کہ لمبے میدان میں پڑھتا ہوا چلا جائے بلکہ ٹہلتا جائے اور پڑھتا رہے۔ خدا چاہے تو اکیس یوم کے اندر گم شدہ کی کوئی خبر صحیح مل جائے گی وظیفہ یہ ہے۔

اِنِّی لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَا اَنْ تُفَنِّدُوْنَ ○

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿کسی پوشیدہ کام کو دیکھنے کا وظیفہ﴾

جو شخص کسی پوشیدہ امر کو دیکھنا چاہے تو وہ نماز عشاء کے فرض وسنت اور وتر پڑھ کر چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۱۴ مرتبہ ﴿اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ﴾ پڑھے، پھر بستر پر لیٹ کر یہ کلمات کہے۔

﴿اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فَلَانًا عَلٰی حَالَۃِ الَّتِیْ ھُوَ عَلَیْھَا﴾

﴿فلانًا کی جگہ نام لیں یا تصور رکھیں۔ کام نہ ہونے تک وظیفہ جاری رکھیں﴾۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿فتوحات وبرکات کیلئے وظیفہ﴾

حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے فتوح وبرکت حاصل نہیں ہوئی مگران اوراد سے وہ یہ ہیں کہ

☆ جمعتہ المبارک کے دن ایک ہزار بار ﴿یا اَللّٰہُ﴾ پڑھا جائے۔

☆ ہفتہ کے دن ایک ہزار بار ﴿لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ﴾ پڑھا جائے۔

☆ اتوار کے دن ایک ہزار بار ﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ﴾ پڑھا جائے۔

☆ پیر کے دن ایک ہزار بار ﴿درود شریف﴾ پڑھا جائے۔

☆ منگل کے دن ایک ہزار بار ﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ﴾ پڑھا جائے۔

☆ بدھ کے دن ایک ہزار بار ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ﴾ پڑھا جائے۔

☆ جمعرات کے دن ایک ہزار بار ﴿سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ﴾ پڑھا جائے۔

ان اعمال کو پڑھنے سے ہر قسم کی فتوحات و برکات حاصل ہوں گی۔ مجرب وظائف ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وظیفہ برائے دفع شر شیطان

دفع شر شیطان کیلئے اس وظیفے کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ کثرت سے اس کا وظیفہ کیا جائے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

الْعَظِیْمِ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اولاد ہونے کا وظیفہ

جس کو اولاد سے مایوسی ہوگئی ہو تو وہ ذیل کی آیت بکثرت پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو فرزند صالح عطا فرمائے گا

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ○

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

گمشدہ شے مل جانے کا وظیفہ

اگر اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھ کر گمشدہ چیز

تلاش کی جائے تو ضرور مل جائے گی۔ ورنہ غیب سے کوئی عمدہ چیز اس کو ضرور ملے گی۔

حصول جاہ ومنزلت کا وظیفہ

جو شخص بسم اللہ کو ۷۸۶ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے گا۔ تو لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت وعزت پیدا ہوگی۔ بالکل مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وظیفہ برائے ہر دُعا

ہر دعا کے پورا ہونے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی وظیفہ نہیں لہٰذا اس وظیفے کا ذکر علیحدگی میں خاموشی کے ساتھ کرنا ہر دعا قبول ہونے کیلئے بے حد مفید ہے۔

يَا اَللّٰهُ يَا سَمِيْعُ

یہ وظیفہ ایک ہزار ایک بار پڑھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دفع غفلت کا وظیفہ

دفع غفلت کیلئے ﴿استغفار﴾ زیادہ کرنا بے حد پُر اثر اور مجرب ہے۔ روزانہ آدمی کو ﴿استغفار کرنا﴾ اپنے اوپر لازم کر لینا چاہئے۔اس پر مداومت کرنے سے عجیب اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہزار حاجت کے واسطے وظیفہ

دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ سورۃ فاتحہ کے بعد اوّل رکعت میں سورۃ الکافرون دس مرتبہ، دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص دس مرتبہ پڑھیں بعد سلام سجدہ میں جا کر دس بار درود شریف پڑھیں اور دس مرتبہ سوئم کلمہ تجید پڑھیں اور دس مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

﴿رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ O﴾

پھر اپنی حاجت کے لئے دُعا کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اللہ تعالیٰ تمام کاموں میں کفیل ہو

چار سو پچاس مرتبہ ﴿حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْر ط﴾ روز پڑھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مطلوب کو راضی کرنے کیلئے وظیفہ

آدھی رات کو وضو کر کے چھ رکعتیں پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ﴿حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ﴾ چار سو پچاس دفعہ پڑھیں پھر سلام پھیر کر بیٹھیں اور تصور کریں کہ مطلوب آ رہا ہے اس سے فارغ ہونے کے بعد یہ آیتیں سات دفعہ پڑھیں۔

﴿یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ط

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ

جَمِیْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ

وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ

عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ○ وَاَلْقَیْتُ

عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَ لِتُصْنَعَ

عَلٰی عَیْنِیْ ط ﴾

پھر ﴿حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل﴾ چارسو پچاس مرتبہ پڑھیں تین دن تک وظیفہ کریں۔

﴿اللہ تعالیٰ کی ناراضگی دور کرنے کا وظیفہ﴾

حق تعالیٰ کے غضب کو دُور کرنے کیلئے کلمہ طیبہ ﴿لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ﴾ کے ذکر سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں یہ کلمہ کفر کی ظلمتوں اور شرک کی کدورتوں کو دفع کرنے کا ایک زبردست آلہ ہے۔

نظر بد دور کرنے کا وظیفہ

دفع نظر بد کے لئے ﴿سورۃ الفاتحہ﴾ دس مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بے حد مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مفرور کی واپسی کا وظیفہ

واپسی مفرور کیلئے سورۃ یٰسین کو مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ تک باوضو سات بار پڑھ کر قفل پر دَم کر دیں۔ پھر مفرور کا نام لے کر بند کر کے دریا میں ڈال دیں مفرور سر گرداں ہو کر واپس آئے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حصولِ اولاد کے لئے وظیفہ

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اس کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد ذیل کی آیت تین مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی صاحب اولاد ہو جائے گا۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِی فَرْدًا وَّاَنْتَ

خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ. (سورۃ الانبیاء، آیت 89)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حفاظتِ حمل کا وظیفہ

ذیل کی آیت پڑھ کر پیٹ پر دَم کرنا یا لکھ کر پینا حمل کیلیے مفید ہے

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ اِنَّ

زَلْزَلَۃَ السَّاعَۃِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ.

(سورۃ الحج، آیت 1)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مالدار بننے کا وظیفہ

بارہا تجربہ کیا گیا ہے کہ ان کلماتِ ذیل کو باوضو قبلہ رو ہو کر وقت

کے اندر روزانہ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ پڑھنا

انسان کو بہت جلد مالدار بنا دیتا ہے۔ واضح رہے کہ ان کلمات کے اوّل

وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی درود شریف جو یاد ہو پڑھ لینا چاہیے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهِ.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رزق میں اضافے کیلئے وظیفہ

جو شخص بکثرت ﴿استغفار﴾ پڑھے گا یعنی اپنے اوپر لازم کر لے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی تنگی کو آسانی سے اور اس کے غم کو خوشی سے بدل دے گا اور اس جگہ سے اس کو رزق پہنچائے گا جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دیوانگی دُور کرنے کا وظیفہ

دیوانگی کو رفع کرنے کیلئے متواتر تین دن صبح وشام سورۃ الفاتحہ یعنی

الحمد شریف کثرت سے پڑھ کر دیوانے پر دم کرے انشاء اللہ دیوانگی رفع ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جنات کو دُور کرنے کا وظیفہ

جب جنات و بھوت وغیرہ ظاہر ہوں یا نظر آئیں تو اذان بلند آواز سے کہنی چاہئے۔ اللہ کے فضل سے جنات بھوت دفع ہو جائیں گے۔ بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ جب جنات ظاہر ہوں تو ان کے دفعیہ کے لئے بلند آواز سے آیت الکرسی پڑھنی چاہئے۔ یہ دونوں وظیفے مجرب ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بلا و مصیبت دُور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی کو کسی طرف سے بلا یا خوفناک مصیبت کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہئے کہ کلمات ذیل بکثرت پڑھے۔ انشاء اللہ جو کچھ بلا و مصیبت ہو گی ٹل جائے گی۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط
عَلَى اللّٰہِ تَوَكَّلْنَا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اللہ تعالیٰ کے قرب کیلئے وظیفہ

دو رکعت نماز بہ نیت قرب الٰہی ادا کرے جب لوگ سو جائیں اوّل رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ چار سو پچاس مرتبہ پڑھے اسی طرح دوسری رکعت میں بھی اکسیر ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بلند درجہ کیلئے وظیفہ

سات دن روزے رکھے اور ہر نماز کے بعد ایک ہزار دفعہ یہ اسماء پڑھیں۔

اگر تین ہفتے کر لیا جائے تو اور بھی اچھا ہے۔

يَا هَادِىُّ يَا خَبِيْرُ يَا مَتِيْنُ يَا عَلَّامُ الْغُيُوْبُ.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بیماریوں سے شفاء کیلئے وظیفہ

ہر روز تین ہزار ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل﴾ اکتالیس دن دفعہ پڑھیں دُعا پوری ہوگی اسرار ظاہر ہوں گے فہم وادراک میں اضافہ پیدا ہوگا جس کو نظر قہر سے دیکھے گا وہ ہلاک ہوگا اور نظر رحمت سے دیکھے گا تو نیک بن جائے گا۔ جزامیوں برص والوں مفلوجوں کو صحت کی نظر سے (دم کرے گا) دیکھے گا تو تندرست ہو جائیں گے۔

اعمال مقبول بنانے کا وظیفہ

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ اس کے اعمال مقبول ہوں اس کے لئے ضروری ہے کہ کثرت سے یہ آیت پڑھا کرے۔

﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿غائب کے حاضر کرنے کا وظیفہ﴾

اگر کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کو واپس بلانے کی خواہش ہو تو اسی نیت سے فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان روزانہ سورۃ الفاتحہ اکتالیس بار پڑھنی چاہیے انشاءاللہ وہ غائب حاضر ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ہر بلا سے نجات حاصل کرنے کا وظیفہ﴾

حضرت نوح علیہ السلام جب کشتی پر سوار ہوئے تو خوف غرق سے ہراساں تھے چنانچہ غرقابیت سے نجات حاصل کرنے کیلئے آپ نے ﴿بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا﴾ پڑھا ان کی کشتی غرق ہونے سے

بچ گئی، پس جب آدھے کلمہ کے پڑھنے سے نجات ہوئی تو جو کوئی سارے کلمہ ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ کو ہر کام کے شروع میں پڑھے گا کیوں نہ اس کو مصائب سے نجات اور کام میں فلاح حاصل ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کثرتِ احتلام دُور کرنے کا وظیفہ

بعض صالحین نے فرمایا ہے جب تو سونے کو بستر پر آئے تو ﴿سورة وَالسَّمَآءِ وَ الطَّارِقِ﴾ یا اسم ﴿يَا حَفِيْظُ﴾ پڑھ کر سو جایا کر تو کثرتِ احتلام جاتا رہے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نیند کی کمی دور کرنے کا وظیفہ

ایک شخص سے کسی عالم نے کہا کہ سوتے وقت یہ آیت پڑھ لیا کرو کہ تجھے جو نیند کم آتی ہے پوری آنے لگے گی۔

﴿ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ دُنیاوآخرت میں قربِ الٰہی کیلئے وظیفہ ﴾

ایک سوساٹھ دن تک ہر روز نو ہزار پانچ سو دفعہ پڑھا کرے اور کسی کو خبر نہ دے بعد ریاضت سب کچھ دیکھ لے گا۔ ﴿ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴾ اگرچہ تعداد زیادہ ہے لیکن بے شمار نفع ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ ادائے قرض کیلئے وظیفہ ﴾

اگر کوئی شخص قرض میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ کلمات ذیل بکثرت پڑھے انشاءاللہ قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دنیا وآخرت کے غم کو دور کرنے کا وظیفہ

جو شخص ہر صبح وشام یہ کلمات سات سات مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو دنیا وآخرت کے غم سے نجات دے گا۔

حَسْبِىَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بچوں کی حفاظت کیلیئے وظیفہ

بچوں کو ہر بلا اور آفت سے محفوظ رکھنے کیلیئے اور نظر بد سے بچانے کیلیئے کلمات ذیل لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ ط

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ننانوے بیماریوں کی دوا

کلمہ ذیل ننانوے بیماریوں کی ایک دوا ہے اور ان میں ایک ادنیٰ بیماری غم ہے۔ کثرت سے اس کا وظیفہ کریں۔ وہ کلمہ یہ ہے۔

﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿آندھی کے نقصان سے بچنے کا وظیفہ﴾

جب آندھی زور سے چلے اور کسی قسم کے نقصان کا خطرہ ہو تو اس وقت معوذتین بار بار پڑھنا چاہیے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿گناہ سے معافی کا وظیفہ﴾

گناہوں کی معافی کے لئے کثرت سے نفل نمازوں کا اہتمام کریں اور قرآن کی تلاوت کریں نیز (یَا تَوَّابُ) اور (اَسْتَغْفَار) کا ہر وقت ورد کریں۔

﴿چہرے یا پشت وغیرہ کے مسّے﴾

نئے مونجھ کی غیر مستعمل رسی لیں مسّے پر مریض انگلی رکھے اور پڑھنے والا ﴿فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ط﴾ پڑھ

کر ایک بار رسی پر گانٹھ لگائے مریض ہر سے پر انگلی رکھے اور پڑھنے والا پڑھ کر، گرہ لگاتا جائے پھر رسی کو لپیٹ کر کسی پاک جگہ دبا دیں دو ہفتے دبی رہے۔ تین چار دن کے بعد مسے خود بخود ختم ہونے شروع ہو جائیں گے۔ مجرب ہے!!

بچوں کے جملہ امراض دور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی بچے کو کالی کھانسی، چیچک، خسرہ، ام الصبیان، نظر بد، مرگی، بخار، اسہال، آسیب یا کوئی بھی مہلک مرض طاعون وغیرہ ہو تو کچے سوت کا سیاہ یا سرخ دھاگہ لیں پھر ﴿سورۃ الم نشرح﴾ پڑھیں ہر کاف پر دَم کر کے گرہ لگائیں پھر بعد ازاں تین مرتبہ یہی سورۃ پڑھ کر دَم کریں اور یہ گنڈا گلے میں باندھ دیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نسیان دور کرنے کیلئے وظیفہ

ہر فرض نماز کے بعد اپنا دایاں ہاتھ سر پر رکھ کے گیارہ بار اس اسماء مبارک کو پڑھیں۔ جو شخص اس وظیفہ پر مداومت رکھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کے بھول جانے کا مرض جاتا رہے گا۔

یَاقَوِیُّ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جسم کے دردوں کو دور کرنے کا وظیفہ

جسم کے جس حصے میں درد ہو وہاں اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر سات بار سورہٗ قدر پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے درد سے نجات ہو گی۔

نیز سورہٗ فاتحہ کو پانی پر اکتالیس بار پڑھ کر صبح نہار منہ استعمال کریں۔ اس عمل کو اکتالیس دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خواص و اعمال سورۃ مُزمل شریف

نوٹ: سورہٗ مزمل شریف قرآن پاک کے انتیسویں ﴿۲۹﴾ پارہ میں ہے۔

محتاجی و مشکل دور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی کو کوئی مشکل درپیش ہو اور وہ اس کی تدبیر نہ جانتا ہو اس کو چاہئے کہ سورۃ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ اگر محتاج ہو گا تو مالدار ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بانجھ عورت کیلئے وظیفہ

اگر گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھ کر سفید شکر پر دم کر کے بانجھ عورت کو کھلائے گا تو خداوند تعالیٰ اس کو فرزند عطا فرمائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دُشمن کی ہلاکت کیلئے وظیفہ

اگر کوئی چاہے کہ اپنے دشمن کو ہلاک کرے تو عید الضحیٰ کے روز غسل کر کے اکیس مرتبہ سورہ مزمل شریف کو دشمن کا تصور کر کے پڑھے اور دشمن کی طرف دَم کرے تو دشمن فوراً ہلاک ہو گا اور گھر اس کا تباہ ہو جائے گا۔ غیر شرعی وظیفہ نہ

کرے۔

ظالم کا قبضہ دور کرنے کا وظیفہ

اگر کوئی شخص کسی ظالم کے قبضہ میں آ جائے اور اس سے چھٹکارا نہ پا سکے تو اس کو چاہیئے کہ بروز جمعہ بعد از نماز عصر انیس مرتبہ سورۃ مزمل شریف کو ظالم کا تصور کر کے پڑھے اور ظالم کی طرف دَم کرے ظالم فوراً ہلاک ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جن کا اثر دُور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی بچے کو بھوت وغیرہ نظر آئے تو سورۃ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر فولادی چاقو پر دَم کرے اور چارپائی کے اوپر رکھ دے۔ فوراً وہ خبیث روح ظاہر ہوگی اور بچہ کو چھوڑ دے گی۔ مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خاوند اور بیوی میں محبت ہونے کا وظیفہ

اگر خاوند اور زوجہ میں محبت نہ ہو تو سورۃ مزمل شریف اکتالیس

مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دَم کرے۔ اگر عورت مرد سے مخالفت کرے تو عورت کو دیں اور اگر مرد مخالفت کرے تو مرد کو کھلائیں۔ دلی محبت ہو جائیگی۔ شیرینی کھانے میں استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چوروں کا خطرہ دور کرنے کا وظیفہ

اگر کوئی شخص سفر کو جائے اور چوروں کے ڈر سے نہ جا سکتا ہو تو سورۂ مزمل شریف کو صرف ایک مرتبہ مکمل کر کے اپنی راہ لے سب بلاؤں سے بے خوف ہو جائے گا۔

بیٹی کی شادی کیلئے وظیفہ

اگر کوئی شخص بیٹی کی شادی کرنے سے عاجز ہو تو بروز جمعہ کی نماز ادا کر لینے کے بعد دو رکعت نماز ادا کرے اور قرآن شریف میں جو کچھ یاد ہو پڑھے پھر سلام پھیر کر سورۃ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ پہلے ہی ہفتہ میں رشتے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دشمن کو تابعدار کرنے کا وظیفہ

اگر کوئی شخص سخت دشمن سے عاجز آ گیا ہو تو سورۃ مزمل شریف
سات مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف پھونکے۔ دشمن عاجز ہو جائے گا۔
اور عداوت نہ کرے گا۔ بلکہ تابعدار ہو گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر مراد پوری ہونے کا وظیفہ

اگر چالیس روز تک اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل روزانہ پڑھے تو اس
کی جو مراد ہو گی وہ پوری ہو گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قرض سے رہائی کا وظیفہ

اگر کوئی قرضدار ہو تو اسکو چاہئے کہ چالیس دن سوتے وقت دس
مرتبہ روزانہ سورۃ مزمل شریف پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو قرضہ سے
رہائی دے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تنگدستی دور کرنے کا وظیفہ

اگر کوئی شخص تنگدستی میں مبتلا ہو تو چالیس روز تک صبح کے وقت دس مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھا کرے۔ رزق میں فراخی ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر قسم کے درد کو زائل کرنے کا وظیفہ

اگر کسی شخص کی کمر یا پہلو یا زانو یا بازو میں درد ہو تو سورۃ مزمل شریف لکھ کر دھو کر پیئے اور اس پانی کو درد کے اعضاء پر لگائے درد سے نجات حاصل ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اولاد کے زندہ رہنے کا وظیفہ

اگر کسی شخص کی اولاد بڑی نہ ہوتی ہو تو سات مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھ کر دودھ پر دَم کرے اور اس بچہ کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

عمر میں زیادتی ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دشمن کی بربادی کیلئے وظیفہ

اگر کسی کو اس کا دشمن تکلیف دیتا ہو تو اکیس روز چالیس مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھ کر فولادی چاقو پر دم کرے اور چاقو زمین میں دفن کردے۔ دشمن مصیبت اور تکلیف میں مبتلا ہوگا۔ ناجائز نہ کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

فراخی رزق کیلئے وظیفہ

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی، اور ﴿وَ مَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ﴾ سے لے کر ﴿شَیْءٍ قَدْرًا﴾ تک پارہ ۲۸ اکتالیس مرتبہ پڑھے، اور سورۃ فاتحہ ایک بار سورۃ اخلاص تین بار دُرود شریف تین بار پڑھ کر اللہ کے حضور دُعا کرے۔ انشاء اللہ ہر کام میں آسانی پیدا ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿حصول ملازمت کے لئے وظیفہ﴾

تہجد کے وقت دو رکعت نفل پڑھیں اوّل رکعت میں سات مرتبہ الحمد شریف کے بعد ایک بار ﴿سورۃ الکافرون﴾ پڑھے اور دوسری رکعت میں سات مرتبہ الحمد شریف کے بعد ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جا کر ۱۵ مرتبہ سوئم کلمہ پڑھے پھر دُعا کرے کام نہ ملنے تک وظیفہ جاری رکھے۔ وظیفہ مجرب ہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿شوہر کی واپسی کے لئے وظیفہ﴾

جس عورت کا شوہر کہیں جا کر واپس نہ آئے یا ناراض ہو کر چلا جائے تو عورت ۱۳۰۰ مرتبہ روز ﴿رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ﴾ پڑھے یا چلتی پھرتی کثرت سے پڑھتی رہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿دینی و دنیاوی حاجات و مشکلات کا وظیفہ﴾

اوّل سات مرتبہ الحمد شریف پھر ایک سو بار دُرود شریف پھر

۴۱ مرتبہ سورۃ الم نشرح پھر ایک سو ایک بار قل شریف پھر سات بار الحمد شریف پھر ایک سو ایک مرتبہ درُود شریف پھر ایک سو ایک باریَا قَاضِیُ الْحَاجَاتُ پھر ایک سو ایک باریَا کَافِیُ الْمُہِمَّاتُ پھر ایک سو ایک باریَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتُ پھر ایک سو ایک باریَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتُ پھر ایک سو ایک باریَا دَافِعُ الْبَلِیَّاتُ پھر اسی قدر یَا رَافِعُ الدَّرَجَاتُ پھر اسی قدر یَا شَافِیُ الْاِمْرَاضُ پھر اسی قدر یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن ۔ان سب کو پڑھ لینے کے بعد اللہ کے حضور خوب عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا کریں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی مشکلات حل ہوں گیں۔

ان وظائف کو ایک بار روز کسی بھی وقت پڑھ لیں اور مسلسل کام ہونے یا نہ ہونے تک چار ماہ جاری رکھیں۔ امراض جسمانی وروحانی آسیب وغیرہ کو دفع کرنے کے لئے بھی تیر بہدف وظائف ہیں۔

پریشانیوں سے نجات کیلئے وظیفہ

۱۔ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَ ھُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْم (البقرہ ۱۳۷) ۱۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء اوّل وآخر ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ درُود شریف کے ساتھ پڑھیں تصور کریں کہ میں خانہ کعبہ کے دروازے کے سامنے بیٹھا ہوا ہوں خوشبو جلا کر پڑھیں۔ جب تک کام نہ ہو وظیفہ جاری رکھیں۔

۲۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۱۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ جب تک کام نہ ہو وظیفہ جاری رکھیں۔

۳۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بعد نماز عشاء ۱۰۰ مرتبہ اوّل و آخر ۱۱۔۱۱ مرتبہ دُرود شریف کے ساتھ پڑھیں سجدے میں جا کر دعا کریں ۱۱ دن کا وظیفہ ہے۔

۴۔ آیت کریمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کوئی جگہ مقرر کر کے روزانہ ایک ہی تعداد مقرر کر کے اسی جگہ دن یا رات کو پڑھیں سوا لاکھ ہونے پر وظیفہ بند کر دیں۔ دن میں مقرر تعداد پوری کرنے کے لئے کئی مرتبہ بیٹھا جا سکتا ہے۔

۵۔ آیت کریمہ کو ۱۲۰۰ مرتبہ روز روشنی موقوف کر کے ایک ہی نشست میں ۱۲ دن پڑھیں۔ کام پہلے روز ہو جائے یا چند دنوں بعد ہو تو بھی وظیفہ کو ۱۲ دن پورے کرنا ہے۔

۶۔ اول و آخر سو سو مرتبہ دُرود شریف پڑھیں قرآن مجید کی ہر لائن پر انگلی شہادت پھیرتے جائیں اور (بِسْمِ اللّٰهِ شریف کے) پوری پڑھتے جائیں۔ ختم قرآن پر اپنے مقصد کے لئے دعا کر لیں ۴۰ دن میں ایک قرآن ختم کریں، بستر پر بیٹھ کر پڑھ لیں پھر وہیں بغیر بات کئے سو جائیں کام ہو جائے گا یا اشارہ مل جائے گا۔

وضو ٹوٹ جائے تو بغیر بات کیے کرلیں پھر جہاں سے چھوڑا ہے وہیں سے شروع کریں۔

﴿نوٹ﴾ یہ وظیفہ اُن کے لئے ہے جن کو قرآن زبانی یا دیکھ کر نہ آتا ہوا گر قرآن آتا ہو تو وہ قرآن ہی پڑھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ڈر سے محفوظ رہنے کا وظیفہ﴾

ڈرنے والے شخص کی دونوں آنکھیں ایک ہاتھ سے بند کرلیں اور اس آیت کو طاق اعداد میں پڑھ کر دم کریں ہرگز ڈر نہیں لگے گا۔

وَ جَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

استخارہ بذریعہ خواب

سوتے وقت الحمد شریف کو بسم اللہ شریف کی میم کے ساتھ ملا کر ۹۱ مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دَم کر کے رخسار کے نیچے رکھ کر قبلہ رُخ سو جائیں۔ اس کے بعد بات نہ کریں۔ انشاء اللہ کچھ عرصہ کے بعد باتیں معلوم ہوں گی۔

مشکلات کو دور کرنے کا وظیفہ

اوّل و آخر ۷ مرتبہ دُرود شریف اور الحمد شریف ۴۹ بار اور ہر بار الحمد شریف پڑھتے وقت آیت ﴿اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾ کو ۴۹ مرتبہ پڑھ کر سورت پوری کر دیں۔ اکسیر وظیفہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کالے علم کا اثر زائل کرنے کا وظیفہ

۲۰۰ مرتبہ سورۃ فلق اور ۱۰۰ مرتبہ سورۃ ناس پڑھ کر مریض کو دَم کر دیں۔ اثر زائل ہو جائے گا۔

شادی کرنے کیلئے وظیفہ

شادی نہ ہوتی ہو تو ہر نماز فرض کے بعد ۲۱ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ؕ

(سورۃ الانبیاء، آیت ۸۹)

بچہ خوبصورت پیدا ہونے کا وظیفہ

جب عورت حاملہ ہو جائے تو اس کے پیٹ پر روزانہ ایک مرتبہ سورۃ یوسف کا پہلا رکوع پڑھ کر دَم کرتے رہیں یہ وظیفہ وضع حمل تک جاری رکھیں اگر عورت خود نہ پڑھ سکے تو شوہر پڑھ کر دَم کرے۔ یا پانی پر دَم کر کے استعمال کرے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بھدے چہرہ کو خوبصورت بنانے کا وظیفہ

جن مردوں یا عورتوں کے چہروں پر داغ دھبے کیل مہاسے وغیرہ

نکلتے ہوں یا رخساروں کا رنگ سیاہ پڑھ گیا ہو تو درج ذیل آیت روزانہ پڑھ کر چہرے پر دم کیا کریں بفضلہ تعالیٰ چہرہ چاند کی طرح ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

وَاَمَّا الَّذِیْنَ ابْیَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِیْ رَحْمَةِ اللّٰهِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ.

(سورۃ آلِ عمران، آیت ۱۰۶)

دیگر وظیفہ:

چہرے کی خوبصورتی اور نور حاصل کرنے کے لئے تہجد کے وقت

۳۱۳ مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مجرب استخارہ

یہ استخارہَ پاک نہایت مجرب و معتبر ہے ایسے اہم اُمور جن کا انکشاف مشکل ہے وہ بھی اس استخارہ سے حل ہو جاتے ہیں لیکن بغیر زکوٰۃ کے اس کا لطف نہیں زکوٰۃ کے دوران میں حالات عجیب وغریب منکشف ہوتے ہیں۔ عامل کو چاہئے کہ اپنے سینے کو فراخ کرے اور کسی سے ان عجائبات کا ذکر نہ کرے۔ اگر کسی پر اُمورِ غیب کا اظہار کرے گا تو وظیفہ کا فیض بھی بند ہو جائے گا۔ الٹا نقصان ہوگا اور اگر کوئی امر غیبی معلوم ہو تو اس کو اپنے سینے کے اندر پوشیدہ رکھے۔

اگر عامل اپنے سینہ کو فراخ کرے گا تو اُمور سربستہ کا انکشاف ہوتا رہے گا۔ اگر دوسرے شخص کے سوال کا جواب دینا ہے تو جو جواب غیب سے معلوم ہو وہ جواب ضرور دیدے۔ اگر عجائبات معلوم ہوں تو اس کا ذکر کسی سے نہ کرے زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ اس نقش پاک کو سفید کاغذ پر زعفران سے باوضو قبلہ رو ہو کر ایک ہزار نو سو اکتیس مرتبہ لکھے اور گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں اس کی تعداد کوئی مقرر نہیں کہ کتنے ایام میں ختم کرے نہ اس کی قید ہے کہ روزانہ جو لکھا کرے دریا میں ڈال دیا کرے بلکہ روزانہ ایک تعداد مقرر کر کے جتنے ایام میں ہو سکے ختم کرے اور جب موقع ملے دریا میں ڈال دے لیکن لکھے ہوئے

تمام نقوش کو حفاظت اور پاکیزگی سے رکھے جب زکوۃ ادا کر چکے تو جس کا حال معلوم کرنا ہو تو یہی نقش چودہ عدد لکھیں تیرہ نقش کسی محفوظ جگہ پر رکھیں چودھواں نقش اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے انشاء اللہ تمام حال معلوم ہوگا اگر پہلی رات معلوم نہ ہو تو اس نقش کو دوسرے دن سرہانے رکھے اور بضرورت تیسرے روز بھی انشاء اللہ تعالیٰ تمام حال معلوم ہوگا۔ جب جواب مل جائے تو اس کو ۱۳ نقشوں کے ساتھ گولیاں بنا کے دریا میں ڈال دیا کرے گولیوں پر آٹا لپیٹ دیا کریں۔ دریا سے مراد ایسا پانی ہے جس میں مچھلیاں ہوں۔ کوئی پرہیز اس عمل میں نہیں زکوۃ باوضو ادا کیا کرے اور جب کوئی حال معلوم کرنا ہو تو پاک بستر پر باوضو سویا کریں۔ زکوۃ شروع کرنے کے لئے اور عمل شروع کرنے کے لئے اور استخارہ دیکھنے کیلئے کوئی دن تاریخ یا مہینہ مقرر نہیں جب چاہے شروع کرے۔ نقش کے نیچے اپنا مقصد لکھے۔

۷۸۶

۶۴۴	۶۳۹	۶۴۶
۶۴۵	۶۴۳	۶۴۱
۶۴۰	۶۴۷	۶۴۲

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

عمل حدیث

جو شخص غم والم میں گرفتار ہو یا کسی دشمن سے خطرہ ہو یا کسی مصیبت میں گرفتار ہو جیسے قرض یا بے روزگاری وغیرہ ہو تو بطریق درُود شریف پانچ پانچ بار روزانہ اور پچاس مرتبہ سورہٗ اخلاص کو پڑھا کرے کسی نماز کے بعد کا وقت مقرر کر لے اللہ تعالیٰ غیب سے ایسے سامان پیدا کرے گا کہ مصیبت کے دن راحت اور خوشی سے بدل جائیں گے۔ اس وظیفہ پاک میں کسی قانون اور کسی خاص طریق کی ضرورت نہیں۔ پچاس مرتبہ کی تعداد حدیث شریف میں آئی ہے۔ اوّل آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔ سورہٗ اخلاص ایسی معظم و محترم سورۃ ہے کہ تین مرتبہ پڑھنے سے ختم قرآن پاک کا ثواب ملتا ہے۔ یہ عمل پاک جعفر یا رمل یا نجوم کا نہیں نہ کوئی نقش یا منتر یا سحر اور جادو ہے بلکہ اس محترم قرآن پاک کا ہے جو پہاڑوں کو ریزہ ریزہ کرتا ہے۔ اس کا ورد کرنے والا خود اس کے اثرات اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہے۔

سورۃ مبارکہ یہ ہے:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باب الزیارت

زیارتِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کی زیارت پاک کے لئے اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کی زیارت کرے تو اسے چاہیے کہ وہ حسب الارشاد حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچیس ﴿۲۵﴾ بار سورۂ اخلاص ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد﴾ پڑھے اور سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ یہ وظیفہ روزانہ نماز عشاء کے بعد سونے سے قبل کریں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور خواب میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

زیارتِ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

درود شریف کا ورد رکھنے والے کو اکثر حضور پر نور حبیب رب الغفور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کا جمال جہاں آرا نظر آتا ہے۔ وہ جاگتے اور سوتے ہوئے بھی دیدار پُرانوار سے مشرف ہوتا ہے۔ جو آنحضور سراپا نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کی زیارت سے شرفِ افتخار حاصل کرتا ہے۔ وہ خدا کے نور ظہور کو اپنے دل میں جلوہ گر پاتا ہے اور اس پر ﴿مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ﴾ کا فرمان حبیب الرحمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم بے کم وکاست براہِ راست آتا ہے۔ پس ہر مومن مسلمان کو خصوصیت سے اس دولت زیارت کو حاصل کرنا چاہیے تاکہ آج کل کی تمام خرابیوں سے مجتنب ہو۔ پس چاہیے کہ بعد نماز عشاء کسی پاک صاف کمرے کو دھونی خوشبودار اور عطر وغیرہ سے بسائے کپڑے سفید اور نئے پہنے۔ منہ مدینہ کی طرف کر کے بیٹھے اور ملتجی جمال باکمال حبیب ذوالجلال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کا ہو اور خیال کرے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم سفید لباس پہنے سر پر سبز عمامہ شریف باندھے ہوئے اور چہرہ مثل بدر منیر چمک رہا ہے اور کرسی نور پر جلوہ گر ہیں۔ اس وقت نہایت خشوع و

خضوع سے یہ کلمات مبارک گیارہ بار پڑھے:

﴿اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَیِّدِنَا مُحَمَّدًا حَبِیْبِکَ مُعَائِنًا بِعَیْنِیْ کَمَا جَعَلْتَهٗ مُشَاهِدًا فِیْ قَلْبِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْکَ وَسَلِّمْ ط﴾

پھر اپنی داہنی طرف عرض کرے:

﴿اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰه اَلسَّلَام﴾

پھر بائیں طرف عرض کرے:

﴿اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

﴿یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اَلسَّلَام﴾

کم از کم سو ﴿۱۰۰﴾ بار پے در پے تکرار کرے بعد میں یہ درود شریف پڑھے:

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضَا﴾

جس قدر ہو سکے طاق اعداد میں پڑھے یعنی اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار یا اکیاسی ﴿۸۱﴾ بار یا ایک سو ایک ﴿۱۰۱﴾ بار پڑھے اور جب پڑھ کر سونے لگے تو ایک مرتبہ مع ﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾

﴿سورۃ النصر﴾ پڑھے اور اپنا سر قطب کی طرف کرے اور داہنی کروٹ سے لیٹے اور منہ قبلہ کے جانب کر کے یہ درود وسلام پڑھے:

﴿اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَام﴾

اور اپنی داہنی ہتھیلی پر دم کر کے وہ ہتھیلی اپنے سر کے نیچے رکھے اور سو جائے جمعۃ المبارک کی رات یا دوشنبہ یعنی پیر کی رات یہ ورد عمل میں لائے انشاءاللہ تعالیٰ حضور کی ذات متجمع کمالات سے مشرف ہو جائیگا۔ اور خدا کے نور سے بھی منور ہوگا۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿انبیاء علیہم السلام کے اسمِ اعظم﴾

اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت بابرکت میں اسم اعظم کی تعلیم کے لئے درخواست کی۔

آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

کہ وہ ان دو آیتوں میں ہے:

﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

الْقَیُّوْمُ﴾

﴿الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَیُّ

الْقَیُّوْمُ﴾

چونکہ سارے قرآن میں ان دو ہی مقام پر ﴿اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ﴾ آیا ہے اور اس کا باقی حصہ متعدد جگہ ہے۔ جیسا کہ بیہقی، نسائی، حاکم اور ابن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ جنگ بدر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے سجدہ میں ﴿یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ﴾ پکارا۔

نیز حدیث شریف میں ہے۔

﴿اِنطِوَابِیَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ﴾

جس میں ﴿ذَاالْجَلَالِ﴾ صفات جلال اور ﴿اَلْاِکْرَامِ﴾ صفاتِ جمال پر دلیل ہے اس طرح یہ اسم اعظم صفاتِ جلالی و جمالی کا جامع ہے۔

حضرت نوح علیہ السلام کا اسم اعظم:

﴿ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴾

حضرت یعقوب علیہ السلام کا اسم اعظم:

﴿ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ط عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِیْ بِهِمْ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَالْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ ﴾

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اسم اعظم:

﴿ رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴾

حضرت ایوب علیہ السلام کا اسم اعظم:

﴿ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴾

حضرت یونس علیہ السلام کا اسم اعظم:

﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ﴾

حضرت آدم علیہ السلام کا اسم اعظم:

﴿رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ﴾

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے بخطِ کوفی اسم اعظم کے عربی اسماء یہ ہیں:

﴿حَیٌّ قَیُّوْمٌ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ هُوْ﴾

نیز آپ جب کبھی بڑی مشکل کیلئے دربار باری تعالیٰ میں ہاتھ اٹھایا کرتے تو کہا کرتے:

﴿یَا كٓهٰیٰعٓصٓ، حٰمٓ، عٓسٓقٓ﴾

عرفاء کا اسم اعظم یہ ہے:

﴿اَللّٰھُمَّ یَاھُوْ یَاھُوْ یَامَنْ لَّیْسَ کَھُوَ اِلَّا ھُوْ کُنْ لِّیْ دِرْعًا حَصْنًا حَصِیْنًا مَنِیْعًا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ﴾

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا اسم اعظم:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ.﴾

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے جس میں ایک تاجر کی اس دعا کے متعلق حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اسم اعظم ہونے کا ارشاد فرمایا:

يَاوَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَاذُوالْعَرْشِ
الْمَجِيْدُ يَامُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ
يَافَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ
وَجْهِكَ الَّذِيْ مَلَاَ اَقْطَارِ
اَرْكَانِ عَرْشِكَ وَاَسْئَلُكَ
بِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَّرْتَ بِهَا عَلٰى
جَمِيْعَ خَلْقِكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ
وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا
اَنْتَ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ يَا مُغِيْثُ
اَغِثْنِيْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ

﴿ دُعائے اسمِ اعظم ﴾

دعا کے قبول ہونے کے لئے ان اسماء مبارک کو اوّل آخر درود شریف ﴿۳-۳﴾ بار کے ایک بار اس دعا کو حاجت کے لئے پڑھیں۔

﴿ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِسَطْوَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ وَ ثُبُوْتِ الرَّبُوْبِيَّةِ وَعَظِيْمِ الصِّفَاتِ وَ دَوَامِ الْكَيْنُوْنِيَّةِ وَ عِزِّالْوَحْدَانِيَّةِ وَ هَيْبَةِ الْجَبَرُوْنِيَّةِ وَ قُدُّوْسِ جَلَالِ الْكِبْرِيَآئِيَّةِ اَللّٰھُمَّ اِنَّ السَّمٰوٰتَ وَ مَا فِيْهَا مُلْكُكَ

وَالْاَرْضَ وَ مَا تَحْتَهَآ اَرْضَكَ وَ

مُلْكَكَ وَ مَا بَيْنَهُمَا مُلْكُكَ وَ

اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

قَدِيْرٌ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ ذِى الشَّانِ

الْعَظِيْمِ الْبُرْهَانِ شَدِيْدِ الْبَطْشِ

وَالسُّلْطَانِ قَوِىِّ الْاَرْكَانِ كُلَّ

يَوْمٍ هُوَ فِىْ شَاْنٍ مَاشَآءَ اللّٰهُ

كَانَ وَ مَالَمْ يَشَاْءُ لَمْ يَكُنْ وَّ لَا

حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

الْعَظِيْمُ

عبرانی اسماء عصاء موسیٰ علیہ السلام

نظر بد، جادو و آسیب اور ہر قسم کی بیماری کو زائل کرنے کے لئے ان اسماء مبارک کو سفید کاغذ پر زعفران سے جمعہ مبارک کے دن لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام جملہ امراض میں شفاء ہوگی۔

فَیُوْخٍ فَادِخٍ قَیُّوْمٍ قَادِرٍ شَلُیُوْخٍ

شَالِخٍ دَیْمُوْمٍ صَالِحٍ نُوْرٍ صَادِقٍ

اَرْشَحٍ شَلُیُوْخٍ شَالِخٍ نَارٍ مَتُوْخٍ

یَادِخٍ شَامِخٍ عَظِیْمٍ رَحْمًا قَادِرٍ

نُوْخٍ کَلُوْشٍ اٰہٍ یَایُوْہٍ شَاہٍ شَلُوْشٍ

رَھْدَخٍ شَرَاھِیًا شَرُوْشٍ شُوْشٍ

عَالٍ عَلِیٍّ قَوِیٍّ نَادَی کَبِیْرًا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باب الحاجات

﴿حاجت کا مجرب نسخہ وظیفہ آیاتِ سجدہ سے﴾

طحطاوی مصری علی المراقی میں ص: ۲۷۲ پر ہے کہ جس شخص کو کوئی سخت حاجت ہو تو وہ وضو کر کے قبلہ رخ مصلے پر بیٹھے اور قرآن پاک کی چودہ آیات سجدہ ﴿جسے ہم سہولت کے لئے ذیل میں یکجا لکھے دیتے ہیں﴾ اس طرح پڑھے کہ ایک آیت سجدہ پڑھے اور فوراً اس کا سجدہ کر لے اس کے بعد دوسری آیت پڑھے پھر اس کا سجدہ کرلے اسی طرح ایک ایک آیت سجدہ کو پڑھتا جائے اور الگ الگ ہر ایک آیت کا سجدہ بھی کرتا جائے، چوداں سجدوں کے بعد ﴿حمد و درود شریف اور استغفار کے بعد﴾ حق تعالیٰ سے اپنی جائز حاجت مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی، یہ وظیفہ اکثر مشائخ وعلماء کا مجرب ہے۔

نوٹ:

سجدہ کی آیت پر اگر نظر پڑ جائے تو اس سے سجدہ واجب نہیں ہوتا۔

﴿طحطاوی﴾

نمبر۱:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّکَ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ یُسَبِّحُوْنَهٗ وَ لَهٗ یَسْجُدُوْنَ﴾

﴿سورۂ اعراف پارہ۹ آیت ۲۰۵﴾

نمبر۲:

﴿وَلِلّٰهِ یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ کَرْهًا وَّ ظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ﴾

﴿سورۃ الرعد پارہ۱۳ آیت ۱۴﴾

نمبر ۳:

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ
مِنْ شَیْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ
الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ
وَ هُمْ دٰخِرُوْنَ وَ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا
فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ
مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَ هُمْ لَا
يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ
مِّنْ فَوْقِهِمْ وَ يَفْعَلُوْنَ مَا
يُؤْمَرُوْنَ ۝

نمبر۴:

﴿قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۙ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۞ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۩﴾

﴿سورۂ بنی اسرائیل پارہ ۱۵ آیات ۱۰۶ تا ۱۰۹﴾

نمبر۵:

﴿اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ

عَلَیۡهِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ مِنۡ ذُرِّیَّةِ اٰدَمَ ٭ وَ مِمَّنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ ۫ وَّ مِنۡ ذُرِّیَّةِ اِبۡرٰهِیۡمَ وَ اِسۡرَآءِیۡلَ وَ مِمَّنۡ هَدَیۡنَا وَاجۡتَبَیۡنَا ؕ اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡهِمۡ اٰیٰتُ الرَّحۡمٰنِ خَرُّوۡا سُجَّدًا وَّ بُکِیًّا ۩

﴿سورۂ مریم پارہ ۱۶ آیت ۵۷﴾

نمبر ۶:

﴿اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یَسۡجُدُ لَهٗ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ وَالشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ

وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ
وَالدَّوَآبُّ وَ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ
وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ وَ
مَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَالَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَايَشَآءُ ﴿﴾

﴿سورۂ حج پارہ ۱۷ آیت ۱۸﴾

نمبر ۷:

﴿وَ اِذَاقِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا
لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَ مَاالرَّحْمٰنُ ق
اَنَسْجُدُلِمَا تَاْمُرُنَا وَ زَادَهُمْ
نُفُوْرًا۝﴾

﴿سورۂ فرقان پارہ ۱۹ آیت ۶۰﴾

نمبر۸:

وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ
لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَيَّنَ
لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ
فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ
لَايَهْتَدُوْنَ ۝ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ
الَّذِىْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِى
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ يَعْلَمُ مَا
تُخْفُوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ۝ اَللّٰهُ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِيْمِ

سورہ نمل پارہ ۱۹ آیات ۲۳ تا ۲۶

نمبر۹:

﴿اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ سَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ هُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ۝﴾

﴿سورۂ الم سجدہ پارہ ۲۱ آیت ۱۴﴾

نمبر۱۰:

﴿قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِىْ بَعْضُهُمْ

عَلٰی بَعْضٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ قَلِیْلٌ
مَّاھُمْ ط وَ ظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰہُ
فَاسْتَغْفَرَ رَبَّہٗ وَ خَرَّ رَاکِعًا وَّ
اَنَابَ o فَغَفَرْنَا لَہٗ ذٰلِکَ وَ اِنَّ لَہٗ
عِنْدَنَا لَزُلْفٰی وَ حُسْنَ مَاٰبٍ ﴾

﴿سورہ ص پارہ ۲۳ آیات ۲۳ تا ۲۵﴾

نمبر ۱۱:

﴿وَمِنْ اٰیٰتِہِ الَّیْلُ وَ النَّھَارُ
وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ط لَاتَسْجُدُوْا
لِلشَّمْسِ وَ لَا لِلْقَمَرِ

وَاسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَھُنَّ اِنْ کُنْتُمْ اِیَّاہُ تَعْبُدُوْنَ ۝ فَاِنِ اسْتَکْبَرُوْا فَالَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّکَ یُسَبِّحُوْنَ لَہٗ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَ ھُمْ لَا یَسْئَمُوْنَ ۝

(سورۂ حم سجدہ پارہ ۲۴ آیات ۳۶ تا ۳۸)

نمبر ۱۲:

اَفَمِنْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝ وَ تَضْحَکُوْنَ وَ لَا تَبْکُوْنَ ۝ وَ اَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝

﴿فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا﴾

﴿سورۂ نجم پارہ ۲۷ آیات ۵۸ تا ۶۲﴾

نمبر ۱۳:

﴿فَمَالَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ﴾

﴿سورۂ انشقاق پارہ ۳۰ آیات ۱۹ تا ۲۱﴾

نمبر ۱۴:

﴿فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۝ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝ كَلَّا ط لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ﴾

﴿سورۂ علق پارہ ۳۰ آیات ۱۷ تا ۱۹﴾

انتباہ:

ان سجدوں میں بھی ﴿ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ﴾ تین بار پڑھنا کافی ہے۔

دُعا کے بارے میں

اب تو بس مسلمانوں کو چاہیے کہ سب سے الگ ہو کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں مگر افسوس ہے کہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہو گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ دعا قبول نہیں کرتے اور یہ محض خلاف واقعہ ہے مسلمانوں کی دعا تو درکنار اللہ تعالیٰ نے تو شیطان کی دعا کو بھی رد نہیں فرمایا۔ منظور فرمائی اور ایسی حالت میں جب کہ وہ مردود کیا جا رہا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رمضان المبارک کے دعائیہ کلمات

مانگنے کا طریقہ:

یا اللہ!! رمضان المبارک آ رہا ہے، آپ کی ہزاروں رحمتوں اور نعمتوں کے ساتھ آ رہا ہے جنت کی نشانیوں کے ساتھ آ رہا ہے آپ کا وعدہ ہے کہ تمام گناہوں کو معاف فرما دیں گے۔

یا اللہ!! رمضان المبارک کی جتنی رحمتیں ہیں، جتنے انعامات و

احسانات ہیں، جتنے انوار وتجلیات ہیں ہم سب کو ان کے حاصل کرنے کی استعداد وصلاحیت عطا فرما دیجئے، کسی چیز سے ہمیں محروم نہ فرمائیے۔

یا اللہ!! ہم کو اپنی عبادات خاصہ کی توفیق اور اپنے نبی الرحمۃ کے اتباع کی توفیق فرمائیے، یا اللہ!! لغزشوں سے نفس و شیطان کے مکائد سے ہم کو محفوظ فرمائیے۔ یا اللہ!! مجبوراً معاشرہ کے غلبہ سے اور نفس وشیطان کے غلبہ سے ہم سے جو فسق وفجور کے کام ہوئے ہیں ہم ان سے نفرت کرتے ہیں اور چھوڑ دینے کا عزم کرتے ہیں۔ مگر ڈرتے ہیں کہ پھر ہم سے ان کا ارتکاب ہو جائے یا اللہ!! ہماری مدد فرما۔ آمین!!

ذکر کلمہ طیّبہ

اربعہ سلاسل میں اللہ تعالیٰ تک رسائی کے لئے مراقبہ میں کلمہ طیبہ کے ذکر کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس کے بغیر تصوّف ومعرفت اور عرفانِ الٰہی کی کوئی منزل بھی طے نہیں ہوسکتی۔ یہ ذکر اصل الاصول اور بنیاد ہے۔ جس کا آسان اور سہل طریقہ یہ ہے کہ باوضو قبلہ رُخ چارزانو بیٹھ کر دل پر ﴿اَللّٰہُ﴾ لکھا ہوا تصور کرے اور ﴿لَآ﴾ کو ناف سے دائیں طرف دماغ کی طرف ﴿اِلٰہَ﴾ لے جا کر دل پر ﴿اِلَّا اللّٰہُ﴾ کی ضرب

مارے دو تسبیح پوری کرے پھر بائیں طرف سر جھکا کر ﴿اِلَّا اللّٰہ﴾ کی
چار تسبیح کی ضرب لگائے بعد ازاں ﴿اَللّٰہُ اَللّٰہ﴾ کی چھ تسبیح کی ضرب
لگائے اور خیال کرے کہ دل پر عرش سے انوار و تجلیات کی بارش ہو رہی
ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ معرفت کے تمام مقامات اور منازل پر عبور حاصل ہو
جائے گا۔

﴿خاص الخاص وظیفہ برائے حاجت﴾

بعد از نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اول دو رکعت نماز
حاجت اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ
کافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ اخلاص
پڑھیں بعد سلام کے رُخ قبلہ کی طرف کر کے اوّل آخر ۱۱ بار درود شریف
ابراہیمی پڑھیں درمیان میں اس وظیفہ کو ۱۲۰۰ مرتبہ پڑھیں وظیفے کے
درمیان جو مقصد ہو وہ خوب ذہن میں رکھیں جب تک حاجت پوری نہ ہو
وظیفہ کو جاری رکھیں انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔ وظیفہ پڑھ کر اللہ کے
حضور عاجزی کے ساتھ اپنی حاجت کی دُعا کریں۔

﴿یَا بَدِیْعُ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وظیفہ برائے ہر مہم

ہر مہم خصوصاً محبت و زیادتی رزق وغیرہ کے لئے یہ اسم اعظم بعد نماز عشاء ایک ہزار ایک سو گیارہ ﴿۱۱۱۱﴾ بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھ کر تصور کرے کہ میری دعا قبول ہو رہی ہے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ

اس کا ہمیشہ وردر کھے۔ چند روز میں وسعتِ رزق، تسخیر و محبت خلق ہوگی اور مخلوق دن بہ دن رجوع ہوتی رہے گی اگر دعا کسی خاص مقصد کے لئے کرے گا تو مقصد حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حج کی خواہش کیلئے وظیفہ

اگر کسی شخص کو حج پر جانے کی طلب ہو اور کوئی وسیلہ جانے کا نہ ہو تو کثرت سے اس آیت کا وِرد کریں۔ اس وقت تک یہ وظیفہ جاری رکھیں جب تک اُمید کی کرن نہ مل جائے۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا

بِالْحَقِّ ج لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ

الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ لا

مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ

لَاتَخَافُوْنَ ط فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا

فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا

قَرِيْبًا O

ترجمہ:

"یقیناً اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو سچا خواب حقیقت کے مطابق دِکھایا کہ اللہ نے چاہا تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہو گے امن اور امان کے ساتھ اپنے سر منڈاتے ہوئے، بال کتراتے ہوئے، تمہیں کوئی خوف نہ ہوگا، پس اُس نے

معلوم کر لیا جو تم نہیں جانتے تھے، پس اُس نے کر دی اس (فتح مکہ) سے پہلے ہی ایک قریبی فتح"۔

﴿پارہ نمبر 26، سورۃ الفتح، آیت نمبر 27﴾

﴿قضائے حاجت کیلئے وظیفہ﴾

جس کو کسی شخص سے کوئی حاجت ہو اور وہ اس حاجت کو جلدی پورا کرنا چاہے تو اس کی طرف جاتے وقت یہ آیت پڑھتا جائے تا کہ سات مرتبہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت جلد پوری ہو جائے گی۔

آیت یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَا كَانَ يُغْنِىْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا

حَاجَةً فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ

قَضٰهَا ط

دُعائے امام مقاتل رحمۃ اللہ علیہ

حضرت امام مقاتل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس کو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت دینی یا دنیاوی ہو تو شب جمعہ کو ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار یہ دعا باوضو ہو کر پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾

﴿لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا دَائِمُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَااَحَدُ یَامَالِكَ الْمُلْكِ یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِكَ

اَسْتَغِیْثُ وَ صَلَّ اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

مجرب وظیفہ برائے حاجت

قرآن پاک کی سورت مزمل مشہور سورت ہے جو پارہ ۲۹ میں ہے۔ اس کو حاجت کے لئے اس طرح پڑھیں کہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ سورہ مزمل پڑھنے کا طریقہ اس طرح ہے کہ سورہ مزمل شروع سے پڑھیں جب ان آیات

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّاهُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

پر پہنچیں تو سات (۷ بار) بار اس آیت کو پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ یَا مَنَّانُ اَللّٰہُ

الصَّمَدُ ٥ یَاحَنَّانُ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ ٥ یَا رَحِیْمُ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدًا ٥﴾

اس کے بعد سورہ مزمل کو آخر تک مکمل کریں اس وظیفہ کو بعد از نماز فجر کے گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اکیس ﴿۲۱﴾ دن کے اندر ہر قسم کی بندش ورکاوٹ ختم ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق کے دروازے کشادہ ہو جائیں گے۔

﴿ناگوار شخص کو بھگانے کیلئے وظیفہ﴾

جس کے پاس کوئی ایسا شخص بیٹھ جائے جس کا بیٹھنا ناگوار گزر رہا ہو تو اس آیت کو آہستہ آہستہ دل میں پڑھ لے۔ وہ جلد اُٹھ جائے گا۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾

﴿تَذْرُوْهُ الرِّیَاحُ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ط اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا ط

مصائب سے نجات کیلئے وظیفہ

نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اس وظیفہ کو ﴿رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ﴾ ایک سو اکیس بار پڑھے۔ شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اکیس دن تک بغیر ناغہ کے۔

رنج و غم سے نجات کیلئے وظیفہ

اگر کسی شخص کو کوئی رنج و غم پہنچے اور کسی طرح اس کا ازالہ نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد اس آیت کریمہ کو ایک سو ایک

بار اول و آخر درود شریف تین بار کے پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔
انشاء اللہ ایک ہفتہ میں اس کو ہر قسم کے رنج و غم سے نجات ہو گی۔

وظیفہ یہ ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ
اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خوف وڈر سے نجات کیلئے وظیفہ

جب کسی کو کسی کا ڈر و خوف ہو اور کسی طرح سے دور نہ ہوتا ہو یا اس کے دل میں کسی ظالم کا ڈر بیٹھا گیا ہو تو اس کو یا اس کے لواحقین کو چاہیے کہ وہ بعد از نماز فجر اس وظیفہ کو پانچ سو بار پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ بار کے اکیس دن تک تلاوت کرے۔

وظیفہ یہ ہے:

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادُ

جاہ ومرتبہ کیلئے وظیفہ

وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اول وآخر درود شریف گیارہ بار کے اس اسم مبارک کو پانچ سو بار بلاناغہ پڑھیں اور وظیفہ کے اختتام پر اپنی حاجت کیلئے دعا کریں۔

وظیفہ یہ ہے:

یَا خَالِقُ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر مقصد کیلئے ایک دُعا

جس شخص کا دل کسی خاص جگہ سے وابستہ ہو یا کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا اس کا ارادہ کسی سے محبت وملاقات کا ہو تو اس امر کا پختہ یقین کرے کہ

تو بے شک اللہ تعالیٰ اس کو مطلوب سے ملا دے گا۔ یہ وظیفہ عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ اس میں جدائی کے بعد ملاپ کرنے والوں اور ان لوگوں کے لئے جو علوم و فنون جمع کرنے کے طالب ہیں اور مقامات و احوال شریفہ میں متمکن ہونے کی خواہش رکھتے ہیں ایک لطیف راز ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے۔ سچی نیت سے قوی امید کے ساتھ پڑھے

دعا یہ ہے:۔

﴿اَللّٰهُمَّ يَا جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَارَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادُ۝ اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ كَذَا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۝﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مقدمہ میں کامیابی کیلئے وظیفہ

اگر کوئی شخص سخت مقدمہ کی وجہ سے پریشان ہو اور بظاہر بریت کی امید نہ ہو تو یہ درود شریف کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ مُسْتَحِقُّہٗ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سخت مشکل کو آسان کرنے کیلئے وظیفہ

کوئی بھی کیسی بھی سخت ترین مشکل ہو اور اس کے حل کی کوئی صورت سمجھ میں نہ آئے تو ﴿۹ محرم الحرام﴾ کو نماز مغرب کے بعد فرقانِ حمید قرآنِ مجید کی ہر سطر پر اوّل سے آخر تک انگشت شہادت پھیرو اور ﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ پڑھو۔ کیسی ہی سخت مشکل ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ حل ہو جائے گی بہت بار کا تجربہ شدہ وظیفہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وظیفہ چہل کاف شریف

مصیبت اور غم ورنج سے نجات حاصل کرنے کے لئے چہل کاف شریف کا وظیفہ نہایت مجرب ہے روزانہ گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مصیبت ہر دکھ رنج والم سے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خلاصی حاصل ہوگی۔

چہل کاف شریف حضور غوثِ صمدانی محبوب سبحانی قندیل نورانی شہباز لامکانی میراں سیّدنا ومولانا محی الدین عبدالقادر جیلانی غوث الاعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصنیف مبارکہ ہے اور اس کو ہمیشہ تلاوت کرنے سے اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے بہت ہی زیادہ فیض یاب ہوئے ہیں۔

کَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِينٍ كَانَ مِنْ كَلَكَ تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً

كَلْكُلُكِ كَلَكَ كَفَاكَ مَابِي
كَفَاكَ الْكَافِ كُرْبَتَهُ يَا كَوْكَبًا
كُنْتَ تَحْكِي كَوْكَبَ الْفَلَكِ

مقدمہ میں کامیابی کیلیے وظیفہ

جب کوئی حق پر ہو اور کسی نے جھوٹا مقدمہ اس پر درج کروادیا ہو یا کوئی شخص ناجائز کسی کو تنگ کرتا ہو تو وہ یہ وظیفہ کرے ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی۔

وظیفہ یہ ہے:

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى كُلِّ اَمْرٍ

۵۰۰ بار

اس آیت مبارکہ کو بعد نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ (یعنی جس جگہ اور جس وقت وظیفہ شروع کرے اسی جگہ اور اسی وقت کا دھیان رکھے) اور تا حاصل مراد اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار

درود شریف اور اس وظیفہ کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار اکیس دن تک پڑھے۔

﴿پریشانی کے حل کیلئے وظیفہ﴾

جس شخص کو کوئی پریشانی درپیش ہو یا کوئی کام حل نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ شب جمعرات کو عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ایک ہزار ایک سو ﴿گیارہ سو﴾ بار اس وظیفہ کو پڑھے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الْقَيُّوْمْ﴾

جب ایک ہزار ایک سو بار پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ جب تک مقصد حاصل نہ ہو وظیفہ جاری رکھے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

سورۂ یٰسین شریف کا وظیفہ

جب کوئی سخت پریشانیوں میں مبتلا ہو جائے، عزت خراب ہونے کی نوبت آجائے، کوئی روزگار نہ ہو یا دشمنوں نے ستا رکھا ہو تو ذیل کا وظیفہ تمام مصیبتوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے بے حد مفید اور تجربہ کیا ہوا ہے۔

شروع ماہ میں جو جمعرات کی رات (جو کہ بدھ کا دن گزرنے کے بعد جورات ہے) کو بارہ بجے (۱۲ بجے) پاک وصاف کپڑے پہن کر وضو و غسل (بوجہ مجبوری صرف وضو ہی کافی ہے) کر کے سورۂ یٰسین شریف پڑھیں (ہر مبین پر) ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور سات بار سورۂ فیل (اَلَمْ تَرَ کَیْفَ) تا حصول مقصد پڑھتے رہیں، اوّل وآخر درود شریف (۱۱-۱۱) بار لازمی ہے۔

کیسی ہی سخت مشکل کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے حل فرماتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حاجت کیلئے وظیفہ

یہ وظیفہ بزرگوں سے منقول ہے اور بہت سریع الاثر ہے اگر آپ

حضرات میں کوئی (یا آپ خود) کسی مصیبت میں گرفتار ہیں یا آپ کا دل پریشان رہتا ہے تو آپ اس وظیفے کو کیجئے:

﴿ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ (؎) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (تک)﴾

﴿پارہ نمبر ۴ سورت آل عمران آیت نمبر ۱۵۳﴾

اس آیت مقدسہ کو اچھی طرح قرآن مجید سے دیکھ کر صحیح اعراب و تلفظ کے ساتھ یاد کریں۔ اس آیت کو صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار بمعہ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار اپنی حاجت کا تصور رکھتے ہوئے پڑھیں۔ بعد از وظیفہ حاجت کیلئے دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس ﴿۲۱﴾ دن کے اندر آپ کی ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿مصیبت سے نجات کیلئے وظیفہ﴾

مصیبتوں اور پریشانیوں سے چھٹکارے کے لئے ذیل کا وظیفہ

بہت ہی مجرب ہے۔ بعد نماز عشاء یا فجر کی نماز سے پہلے یا بعد نماز فجر کوئی وقت مقرر کرلیں اور لاتعداد پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام مصیبتوں اور پریشانیوں سے چھٹکارہ حاصل ہو گا۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔

وہ وظیفہ یہ ہے:

﴿فَسَهِّلْ يَآ اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ

بِحُرْمَتِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿نماز برائے حاجت﴾

ہر قسم کی حاجات کے برلانے کے لئے نمازِ قضائے حاجات انتہائی سریع الاثر ہے خواہ کیسی ہی حاجت کیوں نہ ہو اور جس کے حل کی کوئی تدبیر کارگر نہ ہوتی ہو تو ذیل کا وظیفہ مفید تر ہے۔

حضرت علامہ شیخ بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ اس مقصد کے لئے کسی تنہا مکان میں باوضو حالت میں پاک صاف لباس پہن کر

اور وضو کر کے چار رکعت نماز نفل اس طریقہ سے ادا کرے۔
پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد ﴿سورۃ التکاثر﴾ چالیس ﴿۴۰﴾ بار، دوسری رکعت میں بعد از الحمد شریف ﴿سورۃ التکاثر﴾ تیس ﴿۳۰﴾ بار، تیسری رکعت میں ﴿سورۃ التکاثر﴾ بیس ﴿۲۰﴾ بار، چوتھی رکعت میں ﴿سورۃ التکاثر﴾ دس ﴿۱۰﴾ بار پڑھے سلام پھیرنے کے بعد اسی جگہ بیٹھ کر ﴿سورۃ التکاثر﴾ پچاس ﴿۵۰﴾ بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار پڑھے اور پھر ستر ﴿۷۰﴾ بار ﴿لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه﴾ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔

انشاءاللہ تعالیٰ اس کی بدولت اس کی حاجت فوری پوری ہو گی۔

چند فوائد حسب ذیل ہیں:

اگر اس پر قرض عظیم ہو تو غیب سے اس کی ادائیگی کا سامان ہو گا۔

اگر وطن سے دور ہو تو اللہ تعالیٰ بخیریت وطن واپس پہنچائے گا۔

اگر آسمان کے برابر گناہ رکھتا ہو اور استغفار بھی ساتھ میں پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ اسی وقت بخش دیگا۔

جو اولاد نہ رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اولاد نرینہ سے نوازیگا۔

اگر دشمنوں سے پناہ اور حفاظت چاہتا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے امان میں رکھے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دشوار کام کیلئے وظیفہ

جب کوئی مشکل و دشوار کام پلے پڑ جائے اور اسے حل کرنے کی تدبیر کارگر نظر نہ آتی ہو تو نمازِ فجر کے بعد ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار صدق و خلوص و ادب سے باوضو حالت میں ذیل کا وظیفہ کیجئے۔ اول و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر دشواریاں آسان ہو جائیں گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

یَا کَافِیُ الْمُهِمَّاتُ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قضائے حاجت کا وظیفہ

قضائے حاجت کے لئے یہ وظیفہ حضرت نجم الدین رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمایا ہے یہ وظیفہ ان کو حضرت خضر علیہ السلام نے تعلیم فرمایا

تھا جو شخص بھی خلوص نیت سے اس وظیفہ کو کرے گا اس کی ہر جائز حاجت پوری ہوگی وظیفہ یہ ہے:

جمعۃ المبارک کی رات ﴿یعنی جمعرات کا دن گزار کر جو رات آئے اسے جمعہ کی رات/شب جمعہ کہتے ہیں﴾ کو بعد نماز عشاء دو رکعت نماز اس ترتیب سے پڑھے کہ اوّل رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد از سلام کے اسی جگہ پر سجدہ میں جا کر دس بار درود شریف اور دس مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھے۔

اور اس کے بعد یہ دعا مانگے:

﴿رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ o﴾ (مسلم شریف)

اور اس کے بعد سجدے سے سر کو اٹھائے، اور چند بار یہ کلمات کہے:

﴿یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ﴾

ان شاء اللہ تعالیٰ جو جائز حاجت ہوگی ضرور پوری ہوگی۔

مصیبت سے نجات کیلئے وظیفہ

اگر مصیبتوں اور پریشانیوں نے گھیر لیا ہو تو ذیل کے وظیفہ کو استعمال میں لائیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم وحکم سے مصیبتوں اور پریشانیوں دکھوں اور غموں کے بادل چھٹ جائیں گے اور ہر مقصد میں نصرت وکامرانی ہوگی۔

روزانہ فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد کاغذ کے سات ٹکڑوں پر ذیل کی دعا لکھیں، اور آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں۔ یہ عمل سات دن تک کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

الْمُبِيْنُ مِنْ عَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلٰى رَبِّي الْجَلِيْلِ رَبِّ اَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

نوٹ: اگر پانی مغرب کی طرف بہہ رہا ہو تو زیادہ مفید ہے۔

دُعا قبول ہونے کا وظیفہ

حضور اکرم نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے فرمان عالیشان کا مفہوم ہے کہ:

جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے آگے دعا مانگتے ہوئے رو پڑتا ہے تو دریائے رحمت جوش میں آجاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات یہ فرماتی ہے کہ رونے والی آنکھ اور پھیلا ہوا ہاتھ میرے دربارِ رحمت سے خالی جائے تو مجھے شرم آتی ہے۔

لیکن ہمارا حال یہ ہے کہ جب ہم دعا کرتے ہیں، نہ ہماری حالت اضطرار ہوتی ہے نہ یقین کامل ہوتا ہے نہ آنکھ سے آنسو آتا ہے۔ بہر حال ہمیں اس بات پر عمل کرنا چاہیے جو سرورِ کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے کہ:

﴾دُعا سے پہلے درود شریف پڑھنا اور اللہ تعالیٰ کے اچھے ناموں کے ذریعے دعا کرنا اپنے گناہوں کو سامنے رکھ کر دعا کرنا تہجد کے وقت دعا کرنا رو رو کر دعا کرنا افطار کے وقت دعا کرنا﴿

یہ وظیفہ بزرگانِ دین کا مجرب ہے۔ رات کے تقریباً دو بجے اٹھو، جب دنیا آرام کی نیند سو رہی ہو تو آپ نمازِ تہجد ادا کرو بعد از نمازِ تہجد اس وظیفہ کو کریں:

سات بار سورۃ یٰسین کو پڑھیں اور ایک ہزار مرتبہ اس اسم کا ورد کریں:

﴾يَا سَمِيْعُ﴿

﴾١٠٠٠ بار﴿

اس وظیفہ کے اوّل و آخر درود شریف ﴾١١-١١﴿ بار تلاوت کریں اور تا حاصل مراد جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد و حاجت میں کامیابی ہوگی۔

﴾سورۃ یٰسین سے غیبی امداد کیلئے وظیفہ﴿

نئے چاند کی پہلی جمعرات کو صبح کی نماز سے پہلے غسل کر کے سفید کپڑے پہنے جو کہ خوشبو سے معطر ہوں گلاب کا عطر اگر ہو تو بہت فائدہ

مند ہے اور اگر بتی جلائیں۔ نماز فجر ادا کرنے کے بعد جائے نماز پر بیٹھ کر سو ﴿۱۰۰﴾ بار درود شریف پڑھیں اور اس کا ثواب بروحِ پاک تاجدار مدینہ سرورِ قلب وسینہ حضور سرورِ عالم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ و بارک وسلّم کی نذر کریں، اور سورۂ یٰسین شریف شروع کریں۔ جب ﴿پہلی مبین﴾ آئے تو سورۂ یٰسین کی تلاوت چھوڑ کر دوبارہ شروع ﴿یعنی یٰسین۔ وَالقرآن الحکیم﴾ سے تلاوت کریں۔ اسی طرح ہر ﴿مبین﴾ پر پہنچ کر دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح جب آخری ﴿مبین﴾ پر سے مڑ کر دوبارہ پڑھنا شروع کریں تو اب سورۂ یٰسین شریف پوری تلاوت کریں۔ اس طریقہ کو ﴿مبین در مبین﴾ بھی کہتے ہیں۔ اس وظیفے کو اکیس دن تک جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو غیب سے مدد پہنچتی ہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿مکمل قرآن مجید کا مجرب نقش﴾

قرآن مجید کا یہ نقش تمام جملہ حاجات کے لئے مجرب ہے پہلے اس عمل کی زکوٰۃ ادا کریں اس کا طریقہ یوں ہے کہ نوچندی جمعرات سے اس نقش ہٰذا کو روزانہ گیارہ دن صبح کے وقت گیارہ بار لکھیں اور دریا میں

ڈالیں۔

نیز ان دنوں میں قرآن مجید کی تلاوت کریں بہت بہتر یہ ہے کہ ایک قرآن مجید کو مکمل تلاوت کرلیں۔ بعدازاں اپنے لیے اور نقشِ ہٰذا سے مستفیض ہونے کی دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بعدازز کوۃ ہر کام میں مجرب ترین ہے۔

۷۸۶

۶۲۳۳۲۷۹۸	۶۲۳۳۲۸۰۱	۶۲۳۳۲۸۰۵	۶۲۳۳۲۷۹۱
۶۲۳۳۲۸۰۴	۶۲۳۳۲۷۹۲	۶۲۳۳۲۷۹۷	۶۲۳۳۲۸۰۲
۶۲۳۳۲۷۹۳	۶۲۳۳۲۸۰۷	۶۲۳۳۲۷۹۹	۶۲۳۳۲۷۹۶
۶۲۳۳۲۸۰۰	۶۲۳۳۲۷۹۵	۶۲۳۳۲۷۹۴	۶۲۳۳۲۸۰۶

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باب المناجات

حضور خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ

سلطان الہند غریب نواز حضرت خواجہ سیّد معین الدین حسن چشتی اجمیری کی یہ مناجات تمام دینی و دنیاوی حاجات اور مشکلات کے حل کے لئے بے حد مفید ہے۔ وقت مقررہ کی پابندی کرتے ہوئے روزانہ ایک مرتبہ پڑھیں اور اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مناجات اور ایک ولی کامل کے وسیلے سے ہر مشکل، ہر مہم، ہر دکھ و درد سب دور ہوں گے۔ مناجات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، بزرگی و جباری، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رحیمی و غفاری، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه مرا بخلق نه بِذاری، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ الٰهی بحرمت و برکت شش

هزار شش صدروشصت هزار دهشتا
دوشش کلمات قرآنِ الٰهی بحرمت و
برکت حروف مقطعات قرآن الٰهی بحرمت
و برکت سی صدوبست ویك لاکھ و یك
هزار و شش صد و نو دونه حروف قرآن
الٰهی بحرمت و برکت نو دونه نام باری
تعالٰی، الٰهی و بحرمت و برکت ملائکه
مقرّبین الٰهی بحرمت و برکت اصحاب
رسول اللّٰه، الٰهی بحرمت و برکت ازواجِ
رسول اللّٰه، الٰهی بحرمت و برکت هفتاد و
مرد نجبا، الٰهی بحرمت و برکت چهل مرد
ابدال، الٰهی بحرمت و برکت هفت مرد
اوقاذ، الٰهی بحرمت و برکت یك

مردغوث، الٰهی بحرمت و برکت یك
مردقطب، الٰهی بحرمت و برکت شهدائے
امّت محمدمصطفٰی صلّی اللّٰه تعالیٰ علیه
وآلهٖ واصحابهٖ وبارك وسلّم الٰهی بحرمت و
برکت جمیع علماء و فقهاء الٰهی بحرمت
و برکت جمیع زهاد و عباد، الٰهی بحرمت
و برکت جمیع مشائخانِ طریقت رحمة
اللّٰه علیهم اجمعین، خداوندا مالکا بادشاها
حاجات دینی و دنیاوی من بنده را به
نظرِخودراست آرباجمیع مسلمان. آمین
رب العالمین برحمتك یاارحم الراحمین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نمازِ حاجت

سب مشکلات و مصائب سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے صلوٰۃ الحاجت بہت مفید ہے۔

اس کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ نمازِ مغرب یا نمازِ عشاء کے بعد جو دو رکعت نفل ہوتے ہیں اس طرح سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ، گیارہ ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھ کر بعد از سلام درود شریف پڑھے اور یہ وظیفہ کریں۔

﴿یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ﴾

اس کے بعد اپنے مقصد اور حاجت کے لئے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیابی نصیب ہوگی۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

وظیفہ برائے حاجت

قرآن پاک میں ایک مقام جلالین ﴿شبہ﴾ ہے اور یہ مقام تمام قرآن پاک میں ایک جگہ ہی ہے بزرگان دین، محدّثین، مفسّرین اور

عاملین کااس پر اتفاق ہے۔
اس وظیفہ کو خلاف شرع ہر گز نہ کریں ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ
ہے۔

﴿وظیفے کا طریقہ﴾

نماز تہجد کے لئے اٹھیں اور آٹھ رکعت نماز تہجد ادا کریں نماز تہجد ادا
کرنے کے بعد یہ آیات جو آٹھویں پارہ میں سورۃ انعام کی ہے
چودہویں ﴿۱۴﴾ رکوع کے شروع میں ہے قرآن پاک سے دیکھ کر صحیح
اعراب وتلفظ کے ساتھ یاد کریں۔

﴿آیت مبارکہ﴾

﴿مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔطؔمؔ اَللّٰهُ
اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ٥﴾

﴿پارہ نمبر ۸ سورۃ الانعام﴾

اس آیت کو ایک سو ایک ﴿۱۰۱﴾ بار اوّل و آخر درود شریف
﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں جب آپ پڑھتے پڑھتے لفظ ﴿اللّٰه، اللّٰه﴾ پر

پہنچیں تو اپنے مقصد یا حاجت کا خیال کریں۔ اس وظیفے میں کسی طرح کا کوئی پرہیز نہیں صرف نماز کی پابندی کریں اور کثرت سے درود شریف پڑھیں خلاف شرع کام نہ کریں اکیس ﴿۲۱﴾ دن تک یہ وظیفہ کریں وظیفہ مکمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿حاجت کا وظیفہ﴾

حاجت روائی کے لئے نماز ظہر ادا کرنے کے بعد ذیل کا وظیفہ دوسو ﴿۲۰۰﴾ بار سات دن تک پڑھنا مجرب ہے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار پڑھیں۔ وظیفہ یہ ہے:

﴿يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ﴾

﴿ایک مجرب وظیفہ﴾

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اکرم نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وآلہٖ وسلم کے نہایت محبوب صحابی تھے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے نہایت محبت سے میرا ہاتھ دباتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تجھے ایک عمل بتاتا ہوں تم اس کو ہر نماز کے بعد کیا کرو خدائے قدوس دونوں جہانوں کی نعمتوں سے تجھے مالا مال فرمادے گا۔

پھر ارشاد فرمایا کہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَ شُکْرِکَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِکَ

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بحکم سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم میں نے یہ دعا ہر نماز کے بعد پڑھنی شروع کی اور اللہ تعالیٰ نے مجھے بہت نوازا۔ حدیث پاک میں اس کی کوئی تعداد مقرر نہیں ہے پھر بھی کم از کم ہر نماز کے بعد گیارہ (۱۱) باراس دعا کو ضرور پڑھیں اوّل وآخر درود شریف (۳۔۳) بار پڑھیں۔

ہر جائز دُعا قبول ہو

ہر انسان پر پریشانیاں آتی جاتی رہتی ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے خاص

بندوں پر زیادہ پریشانیاں آتی ہیں لیکن ان بندوں کی پریشانیاں ہماری جیسی نہیں ہوتیں۔ مجھے ایک وظیفہ بزرگانِ دین سے ملا تھا جو میں پڑھنے والوں کی نذر کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس وظیفہ کے پڑھنے والے کی ہر جائز مراد پوری کرے۔

﴿وظیفے کا طریقہ﴾

قرآن پاک کی ایک دعا ہے:

﴿رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ﴾

اس دعا کو بعد از نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار اور اس آیت مبارک کو پانچ سو ایک ﴿۵۰۱﴾ بار تلاوت کریں۔

جب آپ اس لفظ ﴿فَانْتَصِرْ﴾ پر پہنچیں تو اپنے مقصد کا خیال کریں اور اس کو تین بار فَانْتَصِرْ، فَانْتَصِرْ فَانْتَصِرْ تلاوت کریں۔ اکیس ﴿۲۱﴾ دن تک اس وظیفہ کو کریں انشاء اللہ تعالیٰ اس آیت کے واسطے آپ کی ہر جائز دعا قبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

امتحان میں کامیابی کیلئے وظیفہ

امتحان میں کامیابی کے لئے جب امتحان شروع ہونے والے ہوں تو اس وظیفہ کو ہر فرض نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار پڑھیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی کامیابی کے لئے دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ہر پرچے میں آسانی پیدا ہوگی اور ہر طرح کی پریشانی سے محفوظ رہیں گے اور لوح عطادر بنوا کر پاس رکھیں۔

وظیفہ

یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ

دیگر: اس نقش کو لکھ کر پاس رکھیں۔

نقش

۷۸۶

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

باب ترقی رزق

﴿وظیفہ سورۂ یٰسین شریف﴾

جو شخص خلوص نیت سے سورۂ یٰسین شریف کو روزانہ پڑھا کرے گا تو حق تعالیٰ اس کے رزق میں اور کاروبار میں دوگنی چوگنی ترقی عطا فرمائے گا۔

اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز مغرب ادا کرنے کے بعد صلوٰۃ الاوّابین نفل پڑھنے کی نیت کریں اور ہر رکعت میں مندرجہ ذیل طریقہ سے آٹھ رکعتیں نفل بہ نیت صلوٰۃ الاوّابین ادا کریں:

پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ﴾ سے لے کر ﴿فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِیْمٍ﴾ تک۔

دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی﴾ سے لے کر ﴿اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ﴾ تک۔

تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَمَالِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ﴾ سے لے کر ﴿وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ؕ﴾ تک

چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ اَحْيَيْنٰهَا﴾ سے لے کر ﴿وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ﴾ تک۔

پانچویں رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا﴾ سے لے کر ﴿وَلَآ اِلٰى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ط﴾ تک۔

چھٹی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ط﴾ سے لے کر ﴿هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ط﴾ تک۔

ساتویں رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ﴾ سے لے کر ﴿فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ط﴾ تک۔

آٹھویں رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا﴾ سے لے کر ﴿كُلِّ شَيْءٍ وَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ط﴾ تک۔

اوپر بتائے گئے عمل کو دو دو رکعتوں کی نیت سے چار سلاموں سے پڑھیں، اور پوری آٹھ رکعتیں اسی طرح سے ادا کریں۔ مجرب است!!

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

رزق کی ترقی اور برکت کیلئے وظیفہ

رزق کی ترقی اور برکت کیلئے یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۃ مزمل ایک نشست میں ۴۱ مرتبہ تین دن تک پڑھیں۔ اس وظیفہ سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

برائے ترقی رزق

جس شخص کا روزگار نہ ہو یا ملازمت یا ذریعہ معاش نہ ہو تو یہ وظیفہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ صبح نماز کے بعد یا نماز عشاء کے بعد پڑھا جائیگا۔ تعداد ایک سو ایک ﴿۱۰۱﴾ بار اوّل و آخر اس کے درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار پڑھیں چالیس روز پورے نہ ہوں گے انشاءاللہ غیب سے کوئی اسباب ملازمت یا کوئی ذریعہ معاش ظہور میں پیش آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَ یَامُفَتِّحَ
الْاَبْوَابِ وَیَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ
یَاخَالِقَ الْاَبْصَارِ وَیَادَلِیْلِ
الْمُتَحَیِّرِیْنَ اَرْشِدْنِیْ وَیَاغِیَاثَ
الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ
عَلَیْکَ یَارَبِّ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ
اِلَیْکَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ
وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

اضافہ رزق کیلئے وظیفہ

مندرجہ ذیل وظیفہ کو دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ یَجْمَعُ بَیْنَنَا بِالْحَقِّ وَ
ھُوَالْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ قُلِ اللّٰھُمَّ
مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ
تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ
تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ
مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ
عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط تُوْلِجُ
الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَ تُوْلِجُ النَّھَارَ

فِی الَّیۡلِ وَ تُخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ
الۡمَیِّتِ وَ تُخۡرِجُ الۡمَیِّتَ مِنَ
الۡحَیِّ وَ تَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ
بِغَیۡرِ حِسَابٍ ۞

اس کے بعد پھر اس دعا کو تین مرتبہ اسطرح پڑھے۔

۞ اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الۡھَمِّ کَاشِفَ الۡغَمِّ
مُجِیۡبَ دَعۡوَۃِ الۡمُضۡطَرِّیۡنَ رَحۡمٰنَ
الدُّنۡیَا وَ رَحِیۡمَھَا اَنۡتَ تَرۡحَمُنِیۡ
فَارۡحَمۡنِیۡ بِرَحۡمَۃٍ تُغۡنِیۡنِیۡ بِھَا عَنۡ
رَّحۡمَۃِ عَمَّنۡ سِوَاکَ اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ

الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ
تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ
تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ
الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ط
يَارَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تُعْطِيْهُمَا
مَنْ تَشَآءُ وَ مِمَّنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ
رَحْمَةً تُغْنِيْنِیْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ عَمَّنْ
سِوَاكَ

عشاء کے فرض ادا کرنے کے بعد دو رکعت سنت پڑھ کر اس وظیفہ کو شروع کرے۔ وظیفہ ختم کر کے پھر وتر ادا کرے یعنی سنت اور وتر کے درمیان وظیفہ پڑھا جائیگا۔

ترقی رزق کیلئے وظیفہ

الحمدللہ یہ وظیفہ میرا مجرب ترین وظیفہ ہے جب سے یہ وظیفہ کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھے بن مانگے اتنی نعمتوں سے نوازا ہے، جس کا میں تصور بھی نہیں کرسکتا۔ مسلمان بھائیوں اور بہنوں کی بھلائی کے لئے آپ سب کی خدمت میں عرض کررہا ہوں۔

وظیفہ ہر روز نماز فجر کے بعد اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار اور سورۂ مزمل گیارہ ﴿۱۱﴾ بار اور اسم باری تعالیٰ مندرجہ ذیل کو گیارہ سو ﴿۱۱۰۰﴾ بار تلاوت کریں۔

وظیفہ یہ ہے:

یَا مُغْنِیُّ

اس وظیفے کا ثمر آپ کو اتنا ملے گا کہ آپ تصور بھی نہیں کرسکتے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رزق میں اضافے کیلئے وظیفہ

جو شخص فراخی رزق کے لئے ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریفہ کو

روزانہ پڑھے گا اس کے رزق میں بہت برکت وزیادتی ہوگی۔

نہایت مجرب وظیفہ ہے:

﴿وَ فِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَ مَا تُوْعَدُوْنَ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّکُمْ تَنْطِقُوْنَ﴾

اس وظیفہ پر مداومت رکھنے سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے نہایت مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿رزق کیلئے وظیفہ﴾

اگر اس کو معمولی طریقے سے ﴿روزانہ پڑھنا﴾ ہے تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد اوّل اسم ﴿یَا لَطِیْفُ﴾ ایک سو انتیس ﴿۱۲۹﴾ بار پڑھ کر پھر ایک بار بمعہ بسم اللہ شریف کے یہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ط

بعد اس دعا کو گیارہ بار پڑھ کر دعا کرے اور اگر کسی معاملے یا زبردست کام کے لئے پڑھنا ہے تو اس دعا کو تین ہزار تین سو تین (۳۳۰۳) مرتبہ ایک بیٹھک میں پڑھے۔ ایک بیٹھک سے مراد ایک پہلو سے بیٹھنا ہے اسی طرح آخر تک بیٹھا رہے ہلے جلے نہیں انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰهُمَّ یَا مُسَخِّرَا السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ وَ مَنْ

فِيْهِنَّ وَ مَنْ عَلَيْهِنَّ سَخِّرْلِىْ

كُلَّ شَىْءٍ مِّنْ عِبَادِكَ مِمَّا فِىْ

بَرِّكَ وَ بَحْرِكَ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ

شَىْءٌ فِى الْكَوْنِ كَانَ مُتَحَرِّكًا

اَوْسَاكِنًا اَوْصَاحِتًا اَوْنَاطِقًا

اَوْظَاهِرًا اَوْبَاطِنًا اِلَّا سَخَّرْتَهٗ

لِىْ بِبَرَكَةِ اِسْمِكَ اللَّطِيْفِ

الْمَكْنُوْنِ يَااَللّٰهُ يَاحَىُّ يَاقَيُّوْمُ

اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ

يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ط فَسُبْحٰنَ

الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ

وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ؕ

اس وظیفہ کو نوچندی جمعرات سے شروع کرنا چاہیے عروج ماہ ﴿شروع مہینہ﴾ میں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿وظیفہ برائے روزگار﴾

اگر کاروبار نہ چلتا ہو یا روزگار کی تلاش ہو اور کوئی صورت اس کی نظر نہ آرہی ہو تو چاند کے عروج کے دنوں میں ہفتہ کے روز روزہ رکھے اور شب کو بالکل خالی مکان میں آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر ننگے سر ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار ذیل کا وظیفہ کھڑے ہو کر پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار سات دن تک یہ وظیفہ کرے۔

﴿یَاوَهَّابُ﴾

آٹھویں روز اللہ تعالیٰ کے حکم سے روزگار مل جائے گا یا موجودہ

کاروبار میں ترقی ہوگی۔ نیز لوح مشتری بنوا کر پاس رکھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وظیفہ برائے ترقی رزق

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ھُوَالْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ ط وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ط

یہ وظیفہ ترقی رزق کے لئے مجرب ہے فجر کی نماز کے بعد پینتالیس ﴿۴۵﴾ بار روزانہ پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ ﴿۱۱-۱۱﴾ بار درود شریف پڑھے۔

وظیفہ برائے ترقی رزق

بعد نماز فجر ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار اسم ذیل کا ورد باعث ترقی رزق

کے لئے بہت سود مند ہے اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھا کرے انشاء اللہ اس کا رزق زیادہ ہوگا اور قرض بھی ادا ہو جائے گا۔

وہ اسم مبارک یہ ہے:

﴿اَللّٰہُ الصَّمَدُ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿قرآنی آیات سے ترقی رزق کا وظیفہ﴾

مندرجہ ذیل آیات کو اتوار کی رات سے عشاء کی نماز کے بعد تنہائی میں دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور سورۃ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اکیس ﴿۲۱﴾ بار پڑھے اور بعد سلام کے یہ آیت پڑھے:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾

﴿فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّ اَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّ كَفَّلَهَا

زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا
زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا
رِزْقًا ۔

﴿پارہ ۳ آل عمران ۳۶﴾

اس کے بعد سو بار یہ آیت پڑھے۔

﴿ وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ
مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا
يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى
اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ
اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ
قَدْرًا ۔ ﴾

﴿پارہ ۲۸ سورۃ الطلاق ۲﴾

اس آیت کے پڑھنے کے بعد سجدے میں سر رکھے اور یہ اسم مبارک سو ﴿۱۰۰﴾ بار پڑھے:

﴿یَا وَاسِعُ﴾

اکیس اکیس بار دونوں آیتوں کو روز تنہائی میں پڑھتا رہے خدا کے فضل سے بلا واسطہ رزق اس کو پہنچتا رہے گا۔

جس روز چاند دیکھے اسی روز سے اس وظیفہ کو شروع کردے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿اضافہ رزق کیلئے وظیفہ﴾

جو شخص نماز فجر ادا کرنے کے بعد ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار کلماتِ ذیل کو پڑھے گا تو اللہ پاک اس کے رزق میں ترقی عطا فرمائے گا۔

وہ کلماتِ مبارک یہ ہیں:

﴿لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط﴾

﴿۱۰۰ بار﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿برکت رزق کے لئے وظیفہ﴾

برکت رزق کے لئے فجر یا عشاء کی نماز کے بعد ذیل کے اسم مبارک کو ایک سو انیس ﴿۱۱۹﴾ مرتبہ پڑھے:

﴿یَالَطِیْفُ﴾

﴿۱۱۹بار﴾

اس کے بعد ایک سو انیس ﴿۱۱۹﴾ مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھے:

﴿اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ۝﴾

﴿۱۱۹بار﴾

اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ غیب سے رزق کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اکیس دن تک وظیفہ کرے۔

غیب سے روزی ملنا

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

چاند نکلنے کے بعد جو پہلی جمعرات آئے اس کو سورج نکلنے سے
پہلے تعویذ لکھ کر اپنی پگڑی یا ٹوپی میں چھپائے پھر دوسرے دن اُسی
وقت دوسرا تعویذ لکھ کر پگڑی یا ٹوپی میں رکھے اور پرانا تعویذ نکال کر
اس کو آٹے کی گولی میں بند کر کے دریا میں ڈال آئے۔

اسی طرح روز مسلسل چالیس (۴۰) دنوں تک یہ عمل کرے۔
بھلے روز دریا میں ڈال آیا کرے یا ہفتے بعد پورے ہفتے کی اکٹھی کر
کے ڈال دیا کرے۔

اکتالیسویں (۴۱) دن غیب سے جو کچھ ملنا شروع ہو اس میں
ان شاء اللہ تعالیٰ روز بروز اضافہ ہوتا رہے گا وظیفہ کو نہ چھوڑے۔ جو
کچھ غیب سے حاصل ہوا سے حرام کاموں میں استعمال کرے گا یا کسی کو

اس راز کے بارے میں بتائے گا تو جو کچھ غیب سے حاصل ہوگا بند ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وظیفہ برائے کشائش رزق

نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار اس دعا کو پڑھے تو انشاء اللہ رزق میں ترقی ہوگی اور اگر روزانہ ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار پڑھتا رہے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق سے بے پروا رہے گا۔

وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ

يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا رَحِيْمُ

يَا وَدُوْدُ اَللّٰهُمَّ اَكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ

عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ

مَعْصِيَتِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مبارک کلمات سے ترقی رزق کا وظیفہ

جو شخص ذیل کے وظیفہ کو پڑھے گا اس کو ہر کام میں ترقی ہوگی دشمنوں پر بھی غالب رہے گا۔

اس وظیفہ کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی صرف پہلی تاریخ کی صبح کو تین سو ﴿۳۰۰﴾ مرتبہ پڑھے اور دوسری تاریخ سے انتیس ﴿۲۹﴾ تاریخ تک صبح کو تین سو ساٹھ ﴿۳۶۰﴾ مرتبہ پڑھے اور اگر انتیس ﴿۲۹﴾ تاریخ کو چاند ہو جائے تو پھر پہلی تاریخ کی صبح کو تین سو ﴿۳۰۰﴾ مرتبہ پڑھے اور اگر انتیس ﴿۲۹﴾ تاریخ کو چاند نہ ہو تو تیس ﴿۳۰﴾ تاریخ کو بھی تین سو ساٹھ ﴿۳۶۰﴾ مرتبہ پڑھے اور پھر پہلی تاریخ کی صبح کو تین سو مرتبہ پڑھے یہ وظیفہ مجرب ہے اوّل و آخر

دس دس ﴿۱۰۔۱۰﴾ بار درود شریف پڑھے۔ درود شریف پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اوّل مرتبہ دس ﴿۱۰﴾ بار درود شریف پڑھ کر اس کے بعد اس وظیفہ کو شروع کرے۔ آخر میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گڑگڑا کر اپنے مقصد کی دعا کرے۔

وہ کلمات یہ ہیں:

﴿یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّ مَکْرُوْبٍ غَیَاثُہٗ وَ مَعَاذُہٗ یَا رَحِیْمُ﴾

جو درود شریف پڑھا جائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿بہترین دعا برائے رزق﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ﴾

رزق میں ترقی کے لئے مندرجہ بالا متبرک دُعا بہت ہی مجرب ہے

روزانہ ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ کے ساتھ اکیس ﴿۲۱﴾ بار فجر کی یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں بہت فراخی ہوگی۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

خاندانِ رزّاقیہ کا وظیفہ

سیّد السادات قطب الآفاق سیّدنا حضرت شاہ عبدالرزاق قادری کے سلسلہ میں ترقی رزق کے لئے یہ وظیفہ بہت مجرب اور تیر بہدف ہے۔ اس کو پڑھنے والا حکمِ خدا سے کبھی بھی بھوکا، مفلس، ننگا نہیں رہ سکتا۔ وہ اسم مبارک دونوں یہ ہیں:

یَا رَزَّاقُ

﴿۱۰۰بار﴾

نماز فجر کی سنتیں ادا کرنے کے بعد اسم بالا کو ایک سو﴿۱۰۰﴾بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔

فجر کی نماز کی سنتیں ادا کرنے کے بعد اسم ذیل کو پڑھیں اور نماز فجر کے فرض ادا کرنے کے بعد اسمِ ذیل کو ایک سو﴿۱۰۰﴾ بار پڑھنا ہے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔

یَا غَفَّارُ

﴿۱۰۰بار﴾

فرض ادا کرنے کے بعد اسمِ ذیل کو بھی تین سو﴿۳۰۰﴾ بار پڑھنا

ہے اوّل و آخر درود شریف (۱۱-۱۱) بار پڑھیں۔

اسم یہ ہے:

یَا عَزِیْزُ

(۳۰۰ بار)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رزّق کیلئے وظیفه

فرنگی محل لکھنؤ کے مشہور و معروف نامی گرامی بزرگ عاشقوں کے پیشوا امام الاتقیاء سیدنا حضرت عبدالرزّاق رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

نمازِ پنجگانہ کی سنتوں میں جو حسب ذیل سورت پڑھنے کا ہمیشہ معمول بنالے گا اس کے لئے اللہ تعالیٰ عزّوجلّ کی بارگاہ سے رزق کے دروازے کشادہ ہوں گے۔

٭ صبح فجر کی نماز کی سنتوں کی پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھے۔ قرآن مجید سے دیکھ کر اعراب و تلفظ کے ساتھ یاد کرے اور ادب سے

تلاوت کرے۔

∝ اب ظہر کی نماز کا وقت ہے ظہر کی نماز کے فرضوں سے پہلے چار رکعت سنتوں میں چاروں قل شریف ترتیب سے یعنی پہلی میں ﴿سورۃ الکافرون﴾ دوسری میں ﴿سورۃ الاخلاص﴾ تیسری میں ﴿سورۃ الفلق﴾ اور چوتھی میں ﴿سورۃ الناس﴾

پھر فرضوں کے بعد دو رکعت سنتوں میں پہلی رکعت میں ﴿سورۃ الفلق﴾ دوسری رکعت میں ﴿سورۃ الناس﴾ پڑھیں۔

∝ مغرب کی نماز کے فرض پڑھنے کے بعد دو رکعت سنتوں میں پہلی رکعت میں ﴿سورۃ الکافرون﴾ دوسری رکعت میں ﴿سورۃ الاخلاص﴾ پڑھیں۔

∝ نماز عشاء کے فرض ادا کرنے کے بعد دو سنتوں کی پہلی رکعت میں ﴿سورۃ الفلق﴾ دوسری رکعت میں ﴿سورۃ الناس﴾ پڑھیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی تنگی رزق دور ہو جائے گی۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿دستِ غیب کیلئے وظیفہ﴾

چاند کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھیں اور خرمہ یا کشمش سے افطاری کریں بعد مغرب کی نماز کے ایک سو اکیس ﴿۱۲۱﴾ بار پڑھیں:

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط﴾

﴿۱۲۱ بار﴾

پھر نمازِ عشاء ادا کرنے کے بعد کسی سے کلام کئے بغیر پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ صبح نمازِ فجر ادا کرنے کے بعد سات سو چھیاسی ﴿۷۸۶﴾ بار:

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط﴾

﴿۷۸۶ بار﴾

صدق دل سے پڑھیں اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پھر اس کے بعد اس طرح سے ذیل کا تعویذ لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔

﴿ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م﴾

یہ تعویذ باندھ کر جس کسی آدمی و افسر کے پاس جائے گا اس کے دل

میں اس کی عزت ہوگی اور اللہ تعالیٰ رزق اور روزگار کی راہیں غیب سے پیدا فرمائے گا۔ یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرنا چاہیے۔

زرعی معاملات میں برکت کیلئے

۷۸۶

یَالَومَنایَاسَلُومَنایَاسَلیُومَنا یَافَمُوسَا بَحَقِّ اَھْیًا

اگر حسب بالا اسمائے مبارکہ سفید کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر باغ یا کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پیداوار میں بہت نفع و اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر مقصد کیلئے نقش

ترقی روزگار اور فلاحِ دارین کے لئے ضرورت مندوں کو اس بے مثال و نایاب نقش پاک کی تلاش رہتی ہے۔ مگر دستیاب نہیں ہوتا۔ پہلے اس نقش پاک کی زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے۔ جس کا طریقہ یہ

ہے کہ روز پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ نقش زعفران سے لکھ کر آٹے میں رکھ کر گولیاں بنائیں اور دریا میں ڈال آئیں۔

ایک سو بیس ﴿۱۲۰﴾ دن تک ﴿یعنی چار ماہ تک﴾ یہی عمل کرتا رہے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی بعد از زکوٰۃ یہ تعویذ لکھ کر اگر کوئی فقیر بھی بازو پر باندھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ امیر و غنی ہو جائے گا۔ اس نقش مبارک سے ضرور فائدہ اٹھائیں اور اس حقیر کے حق میں دعائے خیر کریں۔

۷۸۶

۲۷۶	۷۴۳	۹۲
۶۵۱	یہاں مقصد لکھیں	۴۶۰
۱۸۴	۳۶۸	۵۵۹

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿حضرت میاں راج شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا وظیفہ﴾

(سوات) کے مشہور بزرگ فرد الوقت ہیں حضرت میاں راج شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک مرید نے عرض کیا کہ:

میں بہت تنگدست ہوں آپ نے اُسے پڑھنے کے لئے حسب

ذیل وظیفہ بتایا۔

دو صبح کی دو شام کی اے میرے گوپالا
اس میں بھی کمی کرے تو لے یہ اپنی مالا

ترکیب اس کی یہ ہے کہ تسبیح ہاتھ میں لے کر وظیفہ پڑھے اور جب ﴿لے یہ اپنی مالا﴾ کہے تو تسبیح ہاتھ سے رکھ دے تعداد کا تعین نہیں۔ اوّل آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار حضرت میاں راج شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مرید نے چند روز یہ وظیفہ پڑھا۔ اور ان کی مالی پریشانیاں اللہ کے حکم سے دُور ہوگئیں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿روزگار و عزت کی ترقی کیلئے وظیفہ﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾

﴿۶۰۰ بار لکھیں﴾

نو ﴿۹﴾ محرم الحرام کو جو کوئی مسلمان چھ سو ﴿۶۰۰﴾ بار تسمیہ لکھ کر

خوشبو سے معطر کر کے اپنے پاس رکھے گا۔ اس کے روزگار میں اس کی عزت میں ان شاء اللہ تعالیٰ اضافہ ہوگا۔

وظیفہ غوثیہ

یہ وظیفہ سلسلہ عالیشان قادریہ کے بزرگان برگزیدہ میں ترقی روزگار کے واسطے بہت مجرب ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْمُحِيْطُ الرَّبُّ الشَّهِيْدُ الْحَسِيْبُ الْفَعَّالُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

پنجگانہ فرض نماز کے بعد صرف گیارہ ﴿۱۱﴾ بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ روزگار میں فراخی ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

غربت سے نجات کیلئے وظیفہ

جو آدمی رات کو سوتے وقت ﴿آیت الکرسی﴾ اور ﴿سورۂ بقرہ﴾ کی آخری آیات پڑھے گا۔ اگر وہ غریب و مفلس ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو بہت جلد غنی کر دے گا اور بیشک اللہ تعالیٰ جو چاہے کر سکتا ہے۔

تنگدستی دور کرنے کا وظیفہ

روزانہ صبح کی نماز یعنی فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سورۂ مزمل مبارک دس ﴿۱۰﴾ بار تلاوت کرنے سے تنگ دستی دور ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کشادہ فرماتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تنگدستی دُور کرنے کا وظیفہ

نماز عشاء ادا کرنے کے بعد روز مسلسل گیارہ سو ﴿۱۱۰۰﴾ بار ذیل کا اسم مبارک پڑھنے سے مفلسی تنگدستی دور ہو جاتی ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ

یَا مُغْنِیُّ

۱۰۰۱ بار

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رزق کیلئے عمل

چہار شنبہ (یعنی بدھ کے دن) کے روز سورج نکلنے سے پہلے انار کے سات پھول توڑ کر ہر پھول پر سات سات (۷۔۷) بار سورۃ القدر پڑھ کر دم کر کے پھولوں کو دریا میں ڈال دے۔ یہ عمل سات دن کا ہے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے رزق و روزی کا سامان پیدا ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بہترین دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ

اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِلَّا هُوَ الصَّمَدَ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ

اس کو پڑھ کر دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ دُعا قبول ہوگی۔

نیز جس فصل والی زمین یا باغ میں حسبِ بالا دعا کاغذ پر لکھ کر باغ کے درختوں پر لٹکا دی جائے تو اس کھیت و باغ کی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور ٹڈی جیسے مہلک جانور کے حملوں سے حفاظت رہے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رزق کیلئے سورۂ مریم کا وظیفہ

نماز ظہر ادا کرنے کے بعد سورۂ مریم کی تلاوت سے رزق میں برکت ہوتی ہے اور تنگی وافلاس وغربت دور ہوجاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴾رزق کیلئے وظیفہ﴿

چاند کی پہلی جمعرات کو چنبیلی کے تین پھول نمازِ عصر کے بعد درخت سے توڑ کر اس کے بعد ان پر ذیل کا وظیفہ سات سو تین ﴿۷۰۳﴾ بار پڑھ کر دم کرے۔ اور ان پھولوں کو پاس رکھے۔ یہ وظیفہ اکیس دن کا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے رزق ملنے کے آثار نمودار ہوں گے۔

﴾وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى﴿

﴾۷۰۳ بار﴿

رزق میں بہتری اور اضافے کیلئے لوح شرف مشتری بنوا کر پاس رکھیں۔

﴾☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴿

أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمدا عبده ورسوله

175
باب القرض

﴿قرض کی ادائیگی کیلیے وظیفہ﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

﴿اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ﴾

قرض ادا ہونے کے لئے مندرجہ بالا متبرک دُعا بہت ہی مجرب ہے روزانہ ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ کے ساتھ اکیس ﴿۲۱﴾ بار فجر کی یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ قرض بھی ادا ہو جائے گا، اور رزق میں بھی بہت فراخی ہوگی۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿وظیفہ برائے ادائے قرض﴾

فجر کی نماز یا عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد ستر ﴿۷۰﴾ بار یہ دعا پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جانے کے اسباب پیدا ہوں گے۔

﴿اَللّٰهُمَّ خَالِقُ الْاِصْبَاحِ وَ جَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا اِقْضِ عَنِّیَ الدَّيْنَ وَ اَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ وَ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَ بَصَرِیْ وَ قُوَّتِیْ فِیْ سَبِيْلِكَ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴾ادائیگی قرض کے لئے وظیفہ﴿

حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمان چشتی نظامی تونسوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ خاص شمس العارفین حضرت مولانا شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ ﴾سیال شریف﴿ ﴾پنجاب﴿ کا ارشاد مبارک ہے کہ ادائیگی قرض وسلامتی ایمان کے لئے نماز فجر کے بعد روزانہ ستر ﴾۷۰﴿ بار پڑھتے رہیں۔

وہ اسم پاک یہ ہے:

﴾یَا وَھَّابُ﴿

﴾☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴿

﴾بہت مجبوری ہو﴿

جب کوئی قرض دار ہو گیا ہو اور قرض دینے والے اسے بے حد پریشان کریں اور اسے اس قرض کی نجات کا کوئی راستہ دکھائی نہ دے اور ہر وقت شرمندگی کی وجہ سے قرض خواہوں سے اپنا منہ چھپاتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل کا وظیفہ بے حد مفید ہے۔

روزانہ صبح کو نماز فجر کے بعد تین مرتبہ سورۂ رحمٰن اور اوّل و آخر درودِ لکھی ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کے لئے دعا کرے۔

اس وظیفہ کو چالیس روز تک بغیر ناغہ کیے کرنے سے قرض کی پریشانی سے نجات کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائیں گے انشاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا۔ نیز لوح زحل بنوا کر پاس رکھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ادائے قرض کیلئے وظیفہ

جو شخص قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور ادائیگی قرض کی بظاہر کوئی سبیل دکھائی نہ دے اور قرض خواہ بھی حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی وقت دینے کے لئے راضی نہ ہوتا ہو، اور سختی کے ساتھ تقاضوں سے بہت زیادہ پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اوّل و آخر سات سات بار درودِ ابراہیمی پڑھے درمیان میں پچیس مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے لئے نجات قرض کی دعا مانگے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس دنوں کے اندر ادائے قرض کے اسباب

پیدا ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ قرض خواہ جو کہ تنگ کرتے ہوں کسی بھی کھانے والی چیز پر پچیس ﴿۲۵﴾ بار سورہ رحمٰن پڑھ کر دم کر کے کھلا دے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ قرض خواہ قرض کی ادائیگی کے بارے میں پریشان نہ کرے گا اور اس وظیفہ کی خیر و برکت واثر کی وجہ سے قرض دار کو وقت بھی دے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قرض ادا ہو جانے کیلئے وظیفہ

قرضدار حضرات کے لئے ذیل کا وظیفہ بے حد مجرب اور سریع الاثر ہے۔ ترک حیوانات کرے۔ حلال لقمہ پر گزارہ کرے۔ ہمبستری سے بچے، پاکی پلیدی کا پورا خیال رکھے ممکن ہو تو روزانہ روزہ رکھے۔ روزہ بھی صرف کھجور سے افطار کرے۔

وظیفہ یہ ہے:

نماز عشاء کے بعد خلوص نیت سے ادائیگی قرض کے لئے درود شریف ﴿۹۹۹﴾ بار پڑھے۔ وظیفہ چالیس ﴿۴۰﴾ دن تک بلاناغہ کرے، دنیاوی باتوں سے پرہیز کرے اور وظیفہ تنہائی میں

کرے۔

اس وظیفہ کی برکت سے بہت جلد قرض ادا ہو جائے گا اور رزق میں بے حد وحساب اضافہ ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مجرب وظیفہ

جو کوئی قرضہ کی وجہ سے تنگ ہو اور فقر وفاقہ کا شکار ہو اور یہ چاہے کہ اس کی حالت زار تبدیل ہو جائے اور اس کی روزی میں وسعت کے اسباب پیدا ہو جائیں اور اسے کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے تو ان سب کے لئے مندرجہ ذیل وظیفہ بہت فائدہ مند ہے۔

مندرجہ بالا مقاصد کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد اور ہر نماز کے بعد سورۂ رحمٰن کی کثرت سے تلاوت کیا کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ اوّل وآخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں گریہ وزاری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سورۂ رحمٰن کی برکت سے غربت وافلاس ختم ہونے اور قرض ادا ہونے کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائیں گے اور خیر وبرکت پیدا ہو جائے گی۔

اس وظیفہ کو چالیس ﴿۴۰﴾ دنوں تک بلاناغہ کرتا رہے۔ اگر

زندگی بھر کرتا رہے تو بے حد و بے حساب امیر ہو جائے گا اور کبھی بھی غربت و افلاس نزدیک نہ آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دُعاءِ ادائے قرض

اس دعا مبارک کو اپنی ہر دعا میں مانگنا چاہیے۔ وظیفے کی نیت سے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ بار پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ اس دعا مبارک کا اثر دیکھیں گے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَ قَھْرِ الرِّجَالِ

﴿شرف شمس کا عمل﴾

جو کوئی انتہائی مفلس اور غریب ہو اور اس کے لئے دو وقت کی روٹی بھی مشکل ہو اور اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی تنگدستی و افلاس ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل اختیار کرے۔

عمل یہ ہے:

ہرن کی جھلی لے کر یا بہ امر مجبوری کسی نفیس کاغذ پر وضو کی حالت میں قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر زعفران و گلاب سے شرف شمس میں سورۂ فاتحہ مع ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾، درودِ ابراہیمی اور سورۂ اخلاص لکھے اور اس کے ارد گرد آیت الکرسی لکھے۔ پھر اس کو خوشبو لگا کر اس پر اوّل و آخر درود شریف اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار اور آیت الکرسی ایک سو گیارہ ﴿۱۱۱﴾ بار، سورۂ الحمد شریف مع ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار پڑھے اور سورۂ اخلاص گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھ کر دم کرے۔

اس کے بعد دو رکعت نماز نفل اس طریقہ سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے۔ بعدۂ سجدہ میں جا کر گڑگڑا کر گریہ و زاری کر کے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے اور بعد دعا اس نقش کو موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ

لیے

نقش کی حفاظت بہت ہی ضروری ہے۔ اپنے مقصدِ حاجت کے لیے روزانہ بعد از ہر نماز اوّل و آخر درود شریف ابراہیمی سات مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھیں پھر ایک سو ایک ﴿۱۰۱﴾ بار یہ پڑھیں:

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَارَزَّاقُ یَابَاسِطُ بِحَقِّ لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌالرَّسُوْلُ اللّٰہ

پڑھ کر دعا اللہ تعالیٰ کے حضور مانگا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس وظیفہ کی بدولت بہت جلد قرض اور فقر و فاقہ سے نجات حاصل کر کے مال و دولت سے سرفراز ہوگا اور ہر شخص اس کی عزت کرے گا اور ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔ اگر ہو سکے تو لوح شرف شمس بنوا کر پاس رکھیں۔ انشاءاللہ نہایت عظیم فائدہ ہوگا۔

نوٹ:

شرف شمس ہر سال ﴿۸،۹﴾ اپریل کو ہوتا ہے۔ اگر سمجھ نہ آئے تو

خط لکھ کر یا فون پر رابطہ کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قرض سے نجات کیلئے وظیفہ

اگر کوئی قرض خواہ ہونے کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہے اور اس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے ذیل کا وظیفہ مفید تر ہے۔

اس مقصد کے لئے صبح کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ مزمل سات ﴿۷﴾ بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔

نماز عشاء کے بعد بھی اس وظیفے کو اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس ﴿۴۰﴾ دنوں کے بلاناغہ وظیفے سے قرض کی ادائیگی کے اسباب اللہ تعالیٰ پیدا فرمادے گا اور قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خاص مقصد کیلئے وظیفہ

اس مقصد کے لئے ایک صاف ستھرا شیشے یا چینی کا برتن لے کر

اس پر زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں درودِ ابراہیمی، آیات شفاء، آیت الکرسی، اوّل آیت سورۂ نساء لکھیں اور اس کو تازہ پانی سے دھولیں۔ تین مرتبہ برتن کو دھونا ہے۔ اس کے بعد تازہ وضو کر کے اس کو تین گھونٹ کر کے پینا ہے اور اس سے چہرہ اور سارے جسم پر مسح کرنا ہے۔

پھر دو رکعت نماز نفل اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص تین ﴿۳﴾ بار پڑھے بعد سلام درود ابراہیمی تین مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرے۔ بہ فضل تعالیٰ قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿سورۂ رحمٰن کا وظیفہ﴾

اس کے لئے ہر فرض نماز کے بعد اوّل و آخر درودِ شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار اور ﴿سورۂ رحمٰن﴾ کی سات مرتبہ اس طرح تلاوت کرے کہ یہ آیت:

﴿فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ﴾

جہاں جہاں آئے اس کی تکرار سات سات مرتبہ کرے۔ پھر قرض

کی ادائیگی کے لئے قرض کی دعا گیارہ مرتبہ اپنے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور مانگے۔اس وظیفہ کی بدولت انشاءاللہ تعالیٰ سارا قرض اتر جائے گا۔قرض کی دعا پہلے گزر چکی ہے۔

اسباب قرض

اس مقصد کے لئے سائل خود اور اس کے ساتھ جتنے بھی افراد ہوں، ان سب کو ایک جگہ پر بٹھا کر سب کے گرد ایک دائرہ حصار کے لئے اپنی انگلی یا چھڑی سے کھینچیں اور پھر سات سو (۷۰۰) بار درود تاج پڑھ کر آیت الکرسی سات بار پڑھیں، اس کے بعد خاموش رہیں۔

جب دور سے اذان کی آواز آئے تو اٹھ کھڑے ہوں۔یہی وظیفہ کی کامیابی کی نشانی ہے۔ان شاءاللہ تعالیٰ چند دنوں کے بعد قرض کی ادائیگی کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بہترین دُعا

اس مقصد کے لئے ذیل کا وظیفہ کرے اس کا مقصد بہ فضل تعالیٰ

چالیس ﴿۴۰﴾ دن کے مسلسل وظیفے سے پورا ہو جائے گا۔

بعد نماز عشاء ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار ﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ﴾ اور تخمیناً سو ﴿۱۰۰﴾ بار اور اوّل و آخر درود ابراہیمی ﴿۲۱-۲۱﴾ بار پڑھ کر ذیل کی دعا مانگے:

﴿اے زندہ و بیدار رب!! جس کی طرف حیات منسوب ہے اور اس کا غیر منسوب نہیں جس کے لئے اس نے اپنے نفس کو منسوب فرمایا بزرگ ہیں پاک ہیں تجھ کو پاک ہیں نام تیرے اور پاک ہیں سمیات سے ذات تیری مثال اور نظر سے اور شریک اور بیوی اور وزیر سے تو ہمیشہ زندہ اور اپنی ابدی زندگانی میں پاک ہے اپنی ہی پاک زندگی میں سے زندگی پھیلا تو ہی باقی اور تیرے ہی لئے بقاء و دائم ہے بعد فنا تمام مخلوق کے اور جیسے کے تیرے لئے بقاء ہے بندوں کے لئے فنا ہے حکم تیرا اے میرے خدا جاری ہے اور تیرے حکم کا کوئی مخالف نہیں ہے بے شک جاتے رہے افراد اور شکست کھا گئے لشکر اور ہلاک ہو گئے وجود، بقاء کے منکر اور تیری ہمیشگی حیات کے اے زندہ اے قائم میں تجھ سے اسی حیات ابدیہ کے طفیل میں سوال کرتا ہوں کہ مجھ کو نعمتوں سے مالا مال کر

دے۔ زندگانی دے اور دنیا میں اس طرح زندہ رکھ جو
میرے لئے مدد اور نیکی ہو اور مجھے اپنے اسم اللہ الحی
القیوم کے حقائق کے طفیل میں نیک بخشی عنایت کر اور
مجھے اپنے اسم الحی کے حقائق کے ساتھ ڈھانپ لے
یہاں تک شکایت مجھ سے دور ہو جائے مجھے دائرہ
سعادت میں داخل کر اللہ تعالیٰ تو جو چاہتا ہے ثابت رکھتا
ہے اور جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور تیرے پاس ام الکتاب
یعنی لوح محفوظ ہے اے زندہ ذات جس نے زمین و
آسمان کو طول عرض میں قائم رکھا ہے جتنا ہم جانتے ہیں
اور جتنا ہم نہیں جانتے ہیں اور جس کو تو خوب جانتا ہے
اپنی رحمت کے ساتھ اے رحمت کرنے والے مجھے
عنایت فرما مجھے معاف فرما دے۔ میرے گناہوں کو
بخش دے مجھ سے راضی ہو جا میرے کاموں میں میری
مدد فرما۔ میرے لئے رحمت اور برکت و رزق کے
دروازے کھول دے۔ یا اللہ میری دعا قبول فرما
آمین!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قرض کی ادائیگی کیلئے وظیفہ

قرض کی ادائیگی کے لئے خواہ قرض بہ مقدار پہاڑ کیوں نہ ہو یہ وظیفہ اکسیر ہے۔

اس کے لئے ہر روز عصر کی نماز کے بعد اوّل و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ اور ﴿سورہ طٰہٰ﴾ ایک بار پڑھ کر دعا مانگا کرے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قرض کے واسطے وظیفہ

قرض کی ادائیگی کے لئے دو رکعت نماز نفل رات کو بعد نماز عشاء اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ ﴿۱۱﴾ بار آیت الکرسی اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد اوّل و آخر درود ابراہیمی گیارہ ﴿۱۱﴾ بار اور آیت الکرسی اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کے حضور ادائیگی قرض کے لئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے وظیفے سے قرض سے نجات کے لئے حاجت براری ہوگی اور مقصود حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر قسم کی حاجت کیلئے وظیفہ

کسی بھی قسم کی دینی و دنیاوی حاجت خصوصاً قرض سے نجات کے لئے ذیل کا وظیفہ بھی نافع ہے۔
اس مقصد کے لئے آدھی رات کو اٹھ کر غسل و وضو کے بعد چار رکعت نماز نفل اس طریقے سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور بعد سلام کے آسمان کی طرف سر اور دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر گریہ وزاری کے ساتھ رو رو کر اپنا مدعا اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کرے۔ اوّل و آخر درودِ ابراہیمی جتنا بھی پڑھ سکے طاق تعداد میں پڑھے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کامیاب وظیفہ برائے قرض

جب کوئی قرض جیسے بوجھ تلے دبا ہو اور بہتری کی کوئی صورت یا تدبیر نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں وظیفۂ ذیل سے بہ فضل باری تعالیٰ غیب سے قرض اترنے کی سبیل پیدا ہو جائے گی اور رفتہ رفتہ قرض کا بوجھ اترنے کے ساتھ ساتھ بالکل ختم ہو جائے گا۔

اس مقصد کیلئے بعد نماز عشاء بستر پر بیٹھ کر درود تاج سات بار اور آیت الکرسی کا ورد ایک سو ستر ﴿۱۷۰﴾ بار کرے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی وانکساری سے دعا مانگے۔ یہ وظیفہ کم از کم گیارہ دن اور زیادہ سے زیادہ چالیس یوم تک کرنا ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ہر کام کیلئے وظیفہ﴾

ہر جائز مقصد کے لئے چار رکعت نماز دوگانہ کر کے اس طریقہ سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فلق دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ، آیت الکرسی دس ﴿۱۰﴾ بار اور دوسری رکعت میں سورۂ کافرون دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ اور آیت الکرسی دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ پڑھ کر سلام پھیر دے۔

سلام پھیرنے کے بعد اکیس ﴿۲۱﴾ بار یہ پڑھے۔

﴿سُبْحَانَ اللّٰہِ اَبَدَ الْاَبَدْ. سُبْحَانَ اللّٰہِ الْوَاحِدُ الْاَحَدْ. سُبْحَانَ اللّٰہِ الْفَرْدُ الصَّمَدْ. سُبْحَانَ اللّٰہِ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ

بغیر عمد. سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ بَحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ﴾

اس کے بعد دوسرا دوگانہ شروع کرے اور اس میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ تکاثر تین ﴿۳﴾ مرتبہ اور آیت الکرسی دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر اور سورۂ اذا زلزلت تین تین ﴿۳۔۳﴾ مرتبہ اور آیت الکرسی دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ پڑھ کر نماز سے فارغ ہو کر سجدہ میں جا کر سات ﴿۷﴾ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر دس ﴿۱۰﴾ بار ﴿لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ﴾ اور درود ابراہیمی ایک سو ایک ﴿۱۰۱﴾ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ اس وظیفہ کی بدولت بہت جلد حاجت پوری ہوگی۔

پہاڑ کے برابر قرض ادا ہونے کا وظیفہ

سرخاب عملیات میں حضرت علامہ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ:

جو شخص قرض میں بری طرح پھنس گیا ہو اور نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو ایسے میں ذیل کا وظیفہ بے حد مفید ہے یہ عمل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا ایک اعرابی کو ودیعت کیا گیا ہے۔

اس مقصد کے لئے جمعرات کے دن نماز ظہر کے بعد چار رکعت نماز نفل دو دو رکعت نماز کر کے اس طریقہ سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں ﴿سورۂ فاتحہ﴾ کے بعد ﴿سورۂ القدر﴾ دس ﴿۱۰﴾ بار اور ﴿سورۂ التکاثر﴾ ایک ﴿۱﴾ بار پڑھے۔

دوسری رکعت میں ﴿سورۂ فاتحہ﴾ کے بعد ﴿سورۂ زلزال﴾ ایک بار اور ﴿سورۂ التکاثر﴾ ایک بار پڑھ کر سلام پھیرے اور اٹھنے سے پہلے دعا مانگے۔ پھر کھڑا ہو کر بقیہ دو رکعت اس طریقہ سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں ﴿سورۂ الحمد شریف﴾ کے بعد دس ﴿۱۰﴾ بار ﴿سورۂ العادیات﴾ اور ایک ﴿۱﴾ بار ﴿سورۂ التکاثر﴾ اور ﴿سورۂ فلق﴾ ایک بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں ﴿سورۂ الحمد شریف﴾ کے بعد دس ﴿۱۰﴾ بار ﴿سورۂ الکافرون﴾ اور ایک بار ﴿سورۂ التکاثر﴾ اور ایک بار ﴿سورۂ الناس﴾ پڑھے، اور پھر سلام پھیرنے کے بعد بغیر کسی سے کوئی کلام کیئے دعا مانگے۔ اس وظیفہ کی بدولت اللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کا بندوبست فرما دے گا اور بمقدار پہاڑ قرض بھی اتر جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ !!

نوٹ: قرض کی ادائیگی کیلئے لوح شرف زحل بنوا کر پاس رکھیں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

باب ختم خواجگان

ختم خواجگان شریف

شام کو غروبِ آفتاب سے پہلے غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہنے اور درود شریف پڑھتا رہے جب نمازِ مغرب ادا کر چکے تو گھر میں دونوں ہاتھوں کو بلند کر کے یہ شعر صدق وخلوص کے ساتھ پانچ مرتبہ پڑھے:

الٰهی تابود خورشید و ماهی
چراغِ چشتیاں را روشنائی

اس کے بعد نمازِ مغرب سے فارغ ہو کر اور خوشبو سُلگا کر ایک بار سورۂ فاتحہ، تین مرتبہ سورۂ اخلاص گیارہ بار درود شریف پڑھ کر یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ

لَكَ ﴾

اس کے بعد تین سو ساٹھ ﴿۳۶۰﴾ بار یہ پڑھے۔

﴿ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لَا مَلْجَأَ وَ لَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّآ اِلَیْہِ ﴾

(مشکوٰۃ، فصل سوم، الترغیب والترہیب)

اس کے پڑھنے کے بعد سورۃ فاتحہ ایک بار سورۃ اخلاص تین بار پڑھ کر حضرات خواجگان چشت اہل بہشت کی ارواح مقدسہ پر ایصال ثواب کرے پھر کہے:

﴿ اَللّٰہُ اَکْبَرْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرْ اَللّٰہُ اَکْبَرْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ﴾

اور حضرات خواجہ غریب نواز سید معین الدین چشتی سلطان

الہند رحمۃ اللہ علیہ و دیگر خواجگانِ چشت اہلِ بہشت کا واسطہ دے
کر دُعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دُعا قبول ہوگی۔

خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کا ختم مبارک

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا بَاقِيْ اَنْتَ الْبَاقِيْ

﴿۱۰۰ بار﴾

برصغیر پاک و ہند میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے سب سے
بڑے پیشوا اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے
پیرو مرشد سیّدنا حضرت خواجہ باقی باللہ نقشبندی اویسی دہلوی رحمۃ
اللہ تعالیٰ علیہ کا ختم شریف رزق کی ترقی کے لئے بہت مجرّب ہے
اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ بہت سی مصیبتوں، پریشانیوں سے
محفوظ رکھتا ہے رزق میں اضافہ ہوتا ہے نمازِ مغرب کے بعد بمعہ
﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار اوپر
والا وظیفہ پڑھیں۔

اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار اس کے بعد سیّدنا حضرت
خواجہ باقی باللہ قدس سرّہ العزیز اور دیگر خواجگان نقشبندیہ کا واسطہ دے

کر اللہ تعالیٰ سے حصول مقصد کی دُعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ خواجگان نقشبندیہ اور تمام سلاسل کے بزرگوں کی ارواح پر ایصال ثواب پہنچانا چاہیے۔

شفائے بیمار کے لئے ختم مظہریہ

حضرت مرزا مظہر نقشبندی مجددی دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے معمولات میں رہا ہے کہ بیماروں کی صحت کے لئے اسم مبارک ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ ختم کرے مجرب ہے:

وہ اسم مبارک یہ ہے:

یَاسَلَامُ

(۱۲۵۰۰۰ بار)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ترتیب فاتحہ شریف

محبوب سبحانی الشیخ عبدالقادر جیلانی الحسنی والحسینی رحمۃ اللہ علیہ

چاند کی گیارہویں تاریخ کو نہا کر پاک کپڑے پہنے اور دو رکعت

نفل پڑھ کر گیارہ ﴿۱۱﴾ بار ﴿استغفار﴾ پڑھے۔ اس کے بعد ﴿سورۂ فاتحہ﴾ ایک مرتبہ، ﴿سورۂ اخلاص﴾ گیارہ ﴿۱۱﴾ بار اور درود شریف گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھ کر حسب ذیل طریقہ سے ایصال ثواب کرے۔

بروح پُرفتوح حضور رسالتمآب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و علیٰ آلہٖ واصحابہٖ وازواجہٖ وذریاتہٖ وبارک وسلّم وبروح پرفتوح حضرت میراں محی الدین غوث صمدانی قطب ربانی محبوب سبحانی غوث الثقلین بدرالکونین سلطان العارفین برہان العاشقین محبّ المشتاقین سراج الملت والدین ہادی اعلیٰ طریق رب العالمین شہنشاہ فی الدین سید محی الدین سلطان محی الدین فقیر محی الدین خواجہ محی الدین مخدوم محی الدین غریب محی الدین بادشاہ محی الدین ولی محی الدین مولانا محی الدین ابومحمد عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ وبروح پدر میراں سید ابوصالح و بہ روح مادر میراں بی بی فاطمہ بروح خواہر میراں و بہ ارواح پسراں میراں و بہ ارواح اُستادان رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ایں ہمہ شے مقبول وموصول گردو آمین۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حضرت مخدوم ردولوی رحمۃ اللہ علیہ

تاج الاولیاء صاحب مخدوم شیخ احمد عبدالحق چشتی صابری ردولوی قدس اللہ العزیز کا یہ ختم شریف تمام مقاصد دینی ودنیاوی برلانے کے لئے اکسیر ہے۔

نماز عشاء کی چار رکعت سنت پڑھ کر فرض سے پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

ختم شریف کے وقت پوشاک صاف ہو اور بخورات سلگائے

حضرت شیخ نصیر الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ

مراد پوری ہونے کے لئے حضرت شیخ نصیر الدین ثانی چشتی نظامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی حسب ذیل طریقہ سے نیاز بہت مجرب ہے۔

ساڑھے دس سیر آٹا ساڑھے دس سیر گوشت بڑا اور سوا دو سیر گائے کا گھی کھانا پکانے والا پاک صاف ہونا چاہیے۔

گوشت اور روٹی پر حضرت شیخ نصیر الدین ثانی چشتی نظامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور ان کے والد ماجد حضرت شیخ مجد الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ابن شیخ سراج الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ابن حضرت خواجہ کمال الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ علامہ چشتی خواہر زادہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت مخدوم خواجہ نصیر الدین روشن چراغ دہلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی نیاز دلائے۔ بعد میں یہ کھانا غریبوں میں تقسیم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہو گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ختم شریف

خواجہ محمد معصوم نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

حل مشکلات اور تمام مقاصد میں کامیابی کے لئے قیوم زمانی حضرت خواجہ محمد معصوم نقشبندی مجددی قدس اللہ سرہ العزیز کا ختم شریف مجرب ہے۔

نماز عصر کے بعد ذیل کے کلمات پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار پڑھے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ ﴿۱۱-۱۱﴾ بار حضرت خواجہ محمد معصوم نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ابن حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور دیگر خواجگان نقشبندیہ کی ارواح مقدسہ پر ایصال ثواب کرے۔

وہ مبارک کلمات یہ ہیں:

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

﴿۵۰۰ بار﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

توشہ سیّدنا شاہ عبدالرزاق قادری رحمۃ اللہ علیہ

قطب الآفاق حضرت سیدنا شاہ عبدالرزاق قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے توشہ کی ترکیب حصول مقصود کے لئے اکسیر ہے۔

- اڑھائی سیر مرغ کا گوشت یا دو مرغ
- ساڑھے تین سیر میدے کی روٹیاں ڈھائی پاؤ گھی

طہارت کے ساتھ کھانا پکا کر سیدنا حضرت شاہ عبدالرزاق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ان کے پیرومرشد حضرت سید میر عبدالصمد قادری احمد آبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، مخدوم حضرت شیخ احمد عبدالحق چشتی ردولوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، اور بزرگانِ سلاسل قادریہ و چشتیہ کی ارواحِ پاک پر ایصال ثواب کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مقصد براری ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باب التسخیر

تسخیر حکّام و محبوب

اگر عدالت میں مقدمہ ہو تو انگلی سے پیشانی پر بائیں جانب سے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

اس طرح لکھے کہ میم (م) کو کان کے برابر سے کھینچتا ہوا رخسار اور ٹھوڑی پر لائے اور پھر بائیں رخسار کی جانب سے بائیں کنپٹی سے ملا دے پھر حاکم کے سامنے جائے۔ حاکم مہربان ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

لکھنے کے وقت سے حاکم کے سامنے جاتے وقت تک کسی سے بات نہ کرے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

فتوحات کیلئے وظیفہ

چاند کی پہلی تاریخ کو ذیل کے اسم ﴿یَامُنْعِمُ﴾ کو چار ہزار چار سو ﴿۴۴۰۰﴾ بار بعد اوّل آخر درود شریف پڑھے تو اس اسم کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اس کے بعد ہمیشہ بعد نماز صبح ﴿۲۰۰﴾ بار ورد رکھے تاکہ وظیفہ جاری و ساری رہے۔ جتنی فتوحات اس اسم میں دیکھی گئی ہیں اتنی اور کسی جگہ دیکھنے میں نہیں آئیں۔ فقیر نے ایک بزرگ کو دیکھا کہ معہ اہل وعیال متوکل تھے وقت ضرورت یہ نقش لکھ کر ہوا میں لٹکاتے تو ایک پہر کے بعد جس چیز کی ضرورت ہوتی غیب سے پہنچ جاتی۔ اور یہ بزرگ کسی کے محتاج نہ تھے۔ اکثر صاحب طریقت بزرگان دین اس اسم کی تعلیم اپنے مریدوں کو کرتے آئے ہیں۔ فقیر بھی اپنے طالبوں کو اجازت دیتا ہے۔ چال کے حساب سے پر کریں۔

۷۸۶

۴۲	۳۵	۲۸	۵۱	۴۴
۴۳	۴۱	۳۴	۳۲	۵۰
۴۹	۴۷	۴۰	۳۳	۳۱
۳۰	۴۸	۴۶	۳۹	۳۷
۳۶	۲۹	۵۲	۴۵	۳۸

فتوحات کیلئے وظیفہ

چاند کے شروع کے دنوں میں اتوار سے شروع کریں جو وقت مناسب ہو اسے مقرر کرلیں پھر اس وقت میں سورۂ الحمد شریف انچاس ﴿۴۹﴾ بار اس ترکیب سے پڑھیں۔ جب ﴿اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ﴾ پر پہنچے تو سات مرتبہ اس آیت کی تکرار کرے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے۔ اسی طرح اکیس ﴿۲۱﴾ دن وظیفہ کریں۔ فتوحات بے شمار ہوں گی اور اللہ تعالیٰ غیب سے دے گا۔ مگر یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرے کہ کون سا وظیفہ کرتا ہوں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بیوی و شوہر میں محبت کیلئے وظیفہ

شوہر اپنی بیوی سے بے التفاتی برتتا ہو اور اس کے نان ونفقہ کی پرواہ نہ کرتا ہو تو بیوی کو چاہیے کہ حسبِ ذیل نقش چاندی کے تعویذ میں کر کے بالوں کے جوڑے میں لپیٹ لے اور سوائے غسل کے وقت یہ تعویذ سر سے جدا نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے شوہر کے دل میں بیوی کی محبت بڑھے گی اور وہ مسخر ہو جائے گا۔

نقشِ مکرم حسب ذیل ہے:

	۷۸۶	
۵۱	۴۶	۵۳
۵۲	۵۰	۴۸
۴۷	۵۴	۴۹

بِحَقِّ یَا عَلِیْمُ

الحبّ فلاں بن فلاں علی حبّ فلانه بنت فلانه.

فلاں بن فلاں جگہ شوہر اور اس کی ماں اور فلانہ بنت فلانہ کی جگہ بیوی اور اس کی ماں کا نام لکھ دیں۔

یہ راز کسی پر ظاہر نہ ہونے دیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معجز نما سُرمہ

سورۂ الحمد شریف باوضو اکیس ﴿۲۱﴾ بار پڑھ کر سُرمہ پر دم کرے اور سُرمہ آنکھوں میں لگا کر حاکم کے پاس جائے حاکم مہربان ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

شوہر کی آوارگی دور کرنے کیلئے وظیفہ

اگر کسی نیک عورت کا شوہر بدچلن ہو تو چاہیے کہ بدھ، جمعرات جمعۃ المبارک تین دن نمازِ فجر کے بعد ذیل کا وظیفہ لکھ کر پانی یا شربت میں گھولے اور شوہر کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر کسی بھی غیر عورت پر قادر نہ ہو سکے گا اور بہت جلد آوارگی سے تائب ہو جائے گا۔ اگر کوئی عورت بدچلن ہو تو اس کی اصلاح کے لئے بھی یہ وظیفہ مجرب ہے۔ وہ یہ ہے:

يَاسَلَامُ الْغُيُوْبِ فَلَا يَغُوْثُ
شَیْءٍ مَنْ حَفِظَهٗ يَا غُلَامُ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تسخیر حُکّام کیلئے وظیفہ

سورۂ فیل ﴿اَلَمْ تَرَ کَیْفَ﴾ اکیس ﴿۲۱﴾ بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور دونوں ہاتھوں کو چہرہ، دونوں بازو اور تمام جسم پر پھیرے

اگر بدمزاج حاکم کے سامنے بھی جائے گا تو مہربان ہو جائے گا، اور جس مقصد کے لئے جائے گا اس میں کامیابی ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بدمزاج شوہر کیلئے وظیفہ

اگر شوہر آوارہ بدمزاج ہو تو سات سو چھیاسی ﴿۷۸۶﴾ بار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

﴿۷۸۶ بار﴾

پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے شوہر کو کھلائے، اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے۔ یہ وظیفہ گیارہ ﴿۱۱﴾ دن کا ہے شوہر بفضلہٖ تعالیٰ سیدھے راستے پر آجائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تسخیر خاص کیلئے

تسخیر امراء و حکّام، محبوب اور فتوحات کے لئے بہت مجرب اور

تیر بہدف ہے۔

ترکیب یہ ہے کہ عروج ماہ جمعرات کو روزہ رکھے اوّل و آخر ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار درود شریف پڑھے اور پھر گیارہ سو بار ﴿یَابُدُّوحُ﴾ پڑھے۔ اس کے بعد اکتالیس ﴿۴۱﴾ نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ اس کے بعد روزانہ پانچ سو ایک ﴿۵۰۱﴾ بار نقش لکھ کر آٹے کی گولیوں میں رکھ کر دریا میں ڈالے۔

جب ایک لاکھ پچیس ہزار ﴿۱۲۵۰۰۰﴾ بار تعداد پوری ہو جائے تب زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب کسی خاص مقصد کیلئے روزانہ گیارہ سو بار اسم پڑھے۔ اس کے بعد جس وقت جس شخص کو یہ نقش جس کام کے واسطے لکھ کر دے گا۔ فوراً مدعا حاصل ہوگا۔ نیز لوح تسخیر بنوا کر پاس رکھیں۔

احتیاط کے مطابق قواعد معلوم کرنا لازم اور ضروری ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

برائے حب

عروج ماہ بروز جمعہ ساعت مشتری یا زہرہ میں قمر زائد النور اور برج ثور یا سنبلہ یا قوس میں ہو اور نظر زہرہ یا مشتری سے تثلیث یا تسدیس ہو تو نام طالب و مطلوب مع نام مادرین استخراج کر کے چار ہزار پانچ سو پچپن عدد جمع پر زیادہ کر کے اور باوضو ہو کر ہرن کی کھال پر بخور مشک کا کر کے اور نقش کو معطر کر کے طالب اپنے بازو پر باندھے اور سات نقش اور اس قسم کے پُر کرے اور فلیتہ تیار کر کے بوقت شب علیحدہ مکان میں بیٹھے اور چراغ مسی میں فلیتہ کو روشن کرے اور یہ عزیمت پڑھے:

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْاَرْوَاحِ الطَّاهِرِيْنَ بِرَبِّنَا وَ رَبَّكُمْ عَلٰى لَّهِيْجِ وَ تَحْرِيْقِ قَلْبِ وَ رُوْحِ وَ جَسَدِ فَلَاں بِنْ فَلَاں بِنَارِ عِشْقِ وَ مُحَبَّتِ

فَلاں بِنْ فلاں فَجَذْبُوْا فَوَارِ وَ
جَمِيْعِ جَوَارِحِ فَلاں بِنْ فَلاں حَتّٰی
لَا يُصْرِ سَاعَةٍ وَ يَسْتَطِيْعُ فِیْ جَمِيْعِ
الْاُمُوْرِ لَيْلًا وَ نَهَارًا كَمَا يَجْذِبُ
الْمَقْنَاطِيْسَ الْحَدِيْدِ وَ بِحَقِّ
اَكْشَائِيْلُ وَ بِحَقِّ الْمُلْكِ الْغَالِبِ
سَدًّا جَنْفَائِيْلُ عَلَيْكُمْ وَ بِجَلَالِهٖ
لَدَيْكُمْ وَ بِحَقِّ اللّٰهِ الْوَدُوْدُ الْوَهَابُ
الْمُبْدِئُ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ بِحَقِّ
بُدُّوْحُ الْوَحَا اَلسَّاعَةِ ○

نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۷	۹	۱۲	۶
۲	۱۶	۱۳	۳
۱۴	۴	۱	۱۵
۱۱	۵	۸	۱۰

مطلوب طالب کے پیار میں بے قرار ہو کر انشاء اللہ تعالیٰ فوراً حاضر ہوگا۔ نہایت مجرب ہے۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

محبت کیلئے وظیفہ

بدمزاج شوہر اپنی بیوی سے آئے دن جھگڑتا رہتا ہے تو اس کیلئے ذیل کا اسم ایک سو انتیس ﴿۱۲۹﴾ بار پڑھ کر میٹھے پر دم کریں۔ اور شوہر کو دیں تین شب لگاتار یہ وظیفہ کریں۔ وہ اسم یہ ہے:

یَالَطِیْفُ

﴿۱۲۹ بار﴾

اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تسخیر کا وظیفہ

شروع ماہ میں ہفتہ کا دن گزار کے رات کو تھوڑی سی چینی لے۔ صبح کو ﴿یعنی اتوار کو﴾ جب نیند سے بیدار ہو تو نمازِ فجر پڑھنے کے بعد ذیل کی آیت اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار پڑھ کر شیرینی پر دم کرے اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے اور بد مزاج بیوی یا شوہر کو کھلا دے اللہ تعالیٰ اس کے سخت دل میں محبت پیدا کر دے گا۔

آیت شریف حسب ذیل ہے:

﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ۝﴾

یہ وظیفہ بار بار تجربہ شدہ ہے صرف صحیح اور جائز محبت کیلئے کرنا چاہیے۔ ورنہ نقصان کا ذمہ دار ناجائز کرنے والا خود ہو گا۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

نافرمان بیوی کیلئے وظیفہ

نافرمان بیوی کو راہِ راست پر لانے کے لئے اسمِ ذیل ہیں ﴿۲۰﴾ بار شیرینی ﴿کسی میٹھی چیز﴾ پر دم کر کے اپنی بیوی کو کھلائے یہ وظیفہ پانچ دن مسلسل کرنا چاہیے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار پڑھیں۔ وہ اسم مبارک یہ ہے:

﴿یَا وَدُوْدُ﴾

﴿۲۰ بار﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

جائز دوستی کیلئے وظیفہ

جائز دوستی کے لئے یہ وظیفہ بے حد مفید ہے۔ سات خوشبودار پھول لے کر پھول پر سات سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے۔

﴿وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَ أَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ﴾

ہر مرتبہ آیت کے آخر میں مطلوب اور طالب کا نام اس طرح لے

اُحِبُّ فلاں بن فلاں علی الحُبِّ فلاں بن فلاں

یہ پھول جس مرد یا عورت کو سنگھائے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ مسخر ہو جائے گا۔

شوہر کی اصلاح کیلئے

کسی عورت کا شوہر بدچلن اور آوارہ مزاج ہو تو حسب ذیل عبارت لکھے اور پانی میں گھول کر شوہر کو سات دن تک پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے غیر عورتوں سے نفرت ہو جائے گی۔

عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَاكَلْكَائِيْلُ يَالَوْمَائِيْلُ يَاكَشْفَائِيْلُ

بَحَقِّ يَابَدُّوْحُ يَابَدُّوْحُ يَابَدُّوْحُ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿میاں بیوی میں محبت کیلئے وظیفہ﴾

حسب ذیل اسم مبارک لکھے اور پانی یا شربت میں گھول کر پلائے انشاءاللہ تعالیٰ دونوں میں محبت ہو جائے گی۔

اسم مبارک یہ ہیں:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

﴿یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَادَیَّانُ بِحَقِّ یَااَللّٰہُ﴾

یہ وظیفہ سات دن مسلسل کرنا چاہیے۔ ناغہ نہ ہو ورنہ شروع سے وظیفہ کرنا پڑے گا۔ لکھنے سے پہلے اور بعد میں درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔ وظیفے کی نیت سے پانچ سو بار روزانہ اکیس دن تک پڑھیں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

تسخیر کیلئے وظیفہ

مطلوب ہو، حاکم ہو، افسر ہو، کوئی بھی شخص ہو اس کی تسخیر کے لیے ذیل کا وظیفہ بارہا کا تجربہ کیا ہوا بے ضرر وظیفہ ہے۔ اس وظیفہ سے آپ جسے چاہیں اسے مسخر کر سکتے ہیں۔

آپ شروع ماہ میں بدھ کے دن روزہ رکھیں اور پاک اور صاف ستھرے سفید کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر عشاء کی نماز کے بعد سو جائیں۔ صبح جمعرات کو فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد کپڑوں پر عطر لگائیں اور خوشبو سلگائیں اس کے بعد یہ وظیفہ ایک سو اکیس ﴿۱۲۱﴾ بار پڑھیں:

﴿یَاجِبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَاتَنْکَفِیْلُ سَخِّرْنِیْ قُلُوْبِ مَخْلُوْقَاتِ جَمِیْعِ بَنِیْ اٰدَمْ وَ بَنَاتِ حَوَّا حَاضِرْ لَیْسَ

بِغَائِبٍ اُحْضِرْ وَ فِيْ الْمُسَخَّرَاتِ يَا مَعْشَرَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۞

اسی طرح روزانہ ایک سو اکیس ﴿۱۲۱﴾ بار یہ وظیفہ چالیس دن تک پڑھتا رہے چلّہ کے دوران میں نماز کی پابندی کرے۔ گناہوں سے بچے اور گائے کا گوشت، انڈا، مچھلی، پیاز لہسن، دودھ، دہی، سرکہ وغیرہ نہ کھائے۔ چلّہ پورا ہو جانے کے بعد کسی پرہیز کی ضرورت نہیں۔

جس عورت یا مرد کو مسخر کرنا ہو تو اکتالیس مرتبہ وظیفہ پڑھ کر اس کا نام کاغذ پر لکھے اور پتھر کے نیچے دبا دے۔ وہ بیقرار ہو کر حاضر ہوگا اور

حکم کی اطاعت کرے گا۔ جس شخص کو یہ دُعا کھانے کی چیز پر دم کر کے دی جائے وہ بھی مسخر ہو جائے گا۔

نوٹ:

یہ اعمال صرف جائز مقصد و محبت کیلئے ہیں ناجائز کرنے والے کو اجازت نہیں ہے۔

تسمیہ سے بیوی و شوہر میں موافقت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿۷۸۶ بار﴾

بیوی شوہر میں موافقت نہ ہو تو بدھ کو بوقتِ طلوعِ آفتاب مٹی کے برتن میں پانی لائیں اور سات سو چھیاسی ﴿۷۸۶﴾ بار پڑھ کر دم کریں۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔ یہ پانی میاں یا بیوی جس کو بھی پلائے گا موافقت ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

میاں بیوی میں موافقت کیلئے

اگر میاں بیوی میں میل محبت نہ ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر پانی یا شربت میں گھول کر میاں بیوی دونوں کو یا جس کی خطا ہو اس کو پلائیں۔ گیارہ دن تک یہ وظیفہ جاری رکھیں جب دونوں میں موافقت ہو جائے تو وظیفہ ختم کردیں۔

یاد رکھنا چاہیے کہ یہ اعمال صرف اور صرف شادی شدہ، میاں بیوی کے لیے ہیں ناجائز جگہ استعمال نہ کیا جائے۔

نقش مکرم یہ ہے:

ل ل ل ل ل ل ل

ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ

عج عج عج عج عج عج عج

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

شوہر کو مطیع کرنے کیلئے وظیفہ

بدمزاج اور بے وفا شوہر کو مطیع کرنے کے لئے ایک مجرب وظیفہ ہے کہ جمعرات کے دن علی الصبح غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہنے اور نمازِ فجر کے بعد درود شریف اور قرآن مجید کی جو سورتیں یاد ہوں پڑھ کر تمام مسلمان مرد اور عورتوں کی ارواح کو ایصال ثواب کرے۔ جب آفتاب طلوع ہو جائے تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اولیائے امت محمدی کی ارواح پاک پر ایصال ثواب کرے اور ایک سو اکیس ﴿۱۲۱﴾ مرتبہ معہ تسمیہ یہ پڑھ کر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے شوہر کو کھلائے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مسخر ہو جائے گا۔

وظیفہ یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبُّ يَا رَاحِمُ﴾

﴿۱۲۱ بار﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

میاں بیوی میں

محبت پیدا کرنے کیلئے عمل

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کے لئے حسب ذیل عمل کریں
اتوار یا پیر کو طلوعِ آفتاب سے پہلے ذیل کا عمل لکھیں:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

﴿وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ
وَ اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ
یَاحَبِیْبُ یَاحَبِیْبُ بِحَقِّ
یَابُدُّوْحُ یَابُدُّوْحُ یَابُدُّوْحُ﴾

نیچے الحب نام شوہر اور اس کی ماں کا علیٰ حب نام زوجہ اور اس کی

ماں کا لکھیں۔ جس کو ضرورت ہو وہ پاس رکھے

یہ عمل بہت آزمودہ ہے۔ ایک ہفتہ کے اندر میاں بیوی کی عدم موافقت ختم ہو کر محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

227
باب الدفع شرِ دُشمن
ی کی عدم

﴿دُشمن سے حفاظت کیلئے وظیفہ﴾

دشمن کے شر سے بچنے کے لئے وقت مقرر کر کے کسی نماز کے بعد روزانہ گیارہ ﴿۱۱﴾ بار ﴿سورۂ لایلاف قریش﴾ کا ورد کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ اپنی رحمتِ کاملہ سے دشمن کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿نقش برائے عزت وسرخروئی﴾

اس تعویذ کو لکھ کر سورۂ یٰسین پڑھ کر کے تعویذ بنا کر پاس رکھے۔ ہر قسم کی ذلت اس شخص کی طرف رُخ نہ کرے گی اور مدام خوش وخرم عزّت وتمکنت سے زندگی بسر کرے گا اور اس کے ہر قسم کے دشمن ذلیل وخوار ہوں گے۔ اگر حکمران کے سامنے جائے گا مثل موم کے حاکم ہو جائیگا جہاں جائے گا مخلوق کی نظروں میں عزیز رہے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۷۹۴	۷۹۷	۸۰۰	۷۸۷
۷۹۹	۷۸۸	۷۹۳	۷۹۸
۷۸۹	۸۰۲	۷۹۵	۷۹۲
۷۹۶	۷۹۱	۷۹۰	۸۰۱

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

برائے زبان بندی حاسداں

اگر حاسدوں کی زبان بندی کرنی ہو تو جب چاند کی آخری تاریخیں شروع ہوں یا قمر در عقرب ہو تو یہ عمل زبان بندی کا کریں۔ منہ میں تھوڑی سی موم رکھ کر کسی سے بات نہ کریں۔ خاموش تنہائی جگہ میں بیٹھ کر حروف صوامت کے ساتھ نام بمع والدہ جس کی زبان بندی کرنی ہو لکھ کر تکسیر کر کے جب زمام نکل آئے تو پھر تمام حروف مرکب کر کے لکھیں۔ پھر ایک سکہ کی پتری پر لکھ کر تختی کے حاشیے پر لکھے:

بستم ہوش و عقل و گوش و زبان و حواس و احساس

ظاہری و باطنی فلاں بن فلاں بستم شود

اس پترے کو اندھیری کوٹھری میں وزن کے نیچے دبا دیں۔ پس حاسد کی زبان ایسی بند ہوگی کہ بات بھی نہ کر سکے گا۔

حروف صوامت یہ ہیں:

اح در س ص ط ع ک ل م و ہ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

برائے اخراج دشمن از مکان

بروز ہفتہ آخری ماہ قمر وقت طلوع آفتاب ساعت زحل ماہ منقلب میں نقش مخمس لکھ کر چاروں طرف یہ آیت لکھیں:

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ

وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ

اس نقش کو لکھنے کے بعد پھر اس نقش کے الگ الگ خانے بنا کر پچیس خانے ہوں گے۔ ہر خانہ میں ایک ایک فلفل سیاہ لپیٹ کر پھر

سورۂ لہب تین سو تیرہ بار پڑھ کر دشمن کے آستانہ میں دفن کر دیں۔ پس بعد ہفتہ قدرت خدا ملاحظہ کریں کام بہت جلدی ہوگا مکان چھوڑ دے گا۔ نوٹ ناجائز ہرگز نہ کریں۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ظالم کے نکالنے کیلئے

ایسے جابر و ظالم شخص کو نکالنے کے لئے یہ وظیفہ کریں جو کہ شرعی طور پر حاکمیت کے قابل نہ ہو، اور مخلوق خدا اس سے تنگ آگئی ہو پس اپنے مکان میں تخلیہ کر کے شب جمعہ بعد نماز عشاء با حالت وضو ایک ہزار بار ﴿سورۂ فیل﴾ پڑھے اور اس طریقے سے نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر صلوۃ وسلام بھیجے جو کہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلِّمَ ؕ

سو بار پڑھنے کے بعد یہ کلمات تین بار کہے:

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اَسْتَجِیْرُ بِکَ مِنْ ظُلْمِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ فَخُذْلِیْ حَقِّیْ مِنْہُ ؕ

چنانچہ وہ شخص خواہ امیر یا حاکم یا جابر زمیندار ہو غرضیکہ کوئی بھی شخص ہو جس کو نکالنا ہو، اس کے لئے یہ وظیفہ کریں۔ اگرچہ والی ولایت ہوگا تو بھی اس پر ایسی بلا نازل ہوگی جس سے اس کا جینا و سنبھلنا مشکل ہو جائے گا۔ آخر کار اس جگہ سے یا اس نوکری سے یا درجے سے معزول ہو جائے گا۔ یہ وظیفہ صحیح و مجرب ہے۔

دُشمن کا خوف دور کرنے کا وظیفہ

اگر دشمن نے اپنے مکروفریب یا ظلم وستم سے خائف کر رکھا ہو تو روزانہ فجر کے بعد سربسجود ہو کر یہ دعا سات مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةَ

اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چندروز کے اندر دشمن ذلیل وخوار ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دشمن کا خطرہ دور کرنے کا وظیفہ

سید السادات قطب الآفاق سیدنا حضرت شاہ عبدالرزاق صاحب قادری بانسوی قدس اللہ سرہ العزیز کے ارشادات میں ہے کہ دشمن کا خطرہ دفع کرنے کے لئے نماز تہجد کے بعد یہ وظیفہ ایک ہزار ایک سو ﴿۱۱۰۰﴾ بار یعنی گیارہ سو بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار

پڑھیں اس وظیفے کو اکیس دن تک جاری رکھیں وہ وظیفہ یہ ہے:

﴿یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْقَھْرِ یَا بَدِیْعُ﴾

﴿اس بات کا خیال رکھیں کہ نا جائز نہ کریں﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿دشمن کی ذلّت کیلئے﴾

جو شخص ﴿سورۂ فیل﴾ روزانہ پابندی سے پڑھتا رہے گا۔ اس کے دشمن کو ہمیشہ ذلّت وخواری نصیب ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ مجرب ہے۔ دشمن کے شر سے بچنے کیلئے لوح مربع بنوا کر پاس کر رکھیں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿دشمن کو سزا دینے کیلئے وظیفہ﴾

اگر دشمن نے بلاوجہ ستا رکھا ہو اور اس کے ہاتھوں عزّت وآبرو

خطرے میں ہوتو منگل کے دن علی الصبح گندم کے ہزار دانے لے کر ہر دانہ پر ﴿سورۂ فیل معہ بسم اللہ﴾ ایک بار پڑھ کر دم کرے۔ اور جب اس آیت پر آئے ﴿كَعَصْفٍ مَّأْكُوْلٍ﴾ پر تو دشمن کی تباہی و بربادی کا تصور کرے۔ جب فارغ ہو تو تمام دانے کسی خشک کنوئیں میں ڈال دے۔ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

یاد رکھنا چاہیے کہ معمولی شکایات کی بناء پر کسی شخص کے خلاف یہ پُر جلال وظیفہ کرنا ہرگز مناسب نہیں، ورنہ نقصان اٹھانا پڑے گا۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی رباعی﴾

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے حضرت شیخ شہاب الدین عمر سہروردی قدس العزیز کی اس رباعی کا ورد مجرب ہے:

غمناک و از پیش تو باغم نروم

جز شاہ و امید دارد حرم زوم

از درگہِ ہمچو تو کریمے ہر گز

نامید کسے نہ رفت و من ہم زروم

تعداد کی کوئی قید نہیں اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار وقت

مقررہ کی پابندی کر کے پڑھے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دشمنوں کی شکست کیلئے

جو شخص یہ نقشِ معظم لکھ کر گلے میں پہنے گا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کوئی دشمن اس پر غالب نہ آسکے گا۔ تعویز کو ہفتہ کے دن زحل کی ساعت میں سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھے اور پاس رکھے اور اللہ تعالیٰ سے دفعیہ دشمن کی دعا کرے۔ نقشِ معظم یہ ہے:

۷۸۶

۸	۶۹	۷۲	۱
۷۱	۲	۷	۷۰
۳	۷۴	۶۷	۶
۶۸	۵	۴	۷۳

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سورہ یٰسین شریف سے دُشمن کو بھگانا

کسی سخت دشمن سے مقابلہ ہوتو اسے بھگانے اور شکست دینے کے لئے سورہ یٰسین شریف کا وظیفہ مجرب ہے رات کو تنہا مقام پر باوضو تیس ﴿۳۰﴾ بار روزانہ پڑھے۔ دشمن اس مقام سے بھاگ جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کو ذلت و شکست نصیب ہوگی۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ناجائز تعلقات چھڑانے کا وظیفہ

ذیل کا وظیفہ نہایت سخت ہے لیکن بلا وجہ نہ کیا جائے پہلے کسی عالمِ دین سے مشورہ کریں جائز ضرورت کے لئے کریں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی فرمائیں گے جن دو کے درمیان عداوت و نفرت کرانی ہوتو ان کا مکمل تصور کر کے ﴿سورت لهب﴾ سپارہ تیس ﴿۳۰﴾ کو ایک سو

ایک ﴿۱۰۱﴾ بار پڑھیں نیز سورت کوثر کو بھی اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار پڑھنا مفید ہے یہ وظیفہ ان کے لئے ہے جن کے بچے ناجائز دوستی و محبت میں گرفتار ہوں اس وظیفہ کو سات دن کریں اگر کام نہ ہو تو اگلے سات دن پھر کریں اگر پھر بھی نتیجہ نہ آئے تو اگلے آٹھ دن پھر اس وظیفہ کو کریں اب انشاء اللہ ضرور بہ ضرور کام بن جائے گا اس وظیفہ کا تجربہ بارہا مرتبہ ہو چکا ہے اللہ تعالیٰ آپکو کامیاب فرمائے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

باب الاستخارہ

استخارہ

استخارہ ایک مسنون عمل ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم استخارہ کرنے کا حکم صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ارشاد فرماتے تھے۔ مسنون استخارہ کبھی غلط نہیں ہوتا لیکن کچھ ایسے امور ہوتے ہیں جن کو قدرت پوشیدہ رکھنا چاہتی ہے جن کا استخارہ سے جواب نہیں ملتا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

استخارہ

جب آپ کسی کام کے بارے میں معلوم کرنا چاہتے ہوں تو قرآن مجید کی سورۃ القدر ﴿انّا انزلناہ﴾ تیسویں ﴿۳۰﴾ پارہ میں ہے: اس کو خوب اچھی طرح اعراب وتلفظ کے ساتھ یاد کریں عشاء کی نماز کے بعد جب آپ سونے لگے تو اوّل دو رکعت نماز حاجت برائے استخارہ کے ادا کریں بعد از سلام کے اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار سورہ قدر

پڑھیں اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں اور بغیر کسی سے بات کیے سو جائیں اس وظیفہ کو سات سے گیارہ دن تک کریں انشاءاللہ خواب میں جواب مل جائے گا۔

نوٹ:
بستر اور جگہ اور لباس پاک اور خوشبودار ہوں اور رات کو باوضو سونا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

استخارہ قلب بطور مراقبہ

حضرت امام رضا علیہ السلام سے نقل ہے کہ اوّل دو رکعت نماز استخارہ پڑھے بعد سلام سورۂ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھ کر پھر سو مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھے:

اَسْتَخِیْرُ للّٰہِ

﴿۱۰۰ بار﴾

اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے۔ پھر اپنے دل کی طرف نظر کریں کہ دل میں کیا بات اُٹھتی ہے۔ رفتن یا نہ رفتن یا کروں یا نہ کروں۔ جیسے دل کی آواز سے تمہیں معلوم ہو پس اسی کے مطابق عمل کریں۔ یہ عین حکم الٰہی سے درست اور بہتر ہوگا۔

استخارہ کا بہترین وظیفہ

استخارہ کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعتوں کی نیت کر کے چھ رکعت حسب ذیل طریقے سے پڑھے:

پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَالشَّمۡس﴾ ﴿۷ بار﴾

دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَاللَّیۡل﴾ ﴿۷ بار﴾

تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿وَالضُّحٰی﴾ ﴿۷ بار﴾

چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿اَلَمۡ نَشۡرَح﴾ ﴿۷ بار﴾

پانچویں رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿اِنَّآ اَنۡزَلۡنَا﴾ ﴿۷ بار﴾

چھٹی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ﴾ ﴿۷ بار﴾

ان تمام سورتوں کو مکمل پڑھے نماز سے فارغ ہو کر درود شریف پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط﴾

﴿اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ اِبۡرَاهِيۡمَ وَ مُوۡسٰی وَ رَبَّ اِسۡحٰقَ وَ يَعۡقُوۡبَ وَ رَبَّ جِبۡرَائِيۡلَ وَ

رَبَّ مِیْکَائِیْلَ وَ رَبَّ اِسْرَافِیْلَ
وَ رَبَّ عِزْرَائِیْلَ وَ یَا رَبَّ
مُنَزِّلَ الصُّحُفِ وَ مُنَزِّلَ
التَّوْرَاۃِ وَ الْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ
وَالْفُرْقَانِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذِہِ
اللَّیْلَۃُ مِنْ اَمْرِیْ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ

بِہٖ

انشاء اللہ تعالیٰ پہلی رات کو معلوم ہو جائے گا کہ کسی خاص معاملہ میں حکمِ خدا کیا ہے۔ پہلی رات اگر امر غیبی ظاہر نہ ہو تو دوسری شب بھی یہی وظیفہ کرے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

استخارہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ العزیز ”قول

جمیل" میں ارشاد فرماتے ہیں کہ:
اگر کوئی شخص اپنے کام میں بحالتِ خواب حکمِ خدا معلوم کرنا چاہے تو رات کو وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے داہنی کروٹ لیٹے اور ﴿سورۃ والشمس﴾ ﴿سورۃ واللیل﴾ اور ﴿سورۃ الاخلاص﴾ سات سات ﴿۷۔۷﴾ بار پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ﴾ اپنے کام کا خیال کرے ﴿وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجاً وَّ مَخْرَجاً وَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَتِهٖ وَ عَرِّفْنِیْ﴾

جو کچھ ہونے والا ہے انشاءاللہ تعالیٰ پہلی یا دوسری رات میں معلوم ہو جائے گا۔ انتہا سات رات تک ہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿باب الامراض﴾

درد سر کیلئے

درد سر کے لئے اس نقش کو لکھ کر تین دن پہلے سر پر باندھیں تین دن کے بعد نقش کو گلے میں ڈالیں اس نقش کو کسی ﴿قمر کی﴾ نیک ساعت میں لکھیں موم جامہ کر کے ﴿چاندی کے کور میں بند کر کے﴾ گلے میں پہنیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔

٧٨٦

٤	٩	٢
٣	٥	٧
٨	١	٦

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بیماریوں کا علاج

نماز پنجگانہ کے بعد اور نمازِ مغرب کی سنتوں میں سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھنا تمام بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ بزرگوں کی کثیر تعداد نے اس پر عمل کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جوڑوں کی تکالیف

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ انسان کے جسم میں تین سو ساٹھ ﴿۳۶۰﴾ جوڑ ہیں لہٰذا ہر مسلمان کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے جسم کے ہر جوڑ کے بدلہ میں صدقہ دے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا:

یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کون اس کی طاقت رکھتا ہے کہ اپنے جسم کے ہر ہر جوڑ کے بدلے صدقہ دے۔

تو آپ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ:
مسجد میں پڑے ہوئے تھوک کو دفن کرنا صدقہ ہی دینا ہے راستہ
سے کسی تکلیف دہ چیز مثلاً پتھر کو ہٹا دینا بھی ایک صدقہ ہے اگر تو تین سو
ساٹھ ﴿۳۶۰﴾ جوڑ کی طرف سے صدقہ دینے کی کوئی چیز نہ پائے تو
﴿ضحٰی﴾ یعنی اشراق کی دو رکعت پڑھ لینا تمہارے لئے کافی ہیں۔
اس کے بعد کسی صدقہ کی ضرورت نہیں۔

﴿روایت: ابوداؤد﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اسقاطِ حمل کیلئے

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو جب حمل کے آثار معلوم ہوں
تو چاہئے کہ صبح اپنی بیوی کو زمین پر لٹا کر گیارہ مرتبہ اسم شریف
''یا حفیظ'' پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دَم کر کے زیر سینہ سے ناف
تک پسلیوں کے آثار تک کرائے سینہ کے اوپر سے چکر دیتے ہوئے
پہلوؤں کی طرف زیر ناف تک گھماتے ہوئے دوسری طرف سے اس
جگہ ختم کر دے جہاں سے لکیر شروع کی تھی یہ عمل زیادہ سے زیادہ
تیسرے مہینہ سے شروع کر دیں۔ یہ دور وضع حمل تک ہر ماہ ایک مرتبہ

حصار کر دیا کریں۔ کوئی تاریخ مقرر نہیں۔ مگر مہینہ میں ایک بار کر دیا کریں باوضو ہوں دونوں میاں بیوی۔ بسم اللہ شریف پڑھ کر گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر حصار کر دیا کریں۔ انشاء اللہ حمل ساقط نہ ہوگا۔

نوٹ:

یہ وظیفہ صرف بیوی کا شوہر کرے۔ کسی دوسرے فرد کو اس عمل کے کرنے کی اجازت نہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

زیادہ نیند کو زائل کرنے کا وظیفہ

جس شخص پر وردو وظائف پڑھتے ہوئے یا کسی نیک صحبت میں بیٹھے ہوئے یا سفر میں سواری پر جاتے ہوئے یا ایسے ہی نیند آئے اور وہ دفع کرنا چاہے تو ان آیات کریمہ کا ورد رکھے اور اللہ تعالیٰ سے نیند کی شدت زائل کرنے کی دُعا کرے پس نیند میں کمی واقع ہوگی۔

آیت کریمہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ

اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ

یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا

وَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ

مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ

الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ

الْعٰلَمِیْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا

وَّ خُفْیَةً ط اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ

الْمُعْتَدِیْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی

الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ

خَوْفًا وَّ طَمَعًا ط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ

وظیفہ برائے مارگزیدہ

مجربات میں سے ہے۔ جب کسی کو سانپ کاٹے تو اس کی پیشانی پر یا جو شخص مارگزیدہ کے پاس سے آیا ہو۔ اس کی پیشانی پر شہادت کی انگلی سات مرتبہ پھیریں اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور دم کریں۔ اوّل آخر درود شریف تین تین بار پڑھیں۔

دعا یہ ہے:

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ○ فَاَلْقٰهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ○

پارہ ۱۶ طٰہٰ ۱۸، ۱۹

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ ہر قسم کے زہر کو زائل کرنے کیلئے ﴾

جب کسی زہریلی چیز نے کاٹا ہو یا سانپ نے کاٹا ہو تو ﴿سورۂ فلق﴾ تین دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس کو پلا دیں فوراً ہوش میں آ جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اگر مار گزیدہ خود حاضر ہو جائے تو ﴿سورۂ فلق﴾ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس کو پلا دیں اور پوست ریٹھہ، نوشادر ٹھیکری، پھٹکڑی سفید خام تینوں ہم وزن کھرل کر کے سفوف بنا کر کیپسول میں ڈال کر ماشہ سے دو ماشہ تک ہر آدھا گھنٹہ کے بعد دودھ کی کچی لسی نمکین بنا کر پلاتے رہیں۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔

اوّل مریض کو سبز رنگ کے پاخانے آئیں گے۔ دوا کے کیپسول کھاتا رہے۔ جب پاخانے کا رنگ پیلا یا سفید ہو جائے اور اندازہ ہو جائے کہ زہر خارج ہو گیا ہے تو پھر تیز پتی والی چائے پلا دیں۔ پاخانے بند ہو جائیں گے اور تخم املی چھیل کر تھوڑا سا رگڑ کر جس جگہ سانپ نے کاٹا ہے وہاں لگائیں چپک جائے گا۔ جب گر جائے دوسرا لگا دیں۔ جب تخم املی نہ چپکے تو سمجھیں کہ زہر ختم ہو چکا ہے۔ پس مریض تندرست ہو جائے گا۔

اگر سانپ کی کاٹی ہوئی جگہ پر گہرا زخم ہو جائے تو پیاز اور نوشادر

دونوں کوٹ کر نغدہ بنا کر زخم پر باندھیں نغدہ زرد ہو جائے گا۔ نغدہ دوبارہ باندھیں۔ جب نغدہ زرد نہ ہو تو سمجھیں کہ زہر ختم ہو گیا اور مریض تندرست ہو گیا ہے۔

اگر مار گزیدہ کے مریض کو نیند آتی ہے یا مستی معلوم ہوتی ہے تو سونے نہ دیں ﴿سورۂ فلق﴾ پانی پر پڑھ کر پلاتے رہیں اور یہ وظیفہ بار بار کرتے رہیں۔ یہ وظیفہ بارہا کا تجربہ کیا ہوا اور آزمودہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وقت پر بیداری کیلئے وظیفہ

جو کوئی رات کے کسی وقت میں بیدار ہونا چاہے تو سوتے وقت سورۃ کہف کے آخری رکوع میں ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا﴾ سے لے کر آخر سورت تک ان چاروں آیات کی تلاوت تین تین بار کرے۔ پھر کہے اے اس آیت شریف کے خادموں مجھے فلاں وقت پر جگا دینا بابرکت ان آیتوں کے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وقت مقررہ پر بیدار ہو گا۔ مجرب است!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وقت پر بیداری کیلئے

اکثر بزرگوں کو دیکھا گیا ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے لئے یا تہجد پڑھنے کے لئے وقت مقررہ پر بیدار ہوتے تھے۔ ان کا طریقہ کار یہ تھا کہ اپنا نام پکار کر سوتے وقت کہتے کہ مجھے فلاں وقت پر بیدار کر دینا۔ فی الحقیقت یہ بھی درست ہے۔ فوراً وقت پر بیدار ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

آشوبِ چشم کیلئے

اگر آشوبِ چشم کا مرض لاحق ہو تو بیری کے تین پتے لے کر ایک پتے پر یہ لکھے:

بِسْمِ اللّٰہِ یَاشَافِیْ

دوسرے پتے پر لکھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ یَاشَافِیْ

تیسرے پتے پر لکھے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یاشافی

جب تینوں پتوں پر ترتیب سے اوپر نیچے لکھ چکے تو سوتے وقت ترتیب سے اوپر نیچے رکھ کر آنکھ پر رکھ کر باندھے۔ تین رات یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

یرقان سے بچاؤ کیلئے

اگر کسی شخص کو یرقان ہو گیا ہو تو وہ پہلے سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ، پھر سورۃ الحشر ۷ مرتبہ اور پھر ایک مرتبہ سورۃ القریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے اُس وقت تک پلائیں جب تک فائدہ نہ ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مجرب برائے اٹھرہ

بعض عورتوں کو اکثر حمل نہیں ہوتا، اگر ہو جائے تو دو چار مہینے کے بعد گر جاتا ہے عام لوگ عارضی علاج کرنا جانتے ہیں، حمل پورا پہنچ بھی

جائے تو بچہ پیدا ہونے کے بعد بچہ مختلف بیماریوں یا کبھی کبھی رنگ بدلتا
رہتا ہے۔ آخر کار مشکل سے بچتا ہے۔ لہٰذا ہمارا معمول اور مجرب
طریقہ اٹھرہ یہ ہے کہ ﴿سورۂ کوثر﴾ لکھ کر بطور تعویز عورت کے گلے
میں ڈالیں اور یہی ﴿سورۂ کوثر﴾ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھوکر
پلایا کریں۔ ہر قسم کا اٹھرہ پن بالکل دور ہو کر بچہ تندرست پیدا ہوگا اور
پیدا ہونے کے بعد کوئی بیماری نہ رہے گی۔ عام اجازت ہے جس کا دل
چاہے مخلوق کی خدمت کرے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿وظیفہ برائے حمل﴾

بعض عورتوں کو اکثر حمل نہیں ہوتا ان کے لئے ﴿سورۂ اخلاص﴾
لکھ کر پانی سے دھوکر روزانہ پلایا کریں اور سورۂ اخلاص لکھ کر تعویذ بنا
کر گلے میں ڈالیں۔ اگر کسی بیماری کی وجہ سے رحم میں کوئی خرابی ہو تو
اس کا علاج بھی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چار مہینے تک استعمال کرنے
سے خواہ اسی سالہ عورت کیوں نہ ہو وہ بھی حاملہ ہو جائے گی۔ اکثر
بزرگوں سے یہی سنتے اور دیکھتے آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے
عورت کے ہر مرض ٹھیک ہو جائیں گے اور عورت حاملہ ہوگی۔

﴿درِدزہ کیلئے﴾

اکثر بزرگانِ دین کو دیکھا گیا ہے کہ صرف ذیل کے کلمات لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالتے تو فوراً بچہ پیدا ہو جاتا۔ مجرب است!!

وہ کلمات یہ ہیں:

﴿لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمْ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿بواسیر سے نجات کیلئے﴾

بواسیر سے نجات پانے کے لئے دو رکعت سنت فجر میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿سورۂ الم نشرح﴾ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿سورۂ فیل﴾ پڑھے اور وتر عشاء کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿سورۂ الاعلیٰ﴾ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿سورۂ الکافرون﴾ اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے

بعد ﴿سورۂ اخلاص﴾ پڑھنے کی مداومت رکھے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

﴿برائے دردِ زہ﴾

دردِ زہ کے لئے اس نقش کو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں۔ بچہ باآسانی پیدا ہو جائے گا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً نقش کھول دیں نقش یہ ہے:

۷۸۶

محمد	بیاید	ہوائے	سفر
بیاید	کہ بیند	سفر	در سفر
ہوائے	سفر	دوستی	اے پسر
سفر	در سفر	اے پسر	خوب تر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿امراض سے شفاء کیلئے وظیفہ﴾

اگر کوئی ایسا مرض ہو گیا ہو جس سے ڈاکٹر و حکیم عاجز آگئے ہوں تو اس وقت اس وظیفہ کو استعمال میں لائیں۔ یہ وظیفہ ہر قسم کی بیماری

ظاہری وباطنی کے لئے سریع الاثر ہے۔

صبح کی نماز کے بعد اس وظیفہ کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار اکیس ﴿۲۱﴾ دنوں تک تلاوت کریں پانی پر، یا دودھ پر یا شہد پر دم کریں اور مریض کو صبح نہار منہ استعمال کروائیں اگر ہو سکے تو مریض پر بھی دم کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور مریض کی صحت یابی کے لئے دعا کریں۔

﴿وظیفہ﴾

﴿یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالشِّفَآءِ یَا بَدِیْعُ﴾

وقت اور جگہ کی پابندی کریں اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار تلاوت کریں اور اپنے لئے یا جس کی بیماری کے لئے کرنا ہو تو اس کی بیماری کو ذہن میں رکھیں اور یوں عرض کریں کہ اے اللہ تعالیٰ!! اس وظیفہ کے ذریعہ ہمیں اس بیماری سے شفاء حاصل ہو۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

چہرے کی روشنی کیلیئے وظیفہ

چہرے کو روشن اور نورانی کرنے کے لئے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

یَانُوۡرُ السَّمٰوَاتِ وَالۡاَرۡضِ

روزانہ بکثرت پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مرگی سے نجات کیلیئے

مرگی والے شخص کے کان میں ذیل کے کلمات تین سو اکیاون ۳۵۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ اوّل آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھیں۔ کلمات یہ ہیں:

یَاشَافِیۡ

۳۵۱ بار

دردِ چشم

اگر آنکھ میں درد ہو تو یہ تعویذ لکھ کر رات کو آنکھ پر باندھیں اور سو جائیں۔ صبح کو تعویذ اتار دیں وہ تعویذ یہ ہے:

۷۸۶

احمد	محمد
مرتضٰی	مصطفٰی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کسی چیز کا کاٹنا

اگر کسی شخص کو دیوانہ کتا یا گیدڑ کاٹ لے تو پاک مقام کی خاک لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیت کریمہ کو اکیس ﴿۲۱﴾ بار پڑھ کر دم کرے۔ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے۔ پھر اس خاک کو زخم پر لگائیں۔

وہ آیت پاک یہ ہے:

﴿يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَاماً وَّقُعُوْداً
وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ يَتَفَكَّرُوْنَ
فِىْ خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ
رَبَّنَآ مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا
سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾

(سورۃ آل عمران،۱۹۱)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باب الجن وآسیب

مکان کا آسیب دور کرنے کیلیے

اگر کسی مکان میں آسیب ہو یا مکان میں ڈر اور خوف معلوم ہو تو
رات کو سوتے وقت دیوار پر انگلی سے ذیل کے کلمات لکھ دے:

حضرت مخدوم شاہ مینا رحمۃ اللہ علیہ

ان شاء اللہ تعالیٰ اس مکان میں آسیب وخوف وڈر معلوم نہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

آسیب یا جن کا اثر دور کرنا

اگر کسی پر جن دیو پری یا کسی قسم کا دوسرا آسیب کا اثر ہو جس سے
مریض برے برے خواب اور ہمیشہ مختلف قسم کی بیماریوں میں رہتا ہو تو
اس نقش کو تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں۔ اچھا ہو جائے تو بہتر ورنہ اس
نقش کو کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں دیں
خواہ کسی قسم کا آسیب کیوں نہ ہو فوراً بولنے لگ جائے گا اور شور وغل

مچائے گا کہ مجھے چھوڑ دیں اگر عہد دے تو چھوڑ دیا جائے تو بہتر ہے۔ پھر اس مریض کے پاس کوئی آسیب نہ آئے گا۔ یہ طریقہ اکثر بزرگان کاملین کا تجربہ شدہ ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۳۲	۱۲۷	۱۳۴
۱۳۳	۱۳۱	۱۲۹
۱۲۸	۱۳۵	۱۳۰

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جن و بھوت کا سایہ دور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی آدمی پر کسی جن یا بھوت کا اثر ہو گیا ہو تو اس کے لئے اس کے دونوں کانوں میں چہل کاف شریف گیارہ گیارہ ﴿۱۱-۱۱﴾ بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھ کر دم کرے۔ یہ بہت مجرب ہے۔ چہل کاف شریف پہلے لکھا جا چکا ہے لیکن قارئین کی سہولت کے لئے اور کتاب کی برکت کے لئے دوبارہ لکھا جا رہا ہے۔

﴿ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ

وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ

مِنْ كَلَكَ تكِرٌّ كَرًّا كَكَرِّالكَرِّ

فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً

كَلَكْلُكٍ كَلَكَ كَفَاكَ مَابِيْ

كَفَاكَ الْكَافِ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا

كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ

الْفَلَكِ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

واسطے جلانے آسیب کے

ذیل کا نقش لکھ کر فلیتہ بنائیں اور میٹھے تیل کے چراغ میں روئی

لپیٹ کر آسیب زدہ ﴿یعنی جس کو آسیب لاحق ہو﴾ کے سامنے چراغ روشن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جل جائے گا۔

نقش مکرم یہ ہے:

۷۸۶

ج د اا د ج د اا د ح

بحق یابدوح یاتنکفیل

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿بھوت جلانے کا نقش﴾

جس عورت یا مرد پر بھوت پریت کا اثر ہو تو اس کے لئے ذیل کا نقش لکھ کر اس کو دکھائے اور موم جامہ کر کے اس کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بفضلہٖ تعالیٰ خبیث رُوحوں کا اثر زائل ہوگا:

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

نیز چاندی کی ایک تختی پر نقش بالا لکھوا کر بچوں کے گلے میں ڈال دیں تو وہ نظر بد اور آسیب سے محفوظ رہیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مکان سے آسیب دور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی مکان میں آسیب وارواحِ خبیثہ کا گزر ہو تو اس کے چاروں کونوں میں اذان دینی چاہیے۔ یہ بہت ہی مجرب عمل ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

269
باب المفرور

مفرور کی واپسی کیلیے دُعا

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس کی واپسی کے لیے حسب ذیل دُعا مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا جَامِعُ النَّاسِ لَارَيْبَ فِيْهِ

اِجْمَعْ عَلٰى ضَالَّتِىْ

عصر و مغرب کے درمیان روزانہ اکتیس ﴿۳۱﴾ بار پڑھے اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

برائے گریختہ

یہ عمل گردنامہ بھاگے ہوئے بچے و ملازم وغیرہ کے لیے ہے ایک

کاغذ پر یہ آیت سات بار لکھ کر جس گھر سے بھاگا تھا اس میں لٹکا دی جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کہیں اس کا پاؤں نہیں لگے گا۔ حیران و پریشان پھرتا رہے گا۔ حتیٰ کہ لوٹ کر اپنے گھر آجائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

﴿اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

﴿گمشدہ چیز ملنے کا وظیفہ﴾

حضرت خواجہ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی مشہور تصنیف ﴿عوارف المعارف﴾ کے اندر گمشدہ چیز کو تلاش کرنے کا بہترین وظیفہ لکھتے ہیں فرماتے ہیں کہ:

جس سے کوئی شے گم ہو جائے یا کوئی آدمی گم ہو جائے تو اس وظیفہ کو قبلہ رخ مصلّٰی پر بیٹھ کر پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار پڑھیں اور اوّل و

آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گمشدہ چیز واپس مل جائے گی۔

وظیفہ یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

﴿یَا جَامِعُ النَّاسِ لَارَیْبَ فِیْهِ

اِجْمَعْ عَلٰی ضَالَّتِیْ﴾

﴿گمشدہ چیز کیلئے وظیفہ﴾

﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾

جب کوئی حاجت پیش آئے، یا کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا کسی جگہ چیز رکھ کر بھول جائے یا کسی بات کا صدمہ ہو تو اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار اور کثرت سے اس وظیفہ کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر معاملے میں بہتری ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

273
باب الخیر و برکت

مال و دولت و برکت کیلئے وظیفہ

حدیث شریف میں ہے حضور اکرم نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے فرمانِ عالیشان کا مفہوم ہے کہ:

جو شخص سورۂ واقعہ شریف ہر روز مغرب کی نماز کے بعد پڑھے گا یا رات کو پڑھے گا تو اس کو کبھی فاقہ نہیں ہوگا۔

یعنی اس کی روزی تنگ نہ ہوگی۔

حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد محترم رحمۃ اللہ علیہ سے یہ عمل پایا تھا یہ عمل بہت ہی مجرب ہے نماز عشاء کے بعد سونے سے پہلے ایک مرتبہ سورۂ واقعہ شریف پڑھ لیا کریں۔

سورۂ واقعہ شریف قرآن مجید کے ستائیسویں پارہ کے تقریباً نصف کے بعد آتی ہے۔ یہ عمل حدیث پاک سے ہے اور نہایت مجرب ترین عمل ہے اور بزرگانِ دین کا مجرب ہے اس سے پرتاثیر عمل دنیا میں کون سا ہو سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿خیر و برکت کا وظیفہ﴾

حضور اکرم رسول مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جس کا مفہوم کچھ یوں ہے:

﴿جو شخص اس وظیفہ کو پڑھے گا اس کے ستر دروازے نقصان کے بند رہیں گے سب سے چھوٹا دروازہ فقر و فاقہ ہے۔﴾

﴿وظیفہ﴾

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه﴾

اس وظیفہ کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک تسبیح مکمل پڑھیں یعنی ﴿۱۰۰﴾ بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔ اگر کبھی دیر بھی ہو جائے تو اس وظیفہ کو نماز فجر کے فوراً بعد پڑھ لیں اگر ہو سکے تو سو ﴿۱۰۰﴾ بار اس وظیفہ کو بھی ساتھ پڑھ لیں۔

اگر وظیفہ ھذا ساتھ پڑھ لیں تو سونے پر سہاگہ ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم

تہہ خانے کی حفاظت کیلئے

اگر زر و سیم تہہ خانہ میں رکھا گیا ہو تو اس کی حفاظت کے لئے حسب ذیل کلمات کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر تہہ خانے کے چار گوشوں میں لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نقصان سے محفوظ رہے گا۔

زراعت کی حفاظت کے لئے بھی کھیت کے چاروں گوشوں ہی میں دفن کریں۔ کھیت ہر نقصان سے انشاء اللہ تعالیٰ بچا رہے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں:

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبد اللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن مناف

یہ عمل جائز دولت اور زراعت کی حفاظت کے لئے کیا جا سکتا ہے۔ اگر مال حرام ہو یا اس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو یا فصل ناجائز جگہ پر کاشت کی گئی ہو تو ہرگز فائدہ نہ ہوگا۔

مال میں برکت کیلئے

نماز جمعہ کے بعد ﴿سورۃ اخلاص﴾ ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار پڑھ کر جائز مال پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ بہت خیر و برکت ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

عمر میں برکت کے لئے وظیفہ

درازیٔ عمر و عمر میں برکت کے لئے سلسلہ عالیہ شیطاریہ کا مجرب وظیفہ ہے:

بعد نماز فجر ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار

هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

بعد نماز ظہر ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار

هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

بعد نماز عصر ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار

﴿هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْم﴾

بعد نماز مغرب ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار

﴿هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْم﴾

بعد نماز عشاء ایک ہزار ﴿۱۰۰۰﴾ بار

﴿هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْر﴾

اوّل و آخر درود شریف اکیس بار پڑھیں اس ذکر سے عمر میں برکت پیدا ہوتی ہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿عمر و صحت میں ترقی کیلئے وظیفہ﴾

شب جمعہ کو نماز عشاء کے بعد چار رکعت ایک سلام کے ساتھ حسب ذیل طریقہ سے پڑھے:
ہر رکعت میں سورہٗ فاتحہ کے بعد ﴿اِنَّآ اَنْزَلْنَا﴾ تین ﴿۳﴾ بار اور ﴿سورہٗ اخلاص﴾ پندرہ ﴿۱۵﴾ بار پڑھے۔

سلام پھیرنے کے بعد سر بسجود ہو کر تین مرتبہ پڑھے:

﴿یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ثَبِّتْنَا عَلَی الْاِیْمَانِ﴾

پھر بیٹھ کر یہ دعا پڑھے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بَرَکَةً فِیْ الْعُمْرِ صِحَّةً فِی الْبَدْنِ وَ رَاحَةً فِیْ الْمَعِیْشَةِ وَ وُسْعَةً فِیْ الرِّزْقِ وَ زِیَادَةً فِیْ الْعِلْمِ وَ ثَبِّتْنَا عَلَی الْاِیْمَانِ﴾

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی عمر ایمان اور صحت و رزق میں نمایاں ترقی ہو گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باب صالحہ رشتہ

(لڑکوں اور لڑکیوں کے نیک رشتوں کیلئے وظائف)

وظیفہ برائے رشتہ

جب کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اس کو چاہئے کہ صوم الصلوٰۃ کی پابندی کرے اور وقت اور جگہ کی پابندی کرے اور اس وظیفہ کو چار سو پچاس بار بعد از نماز عشاء پڑھے اول وآخر درود شریف گیارہ بار پڑھے اکیس دن تک اس وظیفہ کو کرے۔ وظیفہ کے اختتام پر اللہ کے حضور اپنے رشتے کیلئے دُعا کرے۔

وظیفہ:

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الوَ کِیْلُ

نِعْمَ المَوْ لٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿بیٹی کے رشتہ کیلئے وظیفہ﴾

سورۃ والضحیٰ کو عاملین نے پرتاثیر مانا ہے اس میں نو مقام پر
کاف ﴿ک﴾ آیا ہے اس لئے اس کا وظیفہ یوں کرنا چاہیے کہ جب
آپ نماز فجر ادا کر چکیں تو وہیں بیٹھیں اور سورۃ والضحیٰ اس طرح
پڑھیں کہ جب کاف ﴿ک﴾ آئے تو ﴿یَا کَرِیْمُ﴾ نو مرتبہ پڑھیں
اسی طرح ہر ﴿ک﴾ پر سورت مکمل کریں یہ وظیفہ نو ﴿۹﴾ دن تک
کریں کام ہو جائے گا اگر خدانخواستہ نہیں ہوا تو پھر اگلے نو ﴿۹﴾ دن
ہر کاف ﴿ک﴾ پر اٹھارہ ﴿۱۸﴾ بار ﴿یَا کَرِیْمُ﴾ پڑھیں۔ اگر پھر بھی
نہ ہو تو اگلے نو ﴿۹﴾ دن ستائیس ﴿۲۷﴾ بار ہر کاف پر ﴿یَا کَرِیْمُ﴾
کو پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ شرطیہ رشتہ کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔
نیز رشتے کیلئے لوح بنوا کر پاس رکھیں

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

رشتہ کیلئے وظیفہ

آج کل یہ مسئلہ ہر گھر میں ہے کہ پہلے تو اچھے رشتے نہیں آتے اگر آتے ہیں تو کوئی بات نہیں بنتی۔ اس وجہ سے لڑکیوں کے والدین سخت پریشان ہیں۔ میں اس کے حل کے لئے ایک سریع الاثر وظیفہ پیش کرتا ہوں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کو جو کوئی مرد و عورت صوم وصلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ پڑھے گا وہ ضرور کامیاب ہوگا۔

بعد از نماز عشاء (عشاء کے بعد کوئی سا بھی وقت ہو) وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اس وظیفے کو اکیس ﴿۲۱﴾ دن تک پڑھیں ہر روز وظیفے کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی کامیابی کی دعا کریں۔

اوّل و آخر درود شریف درودِ ابراہیمی ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار پڑھیں اور یہ وظیفہ بارہ سو ﴿۱۲۰۰﴾ بار پڑھیں:

﴿اَلْمُعْطِیُ ھُوَ اللّٰہُ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

بیٹی کے رشتے کیلئے وظیفہ

نمازِ عصر کے بعد وقت اور جگہ کی پابندی کر کے اوّل و آخر درود شریف (۱۱-۱۱) بار پڑھیں درمیان میں اس وظیفے کو پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھیں پڑھتے وقت اپنے مقصد و حاجت کو ذہن میں رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد مراد پوری ہوگی۔

فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِیْ كُلَّ صَعْبٍ

بِحُرْمَتِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

لفظ (سَهِّلْ) کو تین بار تکرار کریں یعنی آخری لفظ کو سَهِّلْ، سَهِّلْ، سَهِّلْ پڑھیں۔ بغیر ناغہ کے یہ وظیفہ اکیس دن تک کریں ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رشتے کیلئے وظیفہ

جب آپ کی کوئی حاجت ہو مثلاً نوکری نہ ملتی ہو، رشتہ نہ ہوتا ہو،

کاروبار میں بندش ہو، غرض یہ کہ ہر کام کے واسطے یہ وظیفہ نہایت ہی مجرب ہے اس وظیفہ کو پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار اور وظیفہ کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار کم از کم اکیس ﴿۲۱﴾ دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی جائز مراد پوری ہوگی۔

وظیفہ یہ ہے:

﴿یَا فَتَّاحُ الَّذِیْ فَتَحَ کُلَّ اَبْوَابٍ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿نیک رشتے کیلئے وظیفہ﴾

صالح رشتے کے لئے دو رکعت نماز نفل اس طرح سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس بار آیت الکرسی، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر سبحان اللہ ﴿۳۳﴾ بار، الحمد للہ ﴿۳۳﴾ بار اللہ اکبر ﴿۳۴﴾ بار اور درود ابراہیمی اکتالیس مرتبہ پڑھے اور پھر دو رکعت

پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ تکاثر تین مرتبہ۔

﴿سورۂ عصر﴾ تین ﴿۳﴾ مرتبہ ﴿سورۂ کوثر﴾ تین ﴿۳﴾ مرتبہ اور دوسری رکعت میں ﴿سورۂ فاتحہ﴾ کے بعد ﴿سورۂ قدر﴾ تین ﴿۳﴾ مرتبہ اور ﴿سورۂ زلزال﴾ تین ﴿۳﴾ مرتبہ پڑھ کر نماز مکمل کریں اور پھر ﴿آیت الکرسی﴾ اور درود ابراہیمی اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر گریہ وزاری سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رشتہ ہونے کی کوئی سبیل پردۂ غیب سے نکل آئے گی اور رشتہ ہو جائے گا۔ یہ وظیفہ سات یوم تک جاری رکھیں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

بیٹی کے رشتے کیلئے وظیفہ

اگر رشتہ میں بندش ہو یا کسی وجہ سے رشتہ نہ ہوتا ہو تو اس کے حل کے لئے ذیل کا وظیفہ کریں۔ اوّل صوم وصلوٰۃ کی پابندی کریں، بعد از نمازِ عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کریں۔ اوّل و آخر درود شریف

درود ابراہیمی گیارہ بار کے قرآن شریف میں سے ﴿سورۂ مریم﴾ ایک بار پڑھیں۔ اس وظیفے کو جب تک مقصد حاصل نہ ہو جاری رکھیں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

رشتے کیلئے سورۂ فاتحہ کا مجرب وظیفہ

اچھی طرح وضو کر کے خلوت میں دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیں پھر بیٹھ کر منہ قبلہ کی طرف کر کے اوّل درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ پھر اکتالیس بار سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ ﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾ کے آخری میم کو سورۂ فاتحہ یعنی الحمدللہ کے لام سے ملا دیں۔ ﴿الرحیم الحمدللہ﴾ اس طریقے سے اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں اور بعد میں گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ اب وظیفہ مکمل ہو گیا۔ اسی طرح اکتالیس دن تک اس وظیفے کو کریں۔ وظیفہ کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کے حضور صالحہ و نیک رشتے کے لئے دعا کریں۔ اس وظیفہ کو فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان کریں تو نہایت ہی مجرب ہے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ کسی نماز کے بعد کر لیں۔

نوٹ بچوں کے نیک رشتوں کیلئے لوح رشتہ بنوا کر استعمال کریں۔

جادو کا علاج

﴿جادو کا علاج﴾

جس شخص پر جادو کیا گیا ہو۔ اس کے علاج کے لئے یہ وظیفہ بہت مجرب ہے۔ ﴿مُعَوَّذَتَین﴾ یعنی ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ﴾ اور ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾ دونوں سورتیں پوری اور قرآن پاک کی وہ آیتیں جن میں جادو کا ذکر ہے ایک ایک کاغذ پر لکھیں اور بہتے ہوئے ﴿دریا یا ندی کا﴾ پانی ایک برتن میں لیں اس میں یہ تعویذ ڈالیں۔ جب حروف گل جائیں تو تھوڑا سا پانی اس مریض کو پلائیں اور تھوڑا سا پانی ہاتھ میں لیں اور جسم پر پھیر لیں۔

یہ وظیفہ ہفتہ کرنا چاہیے اگر چند دفعہ اس ترکیب سے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر بالکل جاتا رہے گا۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

خواب میں ڈر سے محفوظ رہنے کا وظیفہ

خواب میں ڈر سے محفوظ رہنے کیلئے یہ وظیفہ لاجواب ہے اور کئی مرتبہ کا مجرب ہے ایسا مرض بعض اوقات چھوٹے بچوں کے ساتھ ساتھ بڑوں کو بھی درپیش ہوتا ہے اور ہر وقت کچھ نہ کچھ سوچتے رہنے سے وہ روشنیاں جو اعصابی نظام بنتی ہیں منتشر ہو کر ضائع ہو جاتی ہے نتیجہ میں دماغ کا وہ حصہ جس پر شعوری تحریکات کا دارومدار ہے کمزور پڑ جاتا ہے جب یہ صورت واقع ہوتی ہے تو ڈراونے خواب زیادہ نظر آتے ہیں بعض اوقات نیند سے اچانک آنکھ کھل جاتی ہے جس وقت خواب میں ڈرتے ہیں تو حالت عجیب طرح کی ہو جاتی ہے اور بدن پر اور چہرے پر نہایت پسینہ آجاتا ہے تو ایسی صورت حال سے محفوظ رہنے کے لئے ذیل کا یہ وظیفہ نہایت مجرب ہے رات کو سوتے وقت اس وظیفہ کو اکتالیس بار پڑھ کر جسم پر دم کریں۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ. وَکَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوْتِ وَ اسْتَمْسَکْتُ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی

لَا انْفِصَامَ لَهَا وَ اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر قسم کے جادو سے نجات کیلئے

اکثر دیکھا گیا ہے کہ مکان میں خون کے چھینٹے یا مٹی یا پتھر وغیرہ ہوائی روحیں پھینکا کرتی ہیں۔ اور کبھی جادو ٹونہ وغیرہ سے آتے ہیں۔ اس کے لئے ایک انگل برابر لوہے کی کیلیں منگا کر ہر کیل پر دس دس مرتبہ آیت مندرجہ ذیل پڑھ کر دم کریں۔

آیت مبارک یہ ہے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا

دم شدہ کیلوں کو مکان کے چاروں طرف اور ہر کمرہ کے چاروں کونوں میں اور ہر دروازے کے اوپر ایک کیل گاڑ دیں، اور اصحاب

کہف کے نام لکھ کر ہر کمرہ کے دروازے پر لٹکائے۔

اسم اصحاب کہف یہ ہیں:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم﴾

﴿اِلٰهِیْ بَحُرْمَتِ یَمْلِیْخَا

مَلْسَکْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ تَبْیُوْنَسْ

اَذَرْ فَطْیُوْنَسْ کَشَافَطْیُوْنَسْ

یَوَانَسْ بُوْنَسْ وَ کَلْبُهُمْ قِطْمِیْر

دَرْ این خانه ختم جادو و

نظربد و آسیب دور شود بحق

اسماء اصحاب کهف﴾

اور سورۂ بقرہ چند بار پانی پر دم کر کے چھڑک دیں۔ پس ہر قسم کا جادو،

ٹونہ، جن، بھوت، پری، جو بھی دخل انداز ہوگا سب دور ہو جائے گا۔
مجرب است !!

ہر چیز کی حفاظت کیلیے

چوروں سے بچنے یا دیگر کسی نقصان سے بچنے کے لئے ایک کاغذ پر لکھ کر صندوق یا دیگر سامان وغیرہ میں یہ اسماء وغیرہ رکھ دیں تو ہر قسم کے نقصان سے وہ چیز اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گی۔

وہ اسماء مبارک یہ ہیں:

اَللّٰہُ حَفِیْظٌ لَطِیْفٌ قَدِیْمٌ اَذْلِیٌّ حَیٌّ قَیُّوْمٌ لَایَنَامُ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دس نام مبارک

توریت کے باب توحید کی بیسویں آیات میں لکھا ہے کہ یہ دس نام اللہ تبارک وتعالیٰ کے بہت بلند فضیلت رکھتے ہیں۔ جو شخص ان ناموں کو

بمعہ درود شریف اوّل و آخر ﴿۱۱-۱۱﴾ بار اور ان دس ناموں کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار پڑھے۔ اگر اتنا نہ ہو سکے تو ایک تسبیح ضرور پڑھے۔

﴿شَزَایُوْلِذَرْعِیْ جَوْسَا مَنُوْعًا عَالِمًا طَیُوْسُوْنًا سَلِیْخًا مَلِیْخًا مَلَقُوْمًا یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ ط﴾

ان ناموں کے پڑھنے سے تمام مخلوق کے شر وفساد بغض حسد اور ہر قسم کی اذیت مخلوق سے محفوظ رہتا ہے۔ کوئی دشمن یا کوئی بلا اس کے اوپر حملہ آور نہیں ہو سکتی، اور خصوصاً ان ناموں کے پڑھنے سے ہر قسم کی مفلسی دور ہو کر چند ماہ میں پڑھنے والا تونگر ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ان ناموں میں مثل مقناطیس کے جیسے اثر ہے۔ ہر برائی کو دور کرتا ہے اور ہر بھلائی کھینچتا ہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

جادو سے بچنے کیلئے وظیفہ

آج کل اکثر گھروں دکانوں پر یہ شکایت عام ہے کہ گھر سے تعویذ نکلتے ہیں بال نکلتے ہیں خون کے چھینٹے پڑھتے ہیں گھر میں اتفاق نہیں میاں و بیوی میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے بچوں میں چھوٹی چھوٹی بات پر ناراضگی ہو جاتی ہے بچوں کے رشتے نہیں آتے اگر آتے ہیں تو بغیر کسی وجہ کے بات بھی نہیں بنتی اولاد نافرمان ہے وغیرہ وغیرہ تو ایسی صورت حال میں گھر کی عجیب صورت ہو جاتی ہے اس مرض سے نجات کے لئے ذیل کا یہ وظیفہ بارہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بندش جادو، سحر و آسیب سے مکمل طور پر نجات حاصل ہوگی۔

یہ وظیفہ جمعہ مبارک کے دن نماز فجر کے بعد باوضو ہو کر اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھ کر گھر کے چاروں طرف دم کریں اس وظیفہ کو اکیس ﴿۲۱﴾ دن تک بغیر کسی ناغے کے کریں۔

یہ آیت سورۃ الطارق کی آخری آیت ہے:

﴿ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ﴾

كَیْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ
اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا ۝

(سورۃ الطارق ۱۵/۱۷)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خواص نام اصحاب کہف

یہ اصحاب کہف کے نام ہیں ان کو لکھ کر کذا و کذا کی جگہ مقصد لکھیں دنیا کا کوئی کام حب، بغض تسخیر، بھاگے ہوئے کو بلانا ہر قسم کی ترقی کے لئے ہر کام میں یہ نام کام آتے ہیں، یاد رکھیں ان کی تاثیر مثل ننگی تلوار کے ہے۔ کوئی کام ایسا نہیں جو ان ناموں سے نہ ہو سکے، تمام کام کیے جاتے ہیں۔ لکھ کر درخت پر باندھے۔

اصحاب کہف کے نام یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اِلٰهِیْ بَحُرْمَتِ یَمْلِیْخَا

مَلْسَکْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ

تَبْیُوْنَسْ اَذَرْ فَطْیُوْنَسْ

کَشَافَطْیُوْنَسْ یَوَانَسْ بُوْنَسْ

وَ کَلْبُھُمْ قِطْمِیْرٌ کذا و کذا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کابوس کا علاج

یہ ایک اعصابی تشنجی مرض ہے مریض نیند میں کسی بھاری شکل کو دیکھتا ہے وہ خواہ انسان کی ہو یا کوئی دوسری چیز ہو یہ خیالی شکل انسان کے اوپر پڑ جاتی ہے۔ جس سے آواز سانس اور حرکت بند ہو جاتی ہے۔ مریض کی حالت ایسی ہو جاتی ہے گویا کہ اس کا کوئی گلا گھونٹ رہا ہو جب یہ خیالی شکل زائل ہو جاتی ہے تو وہ فوراً بیدار ہو جاتا ہے۔ نیند میں وہ چیختا چلانا چاہتا ہے مگر ایسا نہیں کرسکتا۔ اگر اس مرض کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو مرض کا بڑھ جانے کا اندیشہ ہے اس لئے میں اس کا

نہایت مجرب وظیفہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کو اس مقصد میں کامیاب کرے۔ رات کو سوتے وقت اور صبح اٹھتے وقت اس وظیفہ کو گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں:

وظیفہ یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾

﴿اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿جادو کی کاٹ کیلئے﴾

اگر کسی مستند ذریعہ سے معلوم ہو جائے کہ مجھ پر کسی نے جادو کروا دیا ہے تو اوّل تو نماز باجماعت کی پابندی کریں۔ صبح وشام سورۃ الفلق و سورۃ الناس کو گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور اس وظیفہ کو چالیس ﴿۴۰﴾ دن تک کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس وظیفہ سے سفلی جادو، گندے علم اور دفن شدہ

چیزوں کی مکمل کاٹ ہو جائے گی اور چالیس دن میں مریض کو جادو کی لپیٹ سے انشاءاللہ تعالیٰ پوری طرح نجات ہوگی۔

اس کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی کریں:

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

﴿جَیۡلُوۡسَ فَیۡلُوۡسَ یَرۡمُوۡنَ جَیۡبُوۡنَ، سَلۡمُوۡسَ مَرۡطُوۡسَ مَیۡلُوۡمَانَ یَا دَرۡ سَرۡفَرُوۡد بِکَاحُوۡنَ﴾

طریقہ عمل یہ ہے:

رائی اور اجوائن تقریباً ڈھائی سو گرام ﴿۲۵۰ گرام﴾ لیں اور اس میں سے اجوائن دو سو گرام ﴿۲۰۰﴾ گرام اور رائی پچاس گرام ﴿۵۰﴾ گرام لیں ان دونوں کو ملا کر اس پر یہ مندرجہ بالا عمل اکیس ﴿۲۱﴾ بار پڑھیں اور کوئلے کی انگیٹھی میں ڈالیں اور اثراتی جگہ پر دھونی دیں۔

﴾ جادو سے محفوظ رہنے کیلئے وظیفہ ﴿

سات مختلف جگہوں کا پانی لیں یا بارش کا پانی لیں اگر زم زم مل جائے تو نور علیٰ نور ہے جب پانی کا انتظام ہو جائے تو مندرجہ ذیل وظیفہ پانی پر پڑھ کر دم کریں۔ گیارہ ﴿۱۱﴾ دن تک اس وظیفہ کو کریں اور ہر روز صبح نہار منہ مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو ہر قسم کی بیماری سحر و آسیب سے نجات حاصل ہوگی یہ وظیفہ بارہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

وظیفہ یہ ہے:

اوّل و آخر درود شریف

﴿۱۱۔۱۱﴾ بار

آیت الکرسی شریف

﴿۴۱﴾ بار

سورۃ الکافرون شریف

﴿۱۱﴾ بار

سورۃ الاخلاص شریف

﴿۱۱﴾ بار

سورۃ الفلق شریف

﴿۱۱﴾ بار

سورۃ الناس شریف

﴿۱۱﴾ بار

سورۃ الفاتحہ شریف

﴿۴۱﴾ بار

یہ تمام وظائف پڑھ کر دم کریں۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

مجرب اعمال

بخار کا علاج

بخار اگر گرمی سے آیا ہو تو یہ آیت شریف:

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ

ایک پیپل کے پتے پر لکھ کر چٹانا یا گلاب کے عرق سے دھو کر پلانا مفید ہے۔

اور اگر بخار سردی سے آتا ہو تو اس عمل کو پاک صاف ہو کر سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کے بخار والے شخص کے گلے میں ڈالیں اور ہر روز اکتالیس بار پڑھ کر بخار والے شخص پر دم کریں۔ انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَا اِلٰهَ اَنْتَ الشَّافِیْ اَنْتَ الْکَافِیْ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کلمہ توحید کی فضلیت

بہترین ہتھیاروں میں سے جو شیطان سے جنگ کرنے میں انسان کی مدد کرے وہ کلمہ توحید ہے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

کلمہ ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ﴾ میرا قلعہ ہے۔

اور فرمایا:

جب بندہ کلمہ توحید کہتا ہے اور امر ونواہی کو بجالاتا ہے تو شیطان اس کی طرف پوشیدہ نظر کرتا ہے اور جب اس کو اس حال میں دیکھتا ہے تو اس سے دور رہتا ہے۔اس لئے کلمہ مبارک کو کثرت سے پڑھنا چاہئے اور ایمان کی زیادتی کیلئے کلمے کا ورد کرنا نہایت ہی مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اسم اعظم

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ وہ اسم جس کے پڑھنے سے دعا قبول ہوتی ہے اور اس کے وسیلے سے مراد حاصل ہوتی ہے۔ وہ اسم مبارک یہ ہے

یَا ذُوْالْجَلَالِ وَ الْاِ کْرَامْ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہر حاجت کیلئے وظائف

جو شخص ان وظائف کو کرے گا اس کا مقصد پورا ہوگا، مراد برآئیگی۔

وظائف کا طریقہ:

پہلے تو صوم الصلوٰۃ کی پابندی کریں جھوٹ اور غیبت سے محفوظ

رہیں اور ان اعمال کو ان کی تعداد کے مطابق وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اول وآخر درود شریف گیارہ بار کے ہر روز تلاوت کریں۔

ہفتہ کے دن	يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ	ایک ہزار مرتبہ پڑھے
اتوار کے دن	يَا مُفَتِّحَ الْأَبْوَابِ	ایک ہزار مرتبہ پڑھے
پیر کے دن	يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ	ایک ہزار مرتبہ پڑھے
منگل کے دن	يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ	ایک ہزار مرتبہ پڑھے
بدھ کے دن	يَا بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضِ	ایک ہزار مرتبہ پڑھے

جمعرات کے دن	لَامَلْجَأَ وَلَامَنْجَأَ مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ	ایک ہزار مرتبہ پڑھے
جمعہ کے دن	لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ	ایک ہزار مرتبہ پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ کی فضلیت

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ) کے معنی پناہ ڈھونڈنا اور طلب خاص کرنا اور رجوع لانا ہے۔

چار چیزوں سے پناہ حاصل ہوتی ہے۔

ایک ان میں سے دین کی مضبوطی ہے۔

دوسرے شیطان کے فتنہ وفساد سے محفوظ رہنا ہے۔

تیسرے ایک مضبوط قلعہ میں پناہ ملتا ہے
چوتھے اس مقام پر پہنچ جانا جہاں ہمیشہ امن ہے۔ اور پیغمبروں صدیقوں، شہیدوں اور نیکو کاروں کی مصاحبت۔قرآن پاک میں مذکور ہے کہ جب شیطان نے کہا کہ میں دائیں اور بائیں طرف سے تیرے بندوں کو بہکاؤں گا۔اللہ جل شانہ نے اس کو جواب دیا کہ میں اپنے بندوں کو (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ) پڑھنے کا حکم دوں گا اور جب وہ (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ) پڑھیں گے تو ان کو تیرے شر سے بچاؤں گا اور دائیں طرف سے ان کی حفاظت اپنی ہدایت سے اور بائیں طرف اپنی رفاقت اور عنایت سے اور عقب ان کی نگہبانی سے، سامنا ان کا نصرت سے محفوظ رکھوں گا۔تو تیرا وسوسہ ان کو کچھ ضرر نہ پہنچائے گا۔

دیگر وظیفہ:
غصے کی حالت میں (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ) کو پڑھنا نہایت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سفر بخیر و عافیت طے ہونے کیلئے

حضرت علی کرم اللہ وجہ نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا سفر

آرام اور سلامتی کے ساتھ طے ہو تو اس کو چاہیے کہ بوقت روانگی سورۂ فاتحہ تین مرتبہ پڑھے۔

دیگر:

بزرگان دین کا مجرب وظیفہ ہے کہ جو کوئی صبح و شام گیارہ گیارہ بار آیۃ الکرسی کو پڑھے گا وہ ہر قسم کے خطرے سے محفوظ رہے گا۔

دیگر: اگر کوئی شخص اپنے گھر سے روانہ ہونے سے قبل یہ آیت پڑھے گا تو وہ اپنے گھر ضرور واپس آئے گا اور اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہوگا۔

وہ آیت یہ ہے:

﴿اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مطلب براری کیلئے وظیفہ

جو شخص بعد نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اول و

آخر درود شریف گیارہ بار اور اس وظیفہ کو گیارہ سو بار پڑھے گا اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اکیس دن تک

وظیفہ:

﴿یَا مُسْتَطِیْعُ﴾ یہ وظیفہ تسخیر کے لیے بھی مفید ہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿وظیفہ برائے رہائی قیدی﴾

اگر کوئی شخص ناحق قید ہو یا کسی نے ناحق مقدمہ درج کروایا ہو تو اس وظیفہ کو بعد از نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اول وآخر درود شریف گیارہ بار کے بارہ سو بار یہ وظیفہ پڑھے اور پڑھتے وقت قیدی کی رہائی کا مکمل تصور رکھے انشاء اللہ جلد از جلد قیدی کی رہائی کا بندوبست ہو جائے گا۔

وظیفہ یہ ہے۔

﴿اَللّٰھُمَّ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

حاجت براری کیلئے وظیفہ

سورہ فاتحہ کو اکتالیس مرتبہ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان پڑھنا مفید ہے۔ بیمار کی صحت کے لئے اور غائب شخص کے واپس آنے کے لئے بھی یہ وظیفہ مفید ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے سورہ فاتحہ کی فضلیت پر زور دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ اگر سورۂ فاتحہ کو چالیس مرتبہ پانی کے پیالے پر پڑھ کر جس کو تپ کا عارضہ ہو اس کے منہ پر چھینٹا مارے تو اس مریض کو شفا ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

برائے حاجت

حضرت قاضی عبدالرحیم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی کو کوئی حاجت ہو یا کوئی مشکل درپیش ہو تو اس کو چاہیے کہ ﴿اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ﴾ پوری سورت بکثرت صبح اور شام پڑھے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

آیت کریمہ کا وظیفہ

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس طرح فرمایا ہے کہ ''جو وظیفہ کہ حصول مطلب میں جلالی ہو یا جمالی حکم میں کبریت احمر کے ہے اور اس کو اسم اعظم شمار کیا ہے، وہ یہ آیت ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

یہ دعا حضرت یونس علیہ السلام کی ہے کہ انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں کی تھی۔ جس مقصد اور جس مطلب کے واسطے اس آیت شریفہ سے دعا کی جائے وہ قبول ہوگی، مشائخ کا اس کی سرعت تاثیر پر اجماع اور اتفاق ہے۔

اس دعا کے پڑھنے کے کئی طریقے ہیں:

ایک تو یہ کہ بارہ دن تک خلوص کے ساتھ اور بہ نیت حصول مطلب اس دعا کو بارہ ہزار بار پڑھے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو پھر بارہ سو بار پڑھے۔ اول و آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حاجت کیلئے وظیفہ

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس دعا کو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھے۔ ایک اور طریقہ اس دعا کے پڑھنے کا یہ ہے کہ سوالاکھ باریعنی ایک لاکھ پچیس ہزار بار اجتماعی طور پر پڑھے، اور ایک ہی مجلس میں پڑھے۔

انفرادی طور پر بھی اس دعا کو پڑھا جاسکتا ہے۔

جو اس دعا کو پڑھنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ پاک وصاف ہو کر خوشبو لگا کر ایک تاریک مکان میں بیٹھے۔ وہ جگہ ایسی ہو جہاں لوگوں کی آمد ورفت نہ ہو اور شور وغل نہ ہو۔ جہاں یکسوئی حاصل ہو۔ تاریک مکان میں قبلہ رو بیٹھ کر اس آیت کو تین سو مرتبہ پڑھے۔ نماز عشاء کے بعد پڑھنا شروع کرے۔ ایک پیالہ پانی کا بھر کر اپنے پاس رکھے۔ پیالہ پاک وصاف ہو۔ مٹی کا کورا پیالہ بھی رکھا جاسکتا ہے۔

تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اس پیالہ کے پانی میں اپنا ہاتھ ڈالے اور اپنے منہ اور بدن پر ملتا رہے۔ یہ وظیفہ تین روز یا سات روز یا چالیس روز اسی ترکیب سے کرے۔ انشاء اللہ رنج وغم والم دور ہوں گے۔ دعا قبول ہوگی، مقصد حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بیماری سے شفا پانے کیلئے

ایک پاک وصاف چینی کے برتن پر یہ لکھے:

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ بَقَآئِهٖ يَا حَيُّ

اس کو پانی سے دھوئے اور چالیس دن تک بیمار کو پلائے تو جادو کا اثر دور ہوگا اور مرض چاہے کیسا ہی مہلک ہو اچھا ہوگا۔ مریض شفا پائیگا۔

نوٹ:

برتن پر ہر روز لکھے اور ہر روز پیئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

برائے حاجت مجرب وظیفہ

عبداللہ بن بریدؓ نے اپنے والد سے یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ دس کلمات صبح کی نماز کے بعد ہمیشہ پڑھا کرے گا تو اس شخص کی دس حاجتیں پوری ہوں گی۔

پانچ حاجات دنیا کی اور پانچ حاجات آخرت کی۔ اس شخص کو خداوند تعالےٰ کی خوشنودی اور رضامندی حاصل ہو گی۔

وہ دس کلمات یہ ہیں جس کا ورد رکھنے سے حاجتیں پوری ہوں گی۔ مشکلات حل ہوں گی۔ مرادیں پوری ہوں گی۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدِیْنِیْ

حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَآاَھَمَّنِیْ

حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ

حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ حَسَدَنِیْ

حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ کَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ

حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَوْتِ

حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَسْاَلَۃِ فِیْ الْقَبْرِ

حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمِیْزَانْ
حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الصِّرَاطْ
حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ
تَوَکَّلْتُ وَ اِلَیْہِ اُنِیْبَ

ایک دوسری روایت ہے جو عبداللہ بن عمرو بن عاص رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ہے۔ یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْل

تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام پڑھے گا وہ ہمیشہ امن میں رہے گا اور اس کی جملہ مہمات کفایت ہوں گئیں۔

بری عادت سے بچنے کیلئے وظیفہ

اگر کسی کا شوہر بھائی بہن، اولاد یا کوئی عزیز و اقارب کسی بری عادت میں مبتلا ہو گیا ہو مثلاً شراب، زنا، چوری، جوا وغیرہ وغیرہ تو اس شخص کیلئے ذیل کا وظیفہ نہایت پر تاثیر ہے اور ہرگز ہرگز خطا نہیں جاتا

یہ وظیفہ کرنے سے انشاء اللہ مریض جلد از جلد اپنے گناہوں سے توبہ کر لیتا ہے اس وظیفہ کو کرنے والا شخص نمازی پرہیزگار ہونا چاہئے وظیفہ کو باوضو صوم وصلوۃ کی پابندی کے ساتھ کریں وظیفہ کا طریقہ دن میں کوئی سا وقت مقررہ کر کے اوّل دو رکعت نماز حاجت پڑھیں پھر اوّل و آخر درود شریف ابراہیمی ﴿۱۱-۱۱﴾ بار کے اس وظیفہ کو پانی پر یا دودھ پر پانچ سو بار پڑھکر دم کریں اور مطلوبہ شخص کو پلائیں اور پڑھتے وقت مطلوبہ شخص کا مکمل تصور رکھیں اور اس پر دم بھی کریں جب تک مقصد حاصل نہ ہو اس وظیفہ قرآنی کو جاری رکھیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

وظیفہ یہ ہے:

﴿وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ﴾

ترجمہ: اور ان دونوں کو ہم نے سیدھے راستے کی ہدایت دی۔

﴿پارہ نمبر ۲۳، سورۃ الصّٰفّٰت، آیت نمبر ۱۱۸﴾

﴿تنگی رزق کیلئے وظیفہ﴾

حضرت مولانا شاہ عبدالغنی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت

حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار کے اس آیات کو ﴿۷۰﴾ ستر بار صبح کی نماز کے بعد پڑھے گا انشاء اللہ اس کو رزق کی تنگی نہ ہوگی یہ وظیفہ مجرب و آزمودہ ہے اس وظیفہ کو ہمیشہ جاری رکھیں۔

﴿اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ﴾

﴿سورۃ الشوری:۱۸﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿تسخیر خلائق کیلئے وظیفہ﴾

یہ وظیفہ تسخیر خلائق کے لئے بہت مجرب ہے صوم وصلوٰۃ کی پابندی کر کے نوچندی جمعرات سے بعد نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کرے۔ اور اوّل و آخر کوئی سا بھی درود شریف پڑھے اور چالیس روز ﴿۴۰﴾ تک اس وظیفہ کو کریں چالیس روز پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعد زکوٰۃ ہر روز سو ﴿۱۰۰﴾ بار اپنے ورد میں رکھے انشاء

اللہ تعالیٰ بے حد تسخیر ہوگی مخلوق کا ہجوم رہے گا ناجائز فائدہ نہ اٹھائے۔

وظیفہ یہ ہے:

﴿يَا جَامِعُ يَا وَدُوْدُ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ جَمِيْعَ الْمَخْلُوْقَاتِ الْعَلْوِيَّاتِ وَ السِّفْلِيَاتِ وَ الرُّوْحَانِيَّاتِ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ مَعَ الْفُتُوْحَاتِ سَامِعًا مُّطِيْعًا بَحَقِّ يَا جَامِعُ يَا وَدُوْدُ﴾

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿رزق کیلئے وظیفہ﴾

فجر کی نماز کے بعد ﴿سورۃ والضحٰی﴾ گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں اس

طرح کہ جب آپ اس آیت پر آئیں ﴿وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ﴾ تو اس آیت کو تین بار پڑھیں اس طرح ﴿۳۳﴾ بار اس سورت مبارک کو پڑھیں۔ بعد میں ﴿یَاغَنِیُّ﴾ کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار اور ﴿یَامُغْنِیُّ﴾ کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار پڑھیں اوّل و آخر دورد شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھیں۔

یہ وظیفہ ظاہری و باطنی غنا اور کشائش رزق کے لئے بہت مؤثر اور کارگر ہے۔ اس وظیفہ کو اگر نماز چاشت کے وقت کیا جائے تو نہایت مؤثر ثابت ہوگا۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿یَاوَهَّابُ کا وظیفہ﴾

یہ وظیفہ دہلی کے ایک بزرگ نے اپنی بیاض میں لکھا ہے جس کی عبارت عمل یہ ہے:

﴿یَارَبِّ جِبْرَائِیلَ بِحَقِّ یَاوَهَّابُ﴾

ترجمہ:

﴿اے جبرائیل کے رب اپنے اسم وہّاب کے وسیلہ سے میری دعا قبول فرما﴾

دہلی کے بزرگ نے ہر بدھ کو بعد نماز ظہر غسل کر کے ایک ہزار بار وسعت رزق کیلئے پڑھنے کو بتایا ہے لیکن بعض عاملین نے اس کی زکوٰۃ کچھ اس طرح فرمائی ہے کہ سوالاکھ ﴿۱۲۵۰۰۰﴾ بار چالیس ﴿۴۰﴾ روز میں بطورِ زکوٰۃ ادا کی جائے۔ چلہ اوّل میں وظیفہ کرنے والا مالدار اور دولتمند ہو جاتا ہے۔ دوسرے چلے میں امیر وکبیر ہو جاتا ہے اور تیسرے چلے میں انشاء اللہ تعالیٰ اسی طرح بڑھتا جاتا ہے اس طرح اس کے چار چلے کیئے جائیں گے۔ اگر یہ وظیفہ باپرہیز کیا جائے تو سونے پر سہاگہ ہے شریعت کے مطابق حرام اور مشکوک چیز سے اجتناب کرے۔ روزانہ خلوت میں تین ہزار ایک سو پچیس ﴿۳۱۲۵﴾ بار اوّل و آخر درود شریف سو ﴿۱۰۰﴾ بار کے پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روپے پیسے کی فراوانی ہو گی مجرب است۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

وسعت رزق کیلئے وظیفہ

بعد از نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱-۱۱﴾ بار ابراہیمی اکیلے بیٹھ کر اسم ﴿یا وَهَّابُ﴾ اکیس سو ﴿۲۱۰۰﴾ بار اور اس دعا مبارک کو ایک سو ﴿۱۰۰﴾ بار پڑھیں:

﴿يَاوَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ﴾

اس وظیفہ کو اکتالیس ﴿۴۱﴾ دن تک جاری رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور خوشیاں ہوں گی۔ اس وظیفہ کو بعض بزرگوں نے کیمیائی درویشاں فرمایا ہے بہت مجرب ہے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

ظالم دشمن سے نجات کیلئے وظیفہ

دن کے وقت کوئی سا وقت مقررہ کر کے سورۃ القریش ﴿لِاِيْلٰفِ

قُرَیْش ﴿ اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار پڑھ کر اپنی شہادت کی انگلی پر دم کر کے اور اپنے ظالم دشمن کا تصور کر کے انگلی شہادت اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کریں اس طرح اس وظیفہ کو سات ﴿۷﴾ بار کریں اگلے دن پھر اس وقت اس وظیفہ کو اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار کریں۔ اس طرح جب تک مقصد حاصل نہ ہو اس وظیفہ کو کرتے رہیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل ہوگی۔

نوٹ:

ناجائز نہ کریں۔

﴿نیند میں بڑبڑانے اور ڈرنے کا علاج﴾

اسماء الٰہیہ میں سے یہ چودہ اسم مبارک رات کو گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھ کر سویا کریں یا ایک بار سفید کاغذ پر اچھی و پاک سیاہی سے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نیند میں بڑبڑانے اور ڈرنے سے محفوظ رہیں گے۔

اسماء مبارک یہ ہیں:

﴿اَلْغَفَّارُ، اَلْوَهَّابُ، اَلْقَهَّارُ،

اَلْفَتَّاحُ، اَلْقُدُّوْسُ، اَلرَّحْمٰنُ،
اَلرَّحِیْمُ، اَلشَّهِیْدُ، اَلصَّمَدُ،
اَلْمَلِكُ، اَلْعَظِیْمُ، اَلْكَرِیْمُ،
اَلْبَدِیْعُ ﴿

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿ جادو اور بیماری کا مسنون و مجرب عمل ﴾

یہ ایک مسنون عمل ہے اور خود تاجدار مدینہ سرور قلب و سینہ سرکارِ عالمیان کا ارشاد مبارک کا مفہوم کچھ یوں ہے:

﴿ جو کوئی صبح عجوہ کھجور کے سات دانے کھائے گا۔ اسے اس دن جادو اور زہر نقصان نہیں پہنچا سکے گا ﴾

﴿ البخاری ﴾

پس پورے یقین کے ساتھ اس علاج نبوی پر عمل کرنا چاہیے عجوہ کھجور مدینہ منورہ میں ملتی ہے، حجاج کرام وہاں سے لے کر آتے ہیں۔

سعودی عرب جانے والوں سے غیر ملکی مصنوعات کی فرمائش کرنے کی
بجائے اس طرح کی متبرک اشیاء منگوانی چاہئیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو
اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین!!

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿دُشمنوں سے حفاظت کیلئے وظیفہ﴾

اگر آپ کا کوئی دشمن ہو اور ناجائز تنگ کرتا ہو اور طرح طرح کے
الزام لگاتا ہو اور بلاوجہ عام لوگوں کو آپ کے خلاف بھڑکاتا ہو ناجائز
مقدمہ کیا ہو وغیرہ وغیرہ تو اس کام سے محفوظ رہنے کے لئے اور اپنے
دشمن کی شرارتوں کو بند کرنے کے لئے یہ وظیفہ نہایت مفید ہے اور بارہا
مرتبہ کا آزمودہ ہے وظیفہ کا طریقہ صوم صلوۃ کی پابندی کریں ناجائز یہ
عمل کسی پر نہ کریں وقت اور جگہ کی پابندی کریں رخ قبلہ کی طرف کر
کے اوّل وآخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار کے اس وظیفہ کو فجر کی نماز کے
بعد ﴿۷۰۰﴾ بار پڑھیں اور پڑھتے وقت دشمن کا مکمل تصور رکھیں اس
وظیفہ کو بغیر کسی ناغہ کے اکیس دن تک جاری رکھیں انشاء اللہ اکیس دن
کے اندر آپ کو دشمن سے نجات حاصل ہوگی۔

وظیفہ یہ ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ﴾

دیگر عمل:

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

اس نقش کو ہفتہ کے دن پہلی ساعت زحل میں ایک سفید کاغذ پر پاک سیاہی سے لکھ کر چمڑے میں بند کر کے پاس رکھے۔ دشمنوں کی شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔ یا لوح زحل بنوا کر پاس رکھے۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿جائیداد پر ناجائز قبضہ ختم کرنے کیلئے﴾

اگر کسی شخص کے گھر، دکان، پلاٹ، پلازہ، یا اور کسی چیز پر ظالموں

وبدکردار لوگوں نے ناجائز قبضہ کرلیا ہو تو اس امر سے نجات کے لئے اس وظیفہ کو کریں۔ اکثر مشاہدہ میں یہ بات آئی ہے کہ والدین بالخصوص والد کے انتقال کر جانے کے بعد معصوم بچوں کو سخت پریشانی ہوتی ہے۔ ان لوگوں کے لئے یہ وظیفہ نہایت پر اثر ہے۔

وظیفہ کرنے کا طریقہ:

وظیفہ کرنے والا صوم وصلوٰۃ کا پابند ہو بعد از نماز عشاء اچھا اور سفید لباس پہنیں اور کپڑوں اور جسم پر جو خوشبو ﴿جو کہ الکوحل سے پاک ہو﴾ میسر ہو لگائے۔ اوّل دو رکعت نماز حاجت اس طرح پڑھیں:

پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿سورۂ لہب﴾ پڑھیں۔

دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿سورۂ اخلاص﴾ پڑھیں۔

پھر رخ قبلہ کی طرف کر کے اکیس ﴿۲۱﴾ بار درود شریف درودِ ابراہیمی پڑھیں بعد میں مطلوبہ شخص کا ﴿یعنی جن لوگوں نے قبضہ کیا ہو﴾ ان کا مکمل تصور کریں اور اس عملِ ذیل کو گیارہ سو ﴿۱۱۰۰﴾ بار پڑھیں اور ظالموں کے اوپر تصور کرتے ہوئے دم کریں۔ پھر اکیس ﴿۲۱﴾ بار درود شریف درودِ ابراہیمی پڑھیں اور وظیفہ کو ختم کر دیں اور

اللہ تعالیٰ کے حضور رو رو کر گڑ گڑا کر اپنی حاجت کی دعا کریں۔

اسی طرح جب تک مقصد حاصل نہ ہو تو اس وظیفہ کو جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ اپنے جائز مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے اس وظیفہ کی کامیابی کی تصدیق کافی جگہوں سے معلوم ہوئی ہے اور یہ وظیفہ بھی عام وظیفہ نہیں ہے جید علماء اکرام اور بزرگانِ دین سے ثابت ہے اللہ تعالیٰ ہر مظلوم کو ظالم سے نجات دلائے۔ آمین بجاہ النبی الامین!!

وظیفہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ یَا رَفِیْقُ یَاشَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ كُلِّ شِدَّةٍ وَّ ضِیْقٍ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿استخارہ کا عمل﴾

اگر آپ کو کوئی مسئلہ درپیش ہو یا کسی بات کے بارے میں معلوم کرنا ہو تو یہ عمل کریں بعد نماز عشاء باوضو ہو کر رُخ قبلہ کی طرف کر کے اوّل و آخر درود شریف ابراہیمی ﴿۱۱-۱۱﴾ بار پڑھ کے اس عمل کو ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں پڑھتے وقت اپنے مقصد کو خیال میں رکھیں بدھ، جمعرات، جمعہ تین دن یہ عمل کریں انشاء اللہ خواب میں آپکو اپنے مقصد کا حل مل جائے گا۔

عمل یہ ہے:

﴿يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ يَا خَبِيْرُ أَخْبِرْنِيْ يَا رَشِيْدُ أَرْشِدْنِيْ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہو﴾

میاں و بیوی کا اگر جھگڑا رہتا ہو تو اس عمل کو کریں انشاء اللہ نفرت ختم ہو

کر محبت میں بدل جائے گی یہ عمل آپ بہن بھائی کے اتفاق کے لئے
بھی کر سکتے ہیں دو دوستوں کے لئے دو خاندانوں کے لئے بھی سریع
الاثر ہے انشاء اللہ آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے بوقت نماز
فجر وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اوّل و آخر درود شریف
﴿۱۱-۱۱﴾ بار اور اس عمل کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار پڑھیں اور تصور میں
لا کر دونوں پر دم کریں اسی طرح اس عمل کو اکیس دن تک کریں انشاء
اللہ اکیس دن کے اندر نفرت ختم ہو جائے گی۔
عمل یہ ہے:

﴿یَا لَطِیفُ یَا وَدُوْدُ﴾

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

﴿نافرمان اولاد کیلئے وظیفہ﴾

نافرمان اولاد کی شکایت بھی کافی جگہ سے معلوم ہوتی ہیں اگر کسی شخص کی اولاد نافرمان ہو تو اسکو چاہئے کہ فرض نماز کے مسنون وظائف کے بعد گیارہ ﴿۱۱﴾ بار بچوں کا مکمل تصور کریں یہ کہ وہ آپ کی ہر جائز بات مانے اور بغیر کسی وجہ کے ماں باپ کو تنگ نہ کریں یہ

تصور کر کے گیارہ ﴿۱۱﴾ بار سورت قدر ﴿سپارہ تیس﴾ ﴿۳۰﴾ کو پڑھ کر دم کریں اس وظیفے کو تقریباً ایک ماہ تک جاری رکھیں انشاء اللہ بچوں میں پیار محبت بھی ہوگا اور نافرمانی کی شکایت بھی دور ہوگی۔

﴿☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆﴾

شرفِ ستارگان کی الواح

اپنے نام یا ستارے کے مطابق لوح بنوا کر
کامیاب زندگی بسر کریں!

۳۰ کو
انشاء اللہ
ہوگی۔

لوح شرف مشتری

مالی خوش بختی۔ حصول دولت آمدنی کے مختلف ذرائع کاروبار میں ترقی و [illegible] میں فائدہ۔ مستقبل کی بہتری کیریئر اور ترقی کے استحکام کیلئے لوح مشتری بنوا کر پاس رکھیں گے۔

لوح شرف زحل

کاموں میں رکاوٹ، جائیداد کے تنازعات پرانے امراض عصبی امراض [illegible] جادو و آسیب سے نجات، دشمن سے حفاظت کیلئے بنوا کر پاس رکھیں گے۔

لوح شرف سبع ستارگان

سات ستاروں کی یکجا لوح خیر و برکت مالی حالت کی تسخیر خلق مرد و عورتوں کے پرانے امراض شادی میں تاخیر اور رکاوٹ علمی ترقی۔ تعلیم میں کامیابی، گھریلو پریشانیوں سے نجات اور ہر کام کیلئے لوح سبع ستارگان بنوا کر پاس رکھیں گے۔

لوح رشتہ

بچوں کی شادی میں تاخیر، شادی نہ ہوتی ہو یا ہو کر ٹوٹ جاتی ہو تو بچوں میں پیار و محبت کیلئے اور جلد نیک رشتہ کے اسباب کیلئے لوح صالح رشتہ بنوا کر پاس رکھیں گے۔

لوح شرف مریخ

دل کی گھبراہٹ، ڈپریشن مردانہ امراض خواتین کے امراض، خون کی کمی آسیب سے نجات افسران بالا کی توجہ اور رجوع خلق کیلئے لوح مریخ بنوا کر پاس رکھیں۔

لوح شفاء

نظر بد و جادو۔ مرگی اور درد سر اور ڈراؤنے خواب و آسیب و سایہ سے نجات کیلئے اور ہر امراض میں بہتری کیلئے لوح شفاء بنوا کر پاس رکھیں۔

لوح عطارد

علمی ترقی حافظے میں اضافہ تعلیم میں کامیابی یاداشت اور باغبانی کیلئے اور روحانی علوم اور ٹرانسپورٹ تجارت اور کمیونیکیشن سے منسلک افراد کیلئے بنوا کر پاس رکھیں۔

رابطہ کے لئے مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت اور ٹیلی فون کریں۔

سیّد ذیشان نظامی عفی عنہ
نزد انکم ٹیکس آفس
نظامی ہاؤس سول لائن جہلم
0300-5421086
0544-623643

سید ذیشان نظامی

کی دیگر تصانیف

قرآنی مستجاب دعائیں	درود مستغاث (مترجم)
دنیا و آخرت کی بھلائی کی دعائیں	قصیدہ بردہ شریف (مترجم)
روحانی عملیات وظائف	نظامی کشکول عملیات
راہ جنت واوقات والصلوٰۃ	شرح اسماء الحسنیٰ
پیارے نبی ﷺ کی پیاری دُعائیں	مسنون اذکار
جادو کا علاج	سنی جنتری 2011ء
علم الاعداد کا اِنسائیکلوپیڈیا	برجوں کا اِنسائیکلوپیڈیا
اسلامی ناموں کا اِنسائیکلوپیڈیا	اقوال زریں کا اِنسائیکلوپیڈیا

ناشران:

بک کارنر شوروم بالمقابل اقبال لائبریری بک سٹریٹ جہلم پاکستان

فون: 0544-614977، موبائل: 0323-5777931

خوبصورت اور معیاری کتابیں
مستجاب دعائیں
اوقات الصلوٰۃ
فاطمۃ الزہراء

Rs. 250.00